امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجمُ الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المُعجمُ الاوسط

جلد اوّل

تالیف: الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمانؒ بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و نظریات۔۔۔

بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان کے رد۔۔۔

اہلسنت پر کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل

کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے

تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

طالب دعا زوہیب حسن عطاری

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الأوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

جلد اوّل

المُعجمُ الاَوسطُ

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

المعجم الأوسط

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ٣٦٠ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	اگست 2015ء
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	-/1100
ناشر	چوہدری غلام رسول ۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	=/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ٥ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

كتاب الوضوء

كتاب الطهارة

كتاب الحيض والنفاس

كتاب الصلوة

كتاب صلٰوة الفطر والاضحٰى

كتاب الجنائز

كتاب فضائل القرآن

كتاب التفسير

کتاب الجہاد

كتاب المريض

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

کتاب فضائل الصحابة

كتاب مناقب الامة

کتاب المواریث

کتاب الزکوٰة والصدقة

کتاب الذکر

كتاب الموت

كتاب علامات الساعة والفتن

کتاب البر

کتاب اللباس

کتاب الحدود

کتاب الطلاق

کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو حضور ﷺ کے والدین طیبین طاہرین جناب سیّدنا ومولانا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ طیبہ طاہرہ عفیفہ مخدومۂ کائنات حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا اور مولا مشکل کشا شہنشاہِ ولایت کی والدہ ماجدہ سیّدہ طیبہ طاہرہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے نامِ نامی سے منسوب کرتا ہوں، جن کی خاص توجہ ومہربانی سے احقر العباد اس قابل ہوا۔

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے والد ماجد محترم المقام اللہ رکھا اور اپنی والدہ ماجدہ اور اپنے برادرِ اکبر محترم المقام حافظ عبدالمجید صاحب کے نامِ نامی سے ہدیہ کرتا ہوں' جن کی شفقت اور دعاؤں سے احقر کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل کے فضل اور رسولِ پاک ﷺ کے فضل و کرم اور والدین کی دعاؤں کے صدقے سے ادارہ پروگریسو بکس نے بہت تھوڑے عرصہ میں کتب احادیث کے کئی تراجم منظر عام پر لائے ہیں۔ اُن میں سے مسند حمیدی، صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن حبان، مؤطا امام مالک، مؤطا امام محمد، شرح مسند امام اعظم کے تراجم آچکے ہیں، جن کو ہر قاری نے بڑا پسند کیا ہے۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اب امام طبرانی کی انتہائی مشہور کتاب ''المعجم الأوسط'' کا ترجمہ کروایا ہے۔ اس کتاب کے ترجمہ کے لیے ہم نے عالم اسلام کی عظیم دینی و روحانی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ، بلال گنج کے مدرس محترم المقام علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی کی خدمات حاصل کی ہیں، جنہوں نے بڑی محنت اور سرعت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے، اللہ عزوجل مولانا کے علم میں مزید برکت دے اور مزید دودین کی خدمت کی توفیق دے۔

ماشاء اللہ! مولانا کی ایک کتاب جو اپنے موضوع پر بے مثال ہے: ''دورِ صحابہ کے زمانہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں'' جو کہ علامہ ظفر الدین بہاری کی کتاب ہے، ادارہ نے اس کی تخریج کروا کے اور کچھ اضافہ کر کے شائع کیا ہے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الاوسط کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں خیال یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کرسکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرّم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت

حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیّد الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةِ وعلی آلِهِ الْمُجتبیٰ وَعلیٰ اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ ۔

بعض لوگ طبعًا بہت سادہ مزاج ہوتے ہیں مگر خالق کائنات عزاسمہٗ نے انہیں فطرتِ سلیمہ سے نوازا ہوتا ہے اوران سلیم الفطرت لوگوں میں سے بعض کو علم دین کی نعمت عظمٰی عطا کردی جاتی ہے' چنانچہ ارشادِ نبوی ہے: ''مَنْ یُّرِدُ بِهِ اللّٰهُ خَیْرًا یُفَقِّهُ فِی الدِّیْنِ '' کہ اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین میں فقاہت فرمادیتا ہے اور بعض سلیم الفطرت لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے قلبِ سلیم میں دینِ اسلام کی تبلیغ کی لگن' جذبہ اور شوق پیدا فرمادیتا ہے' پھر وہ اسی شوق اور لگن میں مگن ہوکر دنیا اور مافیہا سے بے نیاز ہوکر شب وروز علمِ دین کی تبلیغ میں ایسے منہمک ہوجاتے ہیں کہ نہ اپنوں کی بے حسی ان کے آڑے آتی ہے اور نہ ہی بیگانوں کا بیگان پن' نہ انہیں داد وتحسین کی کوئی چاہت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی ناقد کی تنقید کی پراہ' ہر حال میں وہ تبلیغ دین کے لیے کمربستہ رہتے ہیں اور ان کا قلم تبلیغ دین کے لیے رواں دواں رہتا ہے۔ انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر صاحب بھی ہیں جو قدیمی مشہور دینی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج اور جامعہ رسولیہ سگیاں دونوں مدارس میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے ہیں' علاوہ ازیں اپنے علاقے کی ایک مرکزی جامع مسجد کے امام اور خطیب بھی ہیں۔ منع کرنے کے باوجود میرے گھر کے چھوٹے موٹے کام سعادت سمجھ کر کرتے ہیں' گاہے بگاہے چھوٹے عزیز محمد عمیر احمد خاں کو سکول چھوڑنے کے لیے لے جاتے' علاوہ ازیں شرح ترمذی جس کا کام نہایت سست روی سے ہورہا ہے اس کے لیے حوالہ جات اور کتب بھی مہیا کرتے ہیں' شرح ترمذی کا کام نہایت ہی سست روی سے کیوں ہورہا ہے اس کا ذکر نہ کرنا ہی مناسب تر ہے مگر حقیقتِ حال سے آگاہ کرنا بھی ضروری ہے جسے صرف اس ایک شعر میں عرض کردیا جائے تو بہتر ہے:

صبتُ علیّ مصائب ۔۔۔ لو صبت علی الایام صرن لیالیا

فالی اللّٰہ المشتکی ۔۔۔ الحمد للّٰہ علی ذلك

علاوہ ازیں گوناگوں مصروفیات کے باوجود بتوفیق خالقِ کائنات جل جلالہٗ وعزاسمہ بوسیلہ باعثِ تخلیقِ کائنات ورحمت

کائناتﷺ متعدد کتب کے مؤلف بھی ہیں اور کچھ کتب کی تخریج بھی کر چکے ہیں اور متعدد بڑی بڑی ضخیم کتب احادیث کے تراجم کرنے کا شرف بھی حاصل کر چکے ہیں جن میں ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ تین جلدوں میں اور المعجم الصغیر کا ترجمہ زیورِ طباعت سے مزین ہوکر منظر عام پر آ کر عوام وخواص میں قبولیتِ عامہ اور شرفِ پذیرائی حاصل کر چکے ہیں اور یہ دونوں کتابیں میرے مطالعہ میں بھی رہتی ہیں۔ اب ماشاء اللہ بہت جلد المعجم الاوسط کا ترجمہ کی پہلی دو جلدیں چھپ کر منظر عام پر آنے والی ہیں' آپ کی یہ کاوشیں' یہ جذبہ اور شوق قابلِ صد تحسین ہیں اور اصاغر واکابر سب کے لیے قابلِ رشک اور قابلِ تقلید ہیں۔

این قوت بازو باز ونیست بلکہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُعْطِيهِ مَنْ يشاء ۔

جو علماءِ حق علمِ حدیث کی درس وتدریس ترجمہ وتحقیق اور اشاعت میں مصروف رہتے ہیں انہیں بارگاہِ رسالت سے بڑے بڑے اعزازات سے نوازا گیا' انہیں انبیاء کے وارث کہا گیا ہے' نیز ان کے بارے میں یہ ارشادِ نبوی ہے: (ترجمہ:) میری اُمت کے علماء' انبیاءِ بنی اسرائیل علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح مشقتیں برداشت کر کے علمِ حق بلند رکھیں گے' نیز سرورِ دوعالمﷺ نے اپنے خلفاء اور نائبین قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپﷺ اپنے فدا کار اور جاں نثار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے جھرمٹ میں جلوہ افروز تھے تو آپﷺ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ خُلَفَائِي کہ اے اللہ! میرے خلفاء کی بخشش فرما! صحابہ کرام نے عرض کی: مَنْ خُلَفَائُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ کہ یارسول اللہﷺ! آپ کے خلفاء کون ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: اَلَّذِيْنَ يَرْوُوْنَ اَحَادِيْثِيْ وَيُبَلِّغُوْنَهَا وَيَعْمَلُوْنَ بِهَا او كما قال عليه السلام کہ میرے خلفاء وہ ہیں کہ جو میری احادیث بیان کرتے ہیں اور انہیں لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں۔

تو ان معلمین' مترجمین اور شارحینِ احادیث کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہ سرورِ دوعالمﷺ کے نائبین اور خلفاء ہیں' زہے عز وشرف۔ بہرحال مولانا کا مشن کثرت سے احادیث کی اشاعت ہے اور یہ کوئی وقت ضائع کیے بغیر حتی المقدور اس میں مصروف رہتے ہیں اور ان کے متعدد تراجم احادیث آمد دلیل آفتاب کے مصداق ہیں۔ کسی تحریر اور ترجمہ کا کمالِ حسن یہ ہے کہ وہ عام فہم' آسان تر اور كَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ کا مصداق ومظہر ہوں کہ لوگوں کی عقلوں کے مطابق ان سے بات کرو۔ اور مولانا کے جو تراجم سطحی نظروں سے میرے سامنے آئے ہیں' ان کا بھی کمالِ حسن یہی ہے کہ وہ عام فہم اور آسان تر ہیں۔ اللہ تعالیٰ بوسیلۂ سیّد الانبیاء مولانا کے علم' عمل' عمر' کوششوں اور للّٰہیت اور خلوص میں برکتیں عطا فرمائے اور ان کی کاوشوں کو ان کے لیے ان کے معاونین اور ناشرین بشمول میرے اور میری اولاد کے آخرت کی نجات وبخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

جب مولانا کا المعجم الاوسط کی دو جلدوں کی طباعت کا شروع تھا تو اسی دوران اللہ تعالیٰ نے آپ کو فرزند ارجمند مسمی محمد حسن دستگیر سیالکوٹی کی نعمت عظمیٰ کا تحفہ عنایت فرمایا' اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور اسے مولانا کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین ثم آمین!

حررہٗ (المفتی) محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف' جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

خادم التدریس والحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

استاذ الاساتذہ ماہر علم المیراث شیخ الحدیث والتفسیر پیر طریقت
حضرت علامہ مفتی غلام محمد بندیالوی شرقپوری دام اللہ ظلہ

الحمد الله هدٰنا علم الحديث رواية ولمع سراج علم الحديث دراية فی افئدتنا وانار مصباح الحديث فی صدورنا واقر عيوننا برؤية حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم والصلوٰة والسلام علٰى رسوله المختار وآله الاطهار وصحبه الاخيار .

امابعد!

حدیث نبوی ﷺ کی خدمت اور اشاعت وابلاغ کے دوطریق ہیں: (۱) تدریس (۲) تحریر' بعض نفوس کو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں صفتوں سے متصف فرمایا' یعنی وہ مدرس ہیں اور محرر اور مؤلف بھی ہیں۔ **ذلك فضل الله يوتيه من يشاء .**

مدرس اور محرر کے درمیان نسبت عموم وخصوص من وجہ کی ہے اور اس نسبت مذکورہ میں دو مادے افتراق اور ایک مادہ اجتماعی ہوا کرتا ہے۔

پہلا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ مدرس تو ہیں مگر محرر نہیں ہیں۔

دوسرا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ محرر تو ہیں مگر مدرس نہیں ہیں۔

مادہ اجتماعی: مثلاً بعض لوگ مدرس ہیں اور محرر بھی ہیں۔ فالحمد علیٰ ذٰلک حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا۔

فاضل جلیل عالم نبیل بدر المعلمین حضرت قبلہ مولانا غلام دستگیر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ میں مادہ اجتماعی علیٰ طریق اتم پایا جاتا ہے۔

فاضل موصوف بیک وقت بہترین مدرس ہیں اور مؤلف اور محرر بھی ہیں۔

فاضل جلیل نے اس سے پہلے المعجم الصغیر' مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ بھی تحریر فرمایا جو کہ اپنی جمیع خصوصیات کی وجہ سے منظر عام پر آ گئے ہیں اور زیورِ قبولیت سے متجلی ہو چکے ہیں۔ **ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء .**

''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا ترجمہ تحریر فرمارہے ہیں' انشاء اللہ اس کتاب کی پہلی دو جلدیں زیورِ طبع سے متصف ہو کر جلد ہی منظر عام پر آ رہی ہیں۔

احقر کو فاضل موصوف کا ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا' قلبی فرحت محسوس ہوئی' فاضل موصوف علم الفرائض والمواریث میں بھی

ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

علم فرائض کے مقامات عسیرہ اور زوایا مکنونہ پر ایسے طریق متوحد اور اسلوب منفرد سے سیر حاصل بحث کرتے ہیں کہ آپ سے پڑھنے والے طالب علم آپ کی خداداد ذہانت اور فطانت اور عرق ریز محنت کو خراجِ تحسین پیش کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز "المعجم الاوسط للطبرانی" کا یہ عظیم شاہکار ترجمہ اسالیب فریدہ واطرزہ ساحرہ سے متحلہ اپنی عبقریت میں عالم اسلام کا پہلا ترجمہ ہوگا۔

المعجم الاوسط للطبرانی کے قراطیس جو نقوش ملمعہ اور خطوط غالیہ سے مزخرف کیے گئے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ناظرین کے لیے قرۃ العینین وتسکین الخواطر ثابت ہوں گے اور حضرت مترجم زید مجدہ کا یہ ترجمہ نسلِ آدم کے غیر محصور ذوات کو ظلماتِ جہل سے نکال کر لمعات اور تنورات علم پر اور صفۂ تصورات سے منصۂ تصدیقات پر فائز کر دے گا اور یہ ترجمہ شکوک کے غیاسب اور اوھام کے ظلمات کے لیے بدر الھدیٰ ثابت ہوگا اور طریق مستویٰ سے بھٹکے لوگوں کی ظلام اللیالی کے لیے سراجِ منیر ہوگا۔ اطاعت اور املال سے مصون اور محفوظ ہوگا اور اطناب اور اخلال کی معضلات سے منجی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مترجم موصوف کا یہ شاہکار ترجمہ عرب وعجم میں مقبول فرمائے۔

العبد الضعیف (المفتی) غلام محمد بندیالوی خویدیم العلوم
الشریعۃ النبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام دائما ابدًا مدینۃ العلوم جامعہ نبویہ شرقپور شریف روڈ

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر، جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ، ابوداؤد، مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا ومصلیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے، اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب المعجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر رہے ہیں، میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے، ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے، ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مدثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں، آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہٗ

ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر، انگلینڈ

سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ، بلال گنج، لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر
☆ حسن بن سہل
☆ حفص بن عمر
☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
☆ ابوزرعہ دمشقی
☆ احمد بن انس
☆ بشر بن موسیٰ
☆ یحییٰ بن ایوب علاف
☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
☆ ادریس بن جعفر عطاء
☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض | (۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس | (۴) مسند ابی حجادہ
(۵) مسند عمارۃ بن غزیہ | (۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ | (۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص | (۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک | (۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ | (۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ | (۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم | (۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن | (۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان | (۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات | (۲۴) مسند ابی حجادہ
(۲۵) حدیث مسعر | (۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال | (۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح | (۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب | (۳۲) جزء حدیث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی | (۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء | (۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ | (۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود | (۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا صغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور یہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمٰن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن' مصر' بغداد' کوفہ' بصرہ' اصفہان' جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی' بشر بن موسیٰ' ادریس عطاء' ابوزرعہ دمشقی اوران کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے' ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے' حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کرتے تھے' اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تاکہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے' اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں' جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی' جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم' محمد بن یوسف فریابی' ح' علی بن عبدالعزیز' ابوحذیفہ' سفیان' منصور' ذر بن عبداللہ' یسیع الحضرمی' نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے' پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے' یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں' وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے' کتاب المسالک' کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ' یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی' چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار ولغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے رُوبرو مشہور محدث ابوبکر جعانی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا نوبت بایں جا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش وخروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خلیفة قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تاکہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا رڈ کیا کرتے تھے جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَابُ الْاَلِفِ

مَنِ اسْمُهُ اَحْمَدُ

1 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ ذِي عَصْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ، فَيُقَالُ: يَا مُسْلِمُ، هٰذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ

2 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ حُمْرَةَ قَالَ: نا قَتَادَةُ، اَنَّ اَبَا مِجْلَزٍ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الف کا باب

جس راوی کا نام احمد ہے اس کی روایات

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اس پر قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا تو مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے اہل کتاب کا ایک آدمی اس کی جگہ رکھا جائے گا (یعنی جس مسلمان کو جہنم میں ڈالا جانا تھا' اس کی جگہ یہودی یا عیسائی کو ڈالا جائے گا) پس کہا جائے گا: اے مسلمان! یہ تیری جگہ جہنم سے فدیہ ہے۔

یہ حدیث عبدالملک سے سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور سعید بن یزید سے صرف یحییٰ بن صالح الوحاظی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی اونٹ کا جھگڑا لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ تھا کہ وہ

1- أخرجه ابوداؤد رقم الحديث: 4278' وأحمد جلد 4صفحه410-418' وعبد بن حميد في مسنده (536- المنتخب)' والروياني في مسنده رقم الحديث: 505' والحاكم جلد4صفحه444 .

2- أخرجه النسائي في القضاة جلد 8صفحه217' وابن ماجة في الأحكام جلد2صفحه780' وأبو داؤد في الأقضية جلد3صفحه309' والدارقطني في الأفراد (ق186/1-مخطوط)' والبيهقي في السنن الكبرى جلد10صفحه257 .

بُرْدَةَ بْنِ اَبِی مُوسَی، عَنْ اَبِی مُوسَی، اَنَّ رَجُلَیْنِ، اخْتَصَمَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی بَعِیرٍ، ادَّعَاهُ كِلَاهُمَا اَنَّهُ لَهُ، فَجَاءَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ اَنَّ الْبَعِيرَ لَهُ، فَقَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ

اونٹ میرا ہے اُن میں سے ہر ایک کے پاس دو گواہ تھے دونوں گواہی دیتے تھے کہ اونٹ اُسی کا ہے تو نبی کریم ﷺ نے دونوں کے درمیان آدھے آدھے اونٹ کا فیصلہ کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی مِجْلَزٍ اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

از قتادہ از ابی مجلز' اس حدیث کو ضحاک ہی روایت کرتے ہیں' اس میں ابومغیرہ اکیلے ہیں۔

3 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا الْاَكْفَاءَ، وَلَا يُزَوِّجُهُنَّ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ، وَلَا مَهْرَ دُونَ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عورتوں کا نکاح کفو میں ہی کرو' ان کے نکاح ان کے ولی ہی کریں اور حق مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث عمرو سے حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو مبشر بن عبید روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

4 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الرَّحَبِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: وَكَيْفَ تَعْرِفُهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِی كَثْرَةِ الْخَلَائِقِ؟ فَقَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ دَخَلْتَ صِيرَةً وَفِيهَا خَيْلٌ دُهْمٌ بُهْمٌ، وَفِيهَا

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن میں اپنی اُمت کو پہچان لوں گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! اتنی زیادہ مخلوق میں آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر تم میں کوئی باڑ میں داخل ہوا اور اس میں کچھ گھوڑے کالی پیشانی والے ہوں اور ان میں کچھ گھوڑے

3- أخرجه الدارقطني جلد 3 صفحه 244-245' والبيهقي جلد 7 صفحه 240 . أخرجه ابو يعلى رقم الحديث: 2094 . وانظر: نصب الراية للزيلعي جلد 4 صفحه 196 .

4- أخرجه أبو عبد القاسم بن سلام في الطهور برقم الحديث: 30' من طريق صفوان بن عمرو به . وسنده صحيح .

فَرَسٌ اَغَرُّ مُحَجَّلٌ، مَا كُنْتَ تَعْرِفُهُ مِنْهَا؟ - قَالَ: بَلَى. قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتِي يَوْمَئِذٍ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنَ الْوُضُوءِ

ایسے ہوں کہ اُن کی پیشانی چمکتی ہوتو کیا تم اُن میں سے اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لو گے! عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے وضو والے اعضاء اس دن چمک رہے ہوں گے (میں ان کی وجہ سے انہیں پہچان لوں گا)۔

5 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَعْمَى يُصَلِّي بِالنَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں دو مرتبہ اپنا خلیفہ بنایا اور وہ (یعنی حضرت ابن اُم مکتوم) نابینا تھے' لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں' ابومغیرہ اسے اکیلے روایت کرتے ہیں۔

6 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صُرِفَتِ الْجِنُّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَشْرَافُ الْجِنِّ بِنَصِيبِينَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جنوں کی جائیداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو مرتبہ تقسیم فرمائی' جنوں کے سرداروں کو دو دو حصے دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

قتادہ سے صرف عفیر ہی یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

7 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

5- اخرجه البزار (469-كشف)' من طريق أبى المغيرة به . وسنده ضعيف لضعف عفير بن معدان الشديد' وقتادة مدلس وقد عنعنه . والحديث من الزوائد' وهو فى مجمع البحرين فى زوائد المعجمين الأوسط' والصغير للهيثمى رقم الحديث: 722 .

6- والحديث فى مجمع البحرين رقم الحديث: 3394' وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 106 .

7- والحديث فى مجمع البحرين رقم الحديث: 3893' وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 381' حيث أعله الهيثمى

الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرٌ قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ أَنَسٌ: وَدِحْيَةُ كَانَ رَجُلًا جَسِيمًا جَمِيلًا أَبْيَضَ

رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے عفیر ہی روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

8 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِي، مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لَحْمَ النَّاسِ، وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب مجھے سیر کروائی گئی تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا کہ اُن کے ناخن تانبے کے تھے وہ ان ناخنوں کے ساتھ اپنے چہرے اور سینوں کا گوشت نوچ رہے تھے میں نے کہا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزتوں کے درپے رہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ إِلَّا صَفْوَانُ. تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے صرف صفوان ہی روایت کرتے ہیں' ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بعفير، وفاته تدليس قتادة .

8- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 224، حدثنا أبو المغيرة به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4878، حدثنا ابن المصفى، حدثنا بقية، وأبو المغيرة، قالا: حدثنا صفوان به . وأخرجه رقم الحديث: 4879، حدثنا عيسى بن أبي عيسى السيلحيني، عن أبي المغيرة، كما قال ابن المصفى .وأخرجه ابن أبي الدنيا في ذم الغيبة رقم الحديث: 26، حدثنا أبو بكر محمد بن أبي عتاب، حدثنا عبد القدوس أبو المغيرة بنحوه .

9- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 224، وابن عدي في الكامل جلد 6 صفحه 2091، وابن عبد البر في الجامع جلد 1 صفحه 9، وحمزة السهمي في تاريخ جرجان صفحه 316، وابن الجوزي في العلل جلد 1 صفحه 68-69 من طريق حفص بن سليمان به .

عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا كَثِيرٌ، وَلَا عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس حدیث کو محمد سے کثیر اور کثیر سے صرف حفص بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

10 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، بِهِ وَجَعٌ، وَاَنَا مَعَهُ، فَقَبَضَ عَلَى يَدِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، وَكَانَ يَرَى ذَلِكَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ لِتَكُونَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ میں سے کسی ایک آدمی کی عیادت فرمائی اور میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھا' آپ اسے مریض کی مکمل عیادت خیال فرماتے تھے۔ اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنی آگ اپنے بندۂ مؤمن پر مسلط کروں گا تاکہ آخرت کی آگ کا حصہ اس کو دنیا میں مل جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ وَهُوَ الْاَشْعَرِيُّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ. تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

ابوصالح اور یہ اشعری ہیں' ان سے صرف اسماعیل بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

11 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت اُمِ حبیبہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم ﷺ سے

10- أخرجه البيهقي في السنن الكبرى جلد3صفحه382' وفي سنده عبد الرحمٰن بن يزيد' ضعيف . انظر مجمع البحرين رقم الحديث: 1191' ومجمع الزوائد جلد2صفحه301 والمرض والكفارات لابن أبي الدنيا برقم (19- بتحقيق مسعد السعدني) .

11- أخرجه أحمد جلد6صفحه326-327-426-428' ومسلم رقم الحديث: 728' وأبو داؤد رقم الحديث: 1237' والنسائي جلد 3 صفحه261-262-263-264' وابن ماجة رقم الحديث: 1141' وابن خزيمة رقم الحديث:

قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ اثْنَتَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ: اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ.

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشادفرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نوافل ادا کیے اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا۔ (اس کی تفصیل یہ ہے:) چار رکعت ظہر سے پہلے دو رکعت ظہر کے بعد دو رکعت عصر سے پہلے دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر کے فرضوں سے پہلے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ " وَرَوَاهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ

اس حدیث کو از ابن عجلان از ابواسحاق از اوسط البجلی صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اور اس حدیث کو لیث بن سعد از محمد بن عجلان از ابواسحاق از عمرو بن اوس از عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

12 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَدَعْنَا فِي لَبْسٍ مِنْ دِينِنَا، نَهَانَا عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے دین میں کوئی مشتبہ چیز نہ چھوڑی (جس کو بیان نہ کیا ہو) اور ہم کو پانی میں پھونکنے سے منع کیا۔

13 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1189-1188، والدارمی رقم الحديث: **1445** . وغيرهم، من طريق عن عنبسة به .

12- فيه مبشر تقدم بيانه فی الحديث: **3**، والحجاج مدلس وقد عنعنه، وفيه أيضًا ضعف . وأبوه لم أجده . وانظر: مجمع البحرين رقم الحديث: **4133** ومجمع الزوائد رقم الحديث: **8115**، وقد أعله بمبشر فقط، وقال فيه: وهو ضعيف، وهذا قصور منه رحمه الله .

13- أخرجه البخاری رقم الحديث: **7147-6622**، ومسلم رقم الحديث: **1652**، والدارمی رقم الحديث: **2351**، وأبو يعلٰی فی المسند رقم الحديث: **1516**، وفی المفاريد رقم الحديث: **28**، وأبو عوانة جلد **4** صفحه **407**، وأبو نعيم فی الحلية جلد **9** صفحه **19-18** .

الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا ابى قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ مَا هُوَ خَيْرٌ فَاتِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو کسی شے پر قسم اُٹھا لے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو تُو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دیدے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ. تفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث وائل بن داؤد سے صرف خالد بن یزید روایت کرتے ہیں' حوطی اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

14 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى اللَّاحُونِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَأْتِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا' ہاں! اگر تجھے بن مانگے حکومت دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی اور اگر مانگنے پر دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور تُو اگر کسی کام (کے نہ کرنے) پر قسم اُٹھالے اور پھر تُو اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ خَالِدٍ إِلَّا يَزِيدُ . تفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث خالد سے صرف یزید روایت کرتے ہیں' عبدالعزیز اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

15 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عُرْفُطَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا۔

14- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد**7**صفحه**2546** من طريق عُرفطة به . وانظر: المصدر السابق .

15- انظر: السابق .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْفُطَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبَّادٍ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ

یہ حدیث عرفطہ سے صرف ولید بن عباد روایت کرتے ہیں اور ولید سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' عبدالوہاب بن ضحاک اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

16 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ التَّكْبِيرِ لِلرُّكُوعِ، وَعِنْدَ التَّكْبِيرِ حِينَ يَهْوِي سَاجِدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ رکوع کی تکبیر کے وقت اور جس وقت سجدے کے لیے جھکتے' اس وقت رفع یدین کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَرْطَاةَ اِلَّا الْجَرَّاحُ

یہ حدیث ارطاۃ سے جراح ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: امام ترمذی' امام ابوداؤد اور امام نسائی علیہم الرحمۃ نے اپنی اپنی کتب میں حدیث پاک بیان کی ہے کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صرف شروع کی تکبیر کہتے وقت ہاتھ اُٹھاتے تھے' اس کے علاوہ کسی اور رکن کی ادائیگی میں آپ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔

17 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا اَبُو مَهْدِيٍّ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ الشَّعْثَاءِ، عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ الْعَوْصِيَةِ، امْرَاَةٌ مِنْ قَيْسٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعْمَلُ ذَنْبًا، اِلَّا وَقَفَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِاِحْصَاءِ ذُنُوبِهِ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ، فَاِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ مِنْ ذَنْبِهِ ذَلِكَ فِي شَيْءٍ مِنْ تِلْكَ السَّاعَاتِ، لَمْ يُوقِفْهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اُم عصمہ العوصیہ رضی اللہ عنہا' یہ قبیلہ قیس کی ایک خاتون ہیں' فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک فرشتہ وکیل بن کر تین ساعت تک اس کے گناہ شمار کرتا ہے' اگر وہ ان ساعتوں میں اللہ عزوجل سے اپنے گناہ کی معافی مانگ لے تو اس کو قیامت کے دن روکا نہیں جائے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث اُم عصمہ سے اس سند کے علاوہ نہیں

16- اسنادہ حسن: والحدیث فی مجمع البحرین رقم الحدیث: 791' ومجمع الزوائد جلد2صفحہ102 .

17- والحدیث فی مجمع البحرین رقم الحدیث: 4749' ومجمع الزوائد جلد10صفحہ208 .

الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

روایت کی گئی' ابومغیرہ اس کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

18 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَسْنَدَ حَدِيثًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَتَى مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما منداً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے جمعہ پڑھنے کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا اَبُو وَهْبٍ، وَلَا عَنْ اَبِي وَهْبٍ اِلَّا سُوَيْدٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث مکحول سے ابووہب ہی روایت کرتے ہیں' ابن ابی وہب سے صرف سوید روایت کرتے ہیں' حوطی اس کی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

19 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ يَا زِرُّ؟ قُلْتُ: اَلْتَمِسُ الْعِلْمَ. فَقَالَ: اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا، وَلَا تَعْدُوَنَّ ذٰلِكَ. فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَلْتَمِسُ عِلْمًا، اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا مِنْ رِضَاهَا بِمَا يَفْعَلُ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا: اے زر! کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم کی تلاش کے لیے' تو انہوں نے فرمایا: عالم یا طالب علم بن جاؤ! اس سے ہرگز نہ پھرنا' کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو بندۂ مسلمان علم کی تلاش کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا اور میں نے

18- أخرجه مالك جلد 1 صفحه 102 ومن طريقه البخارى رقم الحديث: 877' والنسائى جلد 3 صفحه 93' وأحمد جلد 2 صفحه 64' والدارمى جلد 1 صفحه 361' وأبو بكر المروزى فى الجمعة وفضلها رقم الحديث: 25' والبيهقى جلد 1 صفحه 293 من طريق مالك' عن نافع به .

19- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 96' والنسائى رقم الحديث: 127' وابن ماجة رقم الحديث: 478' وابن خزيمة رقم الحديث: 193 وأحمد جلد 4 صفحه 239-240' والطيالسى رقم الحديث: 1166' وغيرهم من طرق عن عاصم به . وسنده حسن للكلام الذى فى عاصم' فحديثه لا ينزل عن رتبة الحسن ان شاء الله .

فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَقُلْتُ: إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذَلِكَ. فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ. وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

عرض کی: میں اس کے متعلق اپنے دل میں کچھ کھٹک پاتا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: ہم سفر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن راتیں نہ اُتاریں' سوائے جنابت لاحق ہونے کے لیکن پیشاب اور پاخانہ اور سوئے کے وقت نہیں اُتارنے اور مقیم کے لیے (اس کی مدت) ایک دن اور ایک رات ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

حفص بن سلیمان سے اسے علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

20 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِحْصَانُ إِحْصَانَانِ: إِحْصَانُ عَفَافٍ، وَإِحْصَانُ نِكَاحٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پاک دامنی دو اشیاء کے ساتھ وابستہ ہے: (۱) حرام کاموں سے بچنے کی پاک دامنی (۲) نکاح کے ساتھ پاک دامنی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف مبشر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

21 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ الْأَعْمَى، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ أَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، طَالَمَا أَضْلَلْتَ النَّاسَ. قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا عُرَيَّةُ؟ قَالَ:

حضرت ابن ابی ملیکہ الاعمی رضی اللہ عنہ' حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' عرض کی: اے ابن عباس! آپ نے برابر لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عروہ! وہ

20- أخرجه البزار (217/2-كشف) من طريق أبي المغيرة به. قلت: وهذا اسناد موضوع' والمتهم به مبشر' وقد تقدم حاله. والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 2437' وفي مجمع الزوائد جلد6صفحه263.

21- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 1718' وفي المجمع جلد3صفحه234' وقال الهيثمي: اسناده حسن.

الرَّجُلُ يَخْرُجُ مُحْرِمًا بِحَجٍّ اَوْ عَمْرَةٍ، فَاِذَا طَافَ، زَعَمْتَ اَنَّهُ قَدْ حَلَّ، فَقَدْ كَانَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يَنْهَيَانِ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: اَهُمَا، وَيْحَكَ، آثَرُ عِنْدَكَ اَمْ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ وَفِي اُمَّتِهِ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: هُمَا كَانَا اَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَمِنْكَ. قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: فَخَصَمَهُ عُرْوَةُ.

کیسے؟ فرمایا: ایک آدمی حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر نکلتا ہے جب وہ طواف کرتا ہے تو آپ کا خیال ہے کہ وہ حلال ہو گیا ہے حالانکہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں اس کام سے منع کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا وہ دونوں تیرے نزدیک قابل ترجیح ہیں یا کتاب اللہ اور وہ سنت جو رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کرام اور اپنی اُمت میں قائم کی وہ قابل ترجیح ہے؟ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں (حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کو مجھ سے اور آپ سے زیادہ جاننے والے تھے۔ حضرت ابن ابی ملیکہ فرماتے ہیں: پس حضرت عروہ حضرت ابن عباس سے جھگڑے۔

هٰذَا الْحَدِيثُ سَاقِطٌ عِنْدَ ابْنِ خَلِيلٍ

یہ حدیث ابن خلیل کے نزدیک ساقط ہے۔

561 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ادَّعَى اِلَى غَيْرِ اَبِيهِ، اَوْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا نسب بدلا یا اپنے آقا کے علاوہ کسی کی طرف نسبت کی تو اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ

یہ حدیث وہیب صرف ابن خثیم سے روایت کرتے ہیں۔

562 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْقَنَادِيلِيُّ قَالَ: نا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ، وَمَيْمُونِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ صَبَاحٍ، وَلَا رَوَاحٍ اِلَّا وبقَاعُ الْاَرْضِ تُنَادِي بَعْضُهَا بَعْضًا: يَا جَارَةُ هَلْ مَرَّ بِكِ الْيَوْمَ عَبْدٌ صَالِحٌ صَلَّى عَلَيْكِ اَوْ ذَكَرَ اللّٰهَ؟ فَاِنْ قَالَتْ: نَعَمْ، رَاَتْ لَهَا بِذَلِكَ عَلَيْهَا فَضْلًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر صبح و شام زمین کا ٹکڑا ایک دوسرے ٹکڑے سے پوچھتا ہے کہ اے پڑوسی! کیا تیرے اوپر آج کسی نیک بندے نے نماز پڑھی ہے؟ یا اللہ کا ذکر کیا ہے؟ اگر وہ کہتا ہے: ہاں! تو وہ اس کو اپنے اوپر بڑی فضیلت سمجھتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحٌ الْمُرِّيُّ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں صالح المری اکیلے ہیں۔

563 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

561- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد12صفحه62 رقم الحديث:12475' وابن ماجة فی الحدود جلد2صفحه870 رقم الحديث: 2609' والامام احمد فی مسنده جلد 1صفحه427 رقم الحديث: 3039' وابن حبان رقم الحديث:1217 .

562- أخرجه أبو نعيم فی الحلية رقم الحديث:17416 . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه9 .

563- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد1صفحه457 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه345 .

سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِی رَبَاحٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَاْتِي الرُّكْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْظَمَ مِنْ اَبِی قُبَيْسٍ، لَهُ لِسَانٌ، وَشَفَتَانِ، يَشْهَدَانِ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ بِالْحَقِّ، وَهُوَ يَمِينُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الَّتِی يُصَافِحُ بِهَا خَلْقَهُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حجراسود قیامت کے دن جبل ابی قبیس سے بھی بڑا ہوگا' اس کی ایک زبان اور دو ہونٹ ہوں گے' جس نے اس کو حق کے ساتھ استلام کیا ہوگا' اس کے متعلق یہ شفاعت کرے گا' یہ اللہ کا دایاں دستِ قدرت ہے' وہ اس کے ساتھ اپنی مخلوق کے ساتھ مصافح کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث از عطاء از حضرت عبداللہ بن عمر صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں۔

564 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِی، وَعَمِّی عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِی فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اپنے بعد مردوں پر عورتوں سے بڑا کوئی فتنہ نہیں چھوڑ رہا ہوں۔

565 - وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَقِيمُ لَكَ الْمَرْاَةُ عَلَى خَلِيقَةٍ وَاحِدَةٍ، اِنَّمَا هِیَ كَالضِّلَعِ، اِنْ تُقِمْهَا تَكْسِرْهَا، وَاِنْ تَتْرُكْهَا تَسْتَمْتِعْ بِهَا وَفِيهَا عِوَجٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت تیرے لیے کبھی سیدھی نہیں ہوگی کیونکہ یہ ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے' اگر تو اسے سیدھا کرے گا تو ٹوٹ جائے گی اور اس کو چھوڑ دے اس سے نفع اُٹھا ٹیڑھا پن ہونے کے باوجود۔

566 - وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُرْوَةَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ

564- أخرجه البخاری فی النكاح جلد9صفحه41 رقم الحديث: 5096' ومسلم فی الذكر جلد4صفحه2097 .

565- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه307 .

566- أخرجه البخاری فی المواقيت رقم الحديث: 578' ومسلم فی المساجد جلد 1صفحه445 رقم الحديث: 645' وأبو داؤد فی الصلاة جلد 1صفحه115 رقم الحديث: 423' والترمذی فی الصلاة جلد 1صفحه287

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ الْغَدَاةَ، وَخَلْفَهُ نِسَاءُ الْمُؤْمِنَاتِ، فَإِذَا سَلَّمَ، خَرَجْنَ فِي مُرُوطِهِنَّ، مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ

ﷺ صبح کی نماز مسجد میں پڑھتے تھے اور مؤمنہ عورتیں آپ کے پیچھے ہوتی تھیں' جب آپ سلام پھیرتے تو وہ اپنی چادروں میں نکل جاتی تھیں' ان کو اندھیرے کی وجہ سے پہچانا نہیں جاتا تھا۔

567 - وَعَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُعْطِيتُ قُوَّةَ أَرْبَعِينَ فِي الْبَطْشِ وَالنِّكَاحِ، وَمَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلَّا أُعْطِيَ قُوَّةَ عَشَرَةٍ، وَجُعِلَتِ الشَّهْوَةُ عَلَى عَشَرَةِ أَجْزَاءٍ، وَجُعِلَتْ تِسْعَةُ أَجْزَاءٍ مِنْهَا فِي النِّسَاءِ، وَوَاحِدَةٌ فِي الرِّجَالِ، وَلَوْلَا مَا أُلْقِيَ عَلَيْهِنَّ مِنَ الْحَيَاءِ مَعَ شَهَوَاتِهِنَّ، لَكَانَ لِكُلِّ رَجُلٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ مُغْتَلِمَاتٍ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مجھے بھوک برداشت کرنے اور نکاح کرنیکی قوت چالیس مردوں کے برابر دی گئی ہے' ہر مؤمن کو دس مردوں کے برابر طاقت دی گئی ہے اور شہوت دس اجزاء پر رکھی گئی ہے اُن میں سے نو جز عورتوں میں رکھے گئے ہیں اور ایک مردوں میں' اور اگر عورتوں پر حیاء نہ ڈالی ہوتی تو ہر مرد کے لیے نو عورتیں ہوتیں۔

568 - وَعَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ، وَلَكِنْ لَا يَأْتِينَهُ إِلَّا تَفِلَاتٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اللہ کی لونڈیوں کو مسجد میں آنے سے نہ روکو' لیکن یہ مسجد میں پردہ کی حالت میں آئیں۔

569 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

رقم الحديث: 153' والنسائي: في المواقيت جلد 1 صفحه 271' والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 300 رقم الحديث: 1216' والامامام مالك في الموطأ في وقوت الصلاة جلد 1 صفحه 5' والامام أحمد في مسنده جلد 6 رقم الحديث: 33-37 .

567- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 296 .

568- أخرجه البخاري في الجمعة جلد 2 صفحه 382 رقم الحديث: 900' ومسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 327 رقم الحديث: 442' وأبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 155 رقم الحديث: 565' والامام أحمد في مسنده جلد 2 صفحه 438' والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 330 رقم الحديث: 1279 .

569- أخرجه البخاري في تقصير الصلاة جلد 2 صفحه 659 رقم الحديث: 1088' ومسلم في الحج جلد 2 صفحه 977 .

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا یَحِلُّ لِامْرَاَۃٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ تُسَافِرُ یَوْمًا وَاحِدًا اِلَّا مَعَ زَوْجٍ، اَوْ ذِی مَحْرَمٍ

اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتی ہو کہ وہ ایک دن کا سفر بھی اپنے شوہر یا محرم کے بغیر کرے۔

570 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِی، وَعَمِّی، قَالَا: نا سُوَیْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَالْمُغِیرَةُ بْنُ قَیْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی الْعَجْفَاءِ السَّلَمِیِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ قَالَ: یَا اَیُّهَا النَّاسُ، لَا تُغَالُوا بِصَدَاقِ النِّسَاءِ، فَاِنَّهَا لَوْ کَانَتْ مَکْرُمَةً عِنْدَ النَّاسِ، اَوْ تَقْوَی عِنْدَ اللّٰهِ، لَکَانَ اَحَقُّهُمْ بِذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ یَنْکِحِ امْرَاَةً مِنْ نِسَائِهِ، وَلَا اَنْکَحَ امْرَاَةً مِنْ بَنَاتِهِ اِلَّا عَلَی اثْنَتَیْ عَشْرَةَ اُوقِیَّةً وَنَشٌّ. وَاِنَّ اَحَدَکُمْ لَیُغَالِی بِصَدَاقِ الْمَرْاَةِ حَتَّی یَقُولَ: اَمَا کُلِّفْتُ اِلَیْكَ عَلَقَ الْقِرْبَةِ قَالَ: وَکُنْتُ غُلَامًا مُوَلَّدًا، فَلَمْ اَدْرِ مَا عَلَقُ الْقِرْبَةِ؟"

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: اے لوگو! عورتوں کے حق مہر میں غلو نہ کرو کیونکہ یہ اگر لوگوں کے ہاں کوئی معزز چیز ہوتا یا اللہ کے ہاں تقویٰ والا ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اس کے زیادہ حق دار تھے' کوئی کسی عورت سے شادی کرے یا اپنی بچی کی شادی کرے تو حق مہر بارہ اوقیہ اور نش مقرر کرے' اگر تم میں کوئی حق مہر میں مبالغہ کرے یہاں تک کہ وہ کہے: میں تجھے مشک کی رسّی اُٹھانے کا مکلّف بناتا ہوں۔ راوی فرماتے ہیں کہ میں بچہ تھا' مجھے معلوم نہیں ہے کہ علق القربہ (یعنی مشکیزہ کا لٹکانا) کیا ہے؟

لَمْ یَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِیثَ عَنِ الْمُغِیرَةِ اِلَّا سُوَیْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ

یہ احادیث مغیرہ سے صرف سوید بن عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں۔

571 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا اَبِی، وَعَمِّی عِیسَی بْنُ الْمُسَاوِرِ، قَالَا: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْفَزَارِیُّ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِی الْعَبَّاسِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، یَقُولُ: کَانَتِ الْیَهُودُ تَقُولُ: اِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ مِنْ وَرَائِهَا فِی فَرْجِهَا کَانَ وَلَدُهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہود کہتے تھے کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی سے پچھلی طرف سے اگلے حصہ میں جماع کرے تو بچہ کانا پیدا ہوتا ہے' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: "نِسَاؤُکُمْ حَرْثٌ لَّکُمْ" (البقرہ:۲۲۳)۔

570- أخرجه الحاكم في المستدرك في النكاح جلد2صفحه176 .

571- أخرجه البخاري في التفسير رقم الحديث:4528' ومسلم في النكاح جلد2صفحه1058 .

اَحْوَلَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ) (البقرة:223)

572 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَمِّي عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِضَ عَلَيَّ مَا هُوَ مَفْتُوحٌ لِاُمَّتِي بَعْدِي، فَسَرَّنِي. فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْاُولَى) (الضحى:4) اِلَى قَوْلِهِ: (فَتَرْضَى) (الضحى:5) ، اَعْطَاهُ اللّٰهُ فِي الْجَنَّةِ اَلْفَ قَصْرٍ مِنْ لُؤْلُؤٍ، تُرَابُهَا الْمِسْكُ، فِي كُلِّ قَصْرٍ مَا يَنْبَغِي لَهُ

حضرت علی بن عبداللہ بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر میرے بعد میری اُمت کے لیے جو فتح ہوگی وہ پیش کی گئی تو مجھے اس پر خوشی ہوئی تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی...... اِلٰی قَوْلِہٖ...... فَتَرْضٰی'' (الضحیٰ:۵)۔ اللہ عزوجل نے آپ کو جنت میں ایک ہزار موتیوں کے محل عطا کیے ہیں، جس کی مٹی مشک کی ہوگی، ہر محل میں جو آپ کے لیے مناسب ہوگا۔

573 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا مَرْوَانُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ) (المائدة:33) قَالَ: هُمْ مِنْ عُكْلٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے اس آیت کے متعلق روایت کرتے ہیں: ''اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ'' (المائدہ:۳۳)۔ فرمایا: وہ قبیلہ عکل والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا مَرْوَانُ

یہ تمام احادیث معاویہ سے صرف مروان ہی روایت کرتے ہیں۔

574 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہوا، وہ

-572 انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه142 .

-573 انظر: الدر المنثور جلد2صفحه278 .

-574 انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه326 .

السَّائِبِ، عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَمْ یَدْخُلِ النَّارَ

جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ

یہ حدیث عطاء سے صرف ابوالاحوص ہی روایت کرتے ہیں۔

575 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِیعِیُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ ابْنُ عُلَیَّةَ، عَنْ یُونُسَ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَلِیٍّ: اَخْبِرْنِی عَنْ مَسِیرِكَ، هٰذَا، اَعَهْدٌ عَهِدَهُ اِلَیْكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ وَلٰكِنْ رَاْیًا رَاَیْتَهُ

حضرت قیس بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی: مجھے بتائیں اس سفر کے متعلق کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے کوئی وعدہ کیا تھا؟ فرمایا: (نہیں!) بلکہ ایک دیکھنے والا آپ نے دیکھا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ یُونُسَ اِلَّا ابْنُ عُلَیَّةَ

یہ حدیث یونس سے صرف ابن علیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

576 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِیُّ قَالَ: نا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنْ یُونُسَ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الْمَدِینَةِ، فَقَالَ: قَدْ طَهَّرَ اللّٰهُ اَهْلَ هٰذِهِ الْمَدِینَةِ، مَا لَمْ تُضِلَّهُمُ النُّجُومُ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ کی طرف دیکھا اور فرمایا: اللہ عزوجل اس مدینہ کے رہنے والوں کو پاک کرے گا جب تک ستارے ان کو گمراہ نہ کریں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ یُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَیْسِ بْنِ عَبَّادٍ اِلَّا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بِلَالٍ. وَقَدْ رَوَاهُ مُوسَی بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّیُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَطِیَّةَ: عَنْ قَیْسٍ، عَنْ یُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَیْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

یہ حدیث از یونس از حسن از احنف بن قیس از حضرت عباس از نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی کی مثل روایت کی گئی ہے۔

575- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد4صفحه216 رقم الحديث: 4666 .

577 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ، حَتّٰى نَامَ الْقَوْمُ، ثُمَّ اسْتَيْقَظُوا، فَجَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: الصَّلَاةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَخَرَجَ، فَصَلَّى بِهِمْ، وَلَمْ يَذْكُرْ اَنَّهُمْ تَوَضَّئُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک رات نمازِ عشاء مؤخر کی یہاں تک کہ لوگ سو گئے‘ پھر اُٹھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے‘ عرض کی: یارسول اللہ! نماز! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے‘ آپ نے ان کو نماز پڑھائی اور یہ ذکر نہیں کیا کہ انہوں نے وضو بھی کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ، وَابْنُ عَائِشَةَ

یہ حدیث یونس سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں یونس بن محمد المؤدب اور ابن عائشہ اکیلے ہیں۔

578 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدِينِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَاَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ، وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اس شخص کو دیکھے جسے اس پر مال و دولت سے فضیلت دی گئی ہے تو وہ اپنے سے نیچے والے کو دیکھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ اِلَّا ابْنُهُ سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث محمد بن جبیر سے صرف ان کے بیٹے سعید ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن جعفر اکیلے ہیں۔

579 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمَّا طَعَنَ اَبُو لُؤْلُؤَةَ عُمَرَ، طَعَنَهُ طَعْنَتَيْنِ، فَظَنَّ عُمَرُ اَنَّ لَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب ابولؤلؤ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دو زخم لگائے تو حضرت عمر نے گمان کیا کہ ان کے ذمہ لوگوں کا گناہ ہے‘ جسے وہ نہیں جانتے‘ آپ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو

-577 أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد1 صفحه321 رقم الحديث: 2199 .

-578 أخرجه البخاري في الرقاق جلد11 صفحه329-330 رقم الحديث: 6490 .

ذَنْبًا فِي النَّاسِ لَا يَعْلَمُهُ، فَدَعَا ابْنَ عَبَّاسٍ وَكَانَ يُحِبُّهُ، وَيُدْنِيهِ، وَيَسْتَمِعُ مِنْهُ، فَقَالَ لَهُ: اُحِبُّ اَنْ تَعْلَمَ عَنْ مَلَإٍ مِنَ النَّاسِ كَانَ هَذَا؟ فَخَرَجَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَجَعَلَ لَا يَمُرُّ بِمَلَإٍ مِنَ النَّاسِ اِلَّا وَهُمْ يَبْكُونَ، فَرَجَعَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: مَا اَتَيْتُ عَلَى مَلَإٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ اِلَّا وَهُمْ يَبْكُونَ، كَاَنَّمَا فَقَدُوا الْيَوْمَ ابكارَ اَوْلَادِهِمْ . فَقَالَ: مَنْ قَتَلَنِي؟ قَالَ: اَبُو لُؤْلُؤَةَ الْمَجُوسِيُّ عَبْدُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَرَاَيْتُ الْبِشْرَ فِي وَجْهِهِ. فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَبْتَلِنِي بِقَوْلِ اَحَدٍ يُحَاجُّنِي بِقَوْلِ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَمَا اِنِّي كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُكُمْ اَنْ تَجْلِبُوا اِلَيْنَا مِنَ الْعُلُوجِ اَحَدًا، فَعَصَيْتُمُونِي. ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا لِي اِخْوَانِي . قَالُوا: وَمَنْ؟ قَالَ: عُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ. فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ وَضَعَ رَاْسَهُ فِي حَجْرِي، فَلَمَّا جَائُوا، قُلْتُ: هَؤُلَاءِ قَدْ حَضَرُوا . فَقَالَ: نَعَمْ، نَظَرْتُ فِي اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ، فَوَجَدْتُكُمْ اَيُّهَا السِّتَّةُ رُئُوسَ النَّاسِ، وَقَادَتَهُمْ، وَلَا يَكُونُ هَذَا الْاَمْرُ اِلَّا فِيكُمْ مَا اسْتَقَمْتُمْ يَسْتَقِيمُ اَمْرُ النَّاسِ، وَاِنْ يَكُنِ اخْتِلَافٌ يَكُنْ فِيكُمْ، فَلَمَّا سَمِعْتُ ذِكْرَ الِاخْتِلَافِ، وَالشِّقَاقِ ظَنَنْتُ اَنَّهُ كَائِنٌ، لِاَنَّهُ قَلَّ مَا قَالَ شَيْئًا اِلَّا رَاَيْتُهُ، ثُمَّ نَزَفَ الدَّمَ، فَهَمَسُوا بَيْنَهُمْ حَتَّى خَشِيتُ اَنْ يُبَايِعُوا رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: اِنَّ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ

بلایا اور وہ آپ حضرت ابن عباس سے محبت کرتے تھے اور ان کو اپنے قریب رکھتے تھے اور ان سے گفتگو بھی کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں کہ لوگوں کا گروہ اس واقعہ کے متعلق جانے۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نکلے اور لوگوں کے جس گروہ کے پاس سے بھی گزرے تو وہ لوگ رو رہے تھے' پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما واپس آئے اور عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں لوگوں کے جس گروہ کے پاس گیا ہوں وہ رو رہے تھے' ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ وہ آج اپنی جان اور اولاد کو نہیں پا رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے کس نے قتل کیا ہے؟ عرض کیا: مغیرہ بن شعبہ کے غلام ابولؤلؤ مجوسی نے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے آپ کے چہرے پر بشاشت دیکھی' پڑھا: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَبْتَلِنِیْ بِقَوْلِ اَحَدٍ یُّحَاجُّنِیْ'' تمام تعریفیں اللہ کے لیے جس نے مجھے کسی ایک کی بات کے ساتھ بھی آزمائش میں نہ ڈالا جو مجھ سے جھگڑا کر سکے۔ لا الٰہ الا اللہ کے قول کے ساتھ' (فرمایا:) میں تم کو منع کرتا تھا کہ تم میرے قریب کسی کو نہ آنے دو' تم نے میری نافرمانی کی۔ پھر فرمایا: میرے پاس میرے بھائیوں کو بلاؤ! لوگوں نے عرض کی: کون؟ فرمایا: عثمان' علی' طلحہ' زبیر' عبدالرحمٰن بن عوف' سعد بن ابی وقاص کو۔ تو انہیں بلایا گیا' پھر آپ نے اپنا سر میری گود میں رکھا' جب وہ آئے تو میں نے کہا: یہ سارے آ گئے ہیں' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! میں نے

حَتّٰی بَعْدُ، وَلَا يَكُونُ خَلِيفَتَانِ يَنْظُرُ اَحَدُهُمَا اِلَى الْآخَرِ. فَقَالَ: احْمِلُونِي، فَحَمَلْنَاهُ، فَقَالَ: تَشَاوَرُوا ثَلَاثًا. وَيُصَلِّي بِالنَّاسِ صُهَيْبٌ. قَالَ: مَنْ نُشَاوِرُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَقَالَ: شَاوِرُوا الْمُهَاجِرِينَ وَالْاَنْصَارَ، وَسَرَاةَ مَنْ هُنَا مِنَ الْاَجْنَادِ. ثُمَّ دَعَا بِشَرْبَةٍ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبَ، فَخَرَجَ بَيَاضُ اللَّبَنِ مِنَ الْجُرْحَيْنِ، فَعُرِفَ اَنَّهُ الْمَوْتُ، فَقَالَ: الْآنَ لَوْ اَنَّ لِيَ الدُّنْيَا كُلَّهَا لَافْتَدَيْتُ بِهَا مِنْ هَوْلِ الْمَطْلَعِ، وَمَا ذَاكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اِنْ اَكُونُ رَاَيْتُ اِلَّا خَيْرًا. فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ، فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، اَلَيْسَ قَدْ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِزَّ اللّٰهُ بِكَ الدِّينَ وَالْمُسْلِمِينَ اِذْ يَخَافُونَ بِمَكَّةَ، فَلَمَّا اَسْلَمْتَ كَانَ اِسْلَامُكَ عِزًّا، وَظَهَرَ بِكَ الْاِسْلَامُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ، وَهَاجَرْتَ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَكَانَتْ هِجْرَتُكَ فَتْحًا، ثُمَّ لَمْ تَغِبْ عَنْ مَشْهَدٍ شَهِدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِتَالِ الْمُشْرِكِينَ مِنْ يَوْمِ كَذَا وَيَوْمِ كَذَا، ثُمَّ قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ، فَوَازَرْتَ الْخَلِيفَةَ بَعْدَهُ عَلَى مِنْهَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَضَرَبْتَ مَنْ اَدْبَرَ بِمَنْ اَقْبَلَ حَتّٰى دَخَلَ النَّاسُ فِي الْاِسْلَامِ طَوْعًا اَوْ كَرْهًا، ثُمَّ قُبِضَ الْخَلِيفَةُ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ، ثُمَّ وُلِّيتَ بِخَيْرِ مَا وُلِّيَ النَّاسُ، مَصَّرَ اللّٰهُ بِكَ الْاَمْصَارَ، وَجَبَى بِكَ الْاَمْوَالَ، وَنَفَى بِكَ الْعَدُوَّ،

مسلمانوں کے معاملہ کو دیکھ لیا ہے، میں نے تمہیں اے چھ افراد لوگوں کا سربراہ پایا ہے اور ان کا قائد۔ یہ معاملہ جب تک تم میں رہے گا، لوگوں کا معاملہ ٹھیک رہے گا، اگر اختلاف ہوا تو تم میں اختلاف ہوگا، جب میں نے اختلاف اور مخالفت کا ذکر سنا تو میں نے خیال کیا کہ وہ ہو کر رہے گا کیونکہ جو آپ نے فرمایا میں نے اس کو دیکھا کہ بہت کم ایسے ہوا ہے جو آپ نے فرمایا وہ نہ ہوا ہو۔ پھر آپ نے خون صاف کیا، پھر آپ نے اُن کے درمیان آہستہ گفتگو فرمائی یہاں تک کہ میں نے خوف کیا کہ ان میں سے ایک آدمی کی بیعت کر دی گئی، میں نے کہا: بے شک امیر المؤمنین زندہ ہیں، دو خلیفہ نہیں ہو سکتے، ان میں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔ آپ نے فرمایا: مجھے اُٹھاؤ! ہم نے انہیں اُٹھایا تو فرمایا: تین مشورہ کریں اور لوگوں کو صہیب نماز پڑھائیں۔ عرض کی: اے امیر المؤمنین! ہم کس سے مشورہ کریں؟ فرمایا: مہاجرین اور انصار سے مشورہ کرو۔ یہاں لشکر سے پسند کرو، پھر آپ نے پینے کے لیے دودھ مانگا تو اسے پیا پس دودھ آپ کے دونوں زخموں سے نکل گیا، معلوم ہو گیا کہ آپ نے دنیا سے جانا ہے۔ آپ نے فرمایا: اگر میرے پاس ساری دنیا ہوتی تو میں اس عذاب کی ہولناکی سے بچنے کے لیے سارا فدیہ دے دوں۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے میں بہتر ہی دیکھتا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر آپ نے یہ کہا ہے کہ اللہ آپ کو بہتر جزا دے گا، کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا نہیں مانگی کہ اللہ تیرے ذریعے

وَادْخَلَ اللّٰهُ بِكَ عَلَى كُلِّ اَهْلِ بَيْتٍ مِنْ تَوَسُّعِهِمْ فِي دِينِهِمْ، وتَوَسُّعِهِمْ فِي اَرْزَاقِهِمْ، ثُمَّ خَتَمَ لَكَ بِالشَّهَادَةِ، فَهَنِيئًا لَكَ. فَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّ الْمغرور مَنْ تَغُرُّونَهُ. ثُمَّ قَالَ: اَتَشْهَدُ لِي يَا عَبْدَ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ. فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَلْصِقْ خَدِّي بِالْاَرْضِ يَا عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ فَوَضَعْتُهُ مِنْ فَخِذِي عَلَى سَاقِي. فَقَالَ: اَلْصِقْ خَدِّي بِالْاَرْضِ، فَتَرَكَ لِحْيَتَهُ وَخَدَّهُ حَتَّى وَقَعَ بِالْاَرْضِ، فَقَالَ: وَيْلَكَ وَوَيْلَ اُمِّكَ يَا عُمَرُ اِنْ لَمْ يَغْفِرِ اللّٰهُ لَكَ. ثُمَّ قُبِضَ رَحِمَهُ اللّٰهُ. فَلَمَّا قُبِضَ اَرْسَلُوا اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: لَا آتِيكُمْ اِنْ لَمْ تَفْعَلُوا مَا اَمَرَكُمْ بِهِ مِنْ مُشَاوَرَةِ الْمُهَاجِرِينَ وَالْاَنْصَارِ، وسَرَاةِ مَنْ هَاهُنَا مِنَ الْاَجْنَادِ قَالَ الْحَسَنُ، وَذُكِرَ لَهُ فِعْلُ عُمَرَ عِنْدَ مَوْتِهِ وخَشْيَتُهُ مِنْ رَبِّهِ، فَقَالَ: هٰكَذَا الْمُؤْمِنُ جَمَعَ اِحْسَانًا وَشَفَقَةً، وَالْمُنَافِقُ جَمَعَ اساءةً وَغِرَّةً، وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ فِيمَا مَضَى وَلَا فِيمَا بَقِيَ عَبْدًا ازْدَادَ اِحْسَانًا اِلَّا ازْدَادَ مَخَافَةً وَشَفَقَةً مِنْهُ، وَلَا وَجَدْتُ فِيمَا مَضَى، وَلَا فِيمَا بَقِيَ عَبْدًا ازْدَادَ اساءةً اِلَّا ازْدَادَ غِرَّةً

دین اور مسلمانوں کو عزت دے، جب یہ مکہ میں ڈرتے تھے جب آپ اسلام لائے تو آپ کا اسلام عزت کا باعث ہوا اور آپ کی وجہ سے اسلام نے غلبہ پایا اور رسول اللہ ﷺ نے اور آپ کے صحابہ نے اور آپ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی، آپ کی ہجرت فتح تھی، پھر کسی جنگ سے آپ پیچھے نہیں رہے جس میں رسول اللہ ﷺ شریک ہوئے ہیں، جس میں مشرکوں سے اس دن جنگ کی ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ کا وصال اس حالت میں ہوا ہے کہ وہ آپ سے راضی تھے، پھر آپ نے خلافتِ رسول اللہ ﷺ اسلام کے طریقے پر رکھی، آپ نے اس کو مارا جس نے اسلام سے منہ پھیرا یہاں تک کہ لوگ اسلام میں داخل ہو گئے مجبوراً یا خوشی سے، پھر خلیفہ کا وصال ہوا یعنی حضرت ابوبکر کا تو وہ بھی آپ سے راضی تھے۔ پھر لوگوں کا آپ کو ولی بنایا گیا تو آپ اچھے ولی بنے، اللہ نے کئی شہروں کو آپ کے ذریعے فتح کروایا، آپ کے ذریعے اموال ملے، دشمن بھاگا، ہر گھر میں دین آپ کی وجہ سے پھیلا، اُن کے رزق میں وسعت ہوئی، پھر آپ کا خاتمہ شہادت پر ہوا ہے، آپ کے لیے خوشخبری ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ سب تکبر والی چیزیں ہیں۔ پھر فرمایا: اے عبداللہ! کیا آپ قیامت کے دن میرے لیے گواہی دیں گے؟ عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے اللہ! تیرے لیے حمد ہے! اے عبداللہ بن عمر! میرا رخسار زمین پر رکھ دے، پس میں نے اپنی ران سے اپنی پنڈلی پر رکھا، آپ نے فرمایا:

میرا رخسار زمین پر رکھ دو! سو انہوں نے آپ کی داڑھی اور رخسار کو چھوڑ دیا یہاں تک کہ زمین پر رکھ دیا۔ فرمانے لگے: تیرے لیے ہلاکت اور تیری ماں کے لیے ہلاکت! اے عمر! اگر اللہ نے تجھے نہیں بخشا۔ پھر آپ کا وصال ہو گیا' اللہ کی آپ پر رحمت ہو! جب آپ کا وصال ہو گیا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی طرف کسی کو بھیجا گیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نہیں آؤں گا' اگر تم نے نہیں کیا جو آپ کو مہاجرین و انصار کے ساتھ مشاورت کا حکم دیا گیا' اس کو اس لشکر تک راز میں رکھنا۔ امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فعل اور اللہ کے ڈر کو موت کے وقت ذکر کیا گیا' فرمایا: اسی طرح مؤمن پر احسان اور شفقت جمع کرتا ہے اور ناحق پر ناراضگی اور دھوکہ جمع کرتا ہے' اللہ کی قسم! میں نے نہیں پایا جو کرتا ہے اور جو باقی ہے' کوئی ایسا بندہ کہ اس پر احسان زیادہ ہو مگر اس پر خوف اور ڈر اور زیادہ ہوتا ہے' میں نے کوئی بندہ اس سے پہلے اور جو باقی ہے نہیں پایا ناراضگی کی حالت میں مگر اس کا دھوکہ زیادہ ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف مبارک بن فضالہ ہی روایت کرتے ہیں۔

580 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخُو اَبِي مَعْمَرٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز میں تسبیح مردوں کیلئے ہے اور تالی عورتوں کے لیے ہے۔

580- أخرجه البخارى فى العمل فى الصلاة جلد 3 صفحه 93 رقم الحديث: 1203' ومسلم فى الصلاة جلد 1 صفحه 318 .

هَارُونَ الْعَبْدِيّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّسْبِيحُ فِي الصَّلَاةِ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

581 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ الْمُهَلَّبِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایسی شے فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ

یہ حدیث حماد بن زید سے صرف خالد بن خداش ہی روایت کرتے ہیں۔

582 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا بَلَغَنِي مَا تَكَلَّمَ بِهِ أَهْلُ الْإِفْكِ، هَمَمْتُ أَنْ آتِيَ قَلِيبًا فَأَطْرَحُ نَفْسِي فِيهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب مجھے خبر پہنچی واقعۂ افک کے لوگوں کی گفتگو کا تو میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی کنویں کے پاس جاؤں اور اپنے آپ کو اس میں گرالوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ

یہ حدیث ایوب سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں خالد بن خداش اکیلے ہیں۔

583 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ صَالِحٍ النَّحَّاسُ قَالَ: نا هُشَيْمٌ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل

582- أخرجه الطبراني في الكبير جلد23صفحه121 رقم الحديث: 157-158 . انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه243 .

583- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه54 رقم الحديث: 12452 . انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه311 .

عَنْ اَبِی بِشْرٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَنْ اَخَذْتُ حَبِیبَتَهُ، فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، لَمْ اَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ

فرماتا ہے کہ جس کی میں دومحبوب چیزیں لےلوں اور وہ صبر کرے اور ثواب کی نیت کرے تو میں اس کو ثواب میں جنت کے سوا دینے پر راضی نہ ہوں گا۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی بِشْرٍ اِلَّا هُشَیْمٌ، وَلَا یُرْوَی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابی بشر سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

584 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ: حَدَّثَنِی عَمِّی عِیسَی بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ: نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْفَزَارِیُّ قَالَ: نا مُعَاوِیَةُ بْنُ اَبِی الْعَبَّاسِ الْقَیْسِیُّ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ رَبِیعَةَ الْاَسَدِیِّ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِیِّ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ اِذَا حَدَّثَنِی عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَاِذَا حَلَفَ صَدَّقْتُهُ، وَحَدَّثَنِی اَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ اَبُو بَكْرٍ، اَنَّهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ یُذْنِبُ ذَنْبًا، فَیُصَلِّی رَكْعَتَیْنِ، ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ، اِلَّا غَفَرَ لَهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی آدمی جب مجھے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان کرتا ہے تو میں اس سے قسم لیتا ہوں‘ جب وہ قسم اُٹھالیتا ہے تو میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ اور مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور ابوبکر نے سچ ہی کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو بندہ گناہ کرنے کے بعد دو رکعت نماز ادا کرتا ہے‘ پھر اللہ سے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ اس کو بخش دیتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِی الْعَبَّاسِ اِلَّا مَرْوَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِیسَی بْنُ الْمُسَاوِرِ

یہ حدیث معاویہ بن ابی العباس سے صرف مروان ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں عیسیٰ بن مساور اکیلے ہیں۔

585 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

584- أخرجه أبو داؤد فی الصلاة جلد 2 صفحه 87 رقم الحديث: 1521‘ والترمذی فی تفسير القرآن جلد 5 صفحه 228 رقم الحديث: 3006‘ وابن ماجة فی اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 448 رقم الحديث: 1395‘ والامام أحمد فی مسنده جلد 1 صفحه 3 رقم الحديث: 2 .

585- أخرجه البخاری فی الايمان جلد 1 صفحه 166 رقم الحديث: 57‘ ومسلم فی الايمان جلد 1 صفحه 85 .

قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى إِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

رسول اللہ ﷺ سے نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر بیعت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث داؤد بن ابی ھند سے صرف اسماعیل بن زکریا ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

586 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبِي، وَعَمِّي عِيسَى، قَالَا: نَا سُوَيْدٌ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ، أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا' اگر تجھے وہ بغیر مانگے دی گئی تو تیری اس حوالہ سے مدد کی جائے گی اور اگر مانگنے سے دی گئی تو وہ تیرے سپرد کر دی جائے گی' جب تُو کسی کام پر قسم اُٹھالے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر اور اپنی قسم کا کفارہ دے دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا سُوَيْدٌ تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنَا الْمُسَاوِرِ

یہ حدیث سفیان سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن المساورا کیلے ہیں۔

587 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد "مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ" (الحشر:٥) کے متعلق فرماتے ہیں کہ "اَللِّيْنَةُ" سے مراد کھجور کا درخت ہے اور "وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ" اُن کو قلعوں سے اتارا گیا اور

586- أخرجه البخاري في الأحكام جلد13صفحه132 رقم الحديث: 7146 .

587- أخرجه الترمذي في التفسير جلد5صفحه408 رقم الحديث: 3304 .

(الحشر: 5) قَالَ: اللِّينَةُ: النَّخْلَةُ. وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ قَالَ: اسْتَنْزَلُوهُمْ مِنْ حُصُونِهِمْ، وَاُمِرُوا بِقَطْعِ النَّخْلِ، فَحَكَّ فِي صُدُورِهِمْ، فَقَالَ الْمُسْلِمُونَ: قَطَعْنَا بَعْضَهَا وَتَرَكْنَا بَعْضَهَا، فَلَنَسْاَلَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَنَا فِيمَا قَطَعْنَا مِنْ اَجْرٍ؟ وَهَلْ عَلَيْنَا فِيمَا تَرَكْنَا مِنْ وِزْرٍ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى اُصُولِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ) (الحشر:5)."

اُن کو حکم دیا گیا کھجوریں کاٹنے کا۔ صحابہ کرام کے دل میں یہ بات کھٹکی تو مسلمانوں نے فرمایا: ہم بعض کو کاٹتے ہیں اور بعض کو چھوڑتے ہیں' ہم ضرور رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھیں گے کہ کیا کاٹنے میں ہمارے لیے ثواب ہے؟ اور کیا ہمارے چھوڑنے پر گناہ ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُولِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ'' (الحشر:۵)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَفَّانُ

یہ حدیث حبیب بن ابی عمرہ سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عفان اکیلے ہیں۔

588 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ اِلَّا بِمِئْزَرٍ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، فَلَا يَقْعُدَنَّ عَلَى مَائِدَةٍ يُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں تہبند کے ساتھ داخل ہو اور جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کے دور چلتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا الْحَسَنُ

یہ حدیث لیث سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں۔

589 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا

حضرت مجزاہ بن زاھر اپنے والد سے روایت

588- أخرجه النسائي في الغسل جلد 1صفحه163' والامام أحمد في مسنده جلد 3صفحه416 رقم الحديث: 14663.

589- انظر: لسان الميزان جلد 4صفحه169 . أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 5312' والبزار جلد 1 صفحه491 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه188-189 .

عِصْمَةُ الْخَرَّازُ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصِيَامِ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَجْزَاَةَ اِلَّا شَرِيكٌ

کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم دیا اور فرمایا: جو (عاشورہ کے دن) روزہ کی حالت میں ہو اس کو چاہیے کہ وہ روزہ مکمل کرے اور جو روزہ کی حالت میں نہیں وہ بقیہ دن روزہ کی حالت میں رہے۔

یہ حدیث مجزاہ سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

590 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ النَّطَّاحِ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى اِسْحَاقَ بْنِ عِيسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ دَارَهُ، فَحَدَّثَنَا عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ لِاَبِي بَكْرٍ مَجْلِسٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُومُ عَنْهُ اِلَّا لِلْعَبَّاسِ، فَكَانَ يَسُرُّ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْبَلَ الْعَبَّاسُ يَوْمًا، فَزَالَ لَهُ اَبُو بَكْرٍ عَنْ مَجْلِسِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَمُّكَ قَدْ اَقْبَلَ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ مُبْتَسِمًا، فَقَالَ: هَذَا الْعَبَّاسُ قَدْ اَقْبَلَ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيضٌ وَسَيَلْبَسُ وَلَدُهُ مِنْ بَعْدِهِ السَّوَادَ، وَيَمْلِكُ مِنْهُمُ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا . فَلَمَّا جَاءَ الْعَبَّاسُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا قُلْتَ لِاَبِي بَكْرٍ؟ قَالَ: مَا قُلْتُ اِلَّا خَيْرًا. قَالَ: صَدَقْتَ بِاَبِي وَاُمِّي لَا تَقُولُ اِلَّا خَيْرًا . قَالَ: قُلْتُ: قَدْ اَقْبَلَ عَمِّي، وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بَيَاضٌ، وَسَيَلْبَسُ وَلَدُهُ مِنْ بَعْدِهِ السَّوَادَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس سے نہیں اُٹھتے تھے سوائے حضرت عباس کیلئے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو بڑا پسند کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ایک دن آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے لیے اپنی جگہ سے کھسکے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو فرمایا: تمہیں کیا ہوا؟ عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے چچا آئے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کی طرف دیکھا پھر حضرت ابوبکر کی طرف تبسم فرماتے ہوئے متوجہ ہوئے اور فرمایا: بے شک یہ عباس آئے ہیں' وہ اس حالت میں آئے کہ انہوں نے سفید کپڑے زیب تن کیے ہوئے ہیں اور عنقریب ان کی اولاد اس کے بعد کالے کپڑے پہنے گی اور ان کی اولاد سے بارہ آدمی بادشاہ ہوں گے۔ جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ آئے تو عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ابوبکر سے کیا فرمایا ہے؟ فرمایا: میں نے اچھا ہی کہا ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ جو فرماتے ہیں بہتر ہے' فرمایا: میں نے

590- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10 صفحه346 رقم الحديث: 10675 .

وَيَمْلِكُ مِنْهُمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا

تھا کہ میرا چچا آیا ہے' اس نے سفید کپڑے پہنے ہوئے ہیں عنقریب اس کی اولاد اس کے بعد کالے کپڑے پہنے گی اور ان میں سے بارہ آدمی بادشاہ ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث اسحاق سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن صالح اکیلے ہیں۔

591 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ اِلَى جِذْعٍ، فَلَمَّا بَنَى الْمِنْبَرَ، حَنَّ الْجِذْعُ، فَاحْتَضَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَكَنَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک کھجور کے تنے پر سہارا لے کر خطبہ ارشاد فرماتے تھے' جب آپ کے لیے منبر بنایا گیا تو وہ تنا رونے لگا' نبی کریم ﷺ نے اس کو اپنے گلے سے لگایا تو وہ خاموش ہو گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ الْمُسَاوِرِ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف ولید بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عیسیٰ بن مساور اکیلے ہیں۔

592 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ الْمَطَرَ قَحَطَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، حَتَّى غَلَا السِّعْرُ، وَخَشَوُا الْهَلَاكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مدینہ شریف میں بارش کا قحط ہو گیا یہاں تک کہ غلہ مہنگا ہو گیا اور مال ہلاک ہونے کا ڈر ہونے لگا اور ہم کو اپنی جانوں پر خوف آنے لگا۔ سو ہم نے عرض کی: اپنے رب سے ہمارے لیے بارش

591- أخرجه ابن ماجة فى اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 455 رقم الحديث: 1417' والدارمى فى المقدمة جلد 1 صفحه 30 رقم الحديث: 33' والامام أحمد فى مسنده جلد 3 صفحه 375 رقم الحديث: 14292 .

592- أخرجه أبو داؤد فى الصلاة جلد 1 صفحه 33 رقم الحديث: 1174' والنسائى فى الاستسقاء جلد 3 صفحه 130' والامام أحمد فى مسنده جلد 3 صفحه 238-239 رقم الحديث: 13021 .

عَلَى الْأَمْوَالِ، وَخَشِينَا الْهَلَاكَ عَلَى أَنْفُسِنَا، فَقُلْنَا: ادْعُ رَبَّكَ أَنْ يَسْقِيَنَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، وَلَا وَاللّٰهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ بَيْضَاءَ، وَلَا وَاللّٰهِ مَا قَبَضَ يَدَهُ حَتَّى رَأَيْتُ السَّمَاءَ تَشَقَّقُ مِنْ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، حَتَّى رَأَيْتُ رُكَامًا، فَصَبَّ سَبْعَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، مِنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى، وَالسَّمَاءُ تَسْكُبُ۔ فَقَالُوا: خَشِينَا الْغَرَقَ، فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ أَنْ يَحْبِسَهَا، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَافِعًا يَدَيْهِ، وَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ خَضْرَاءَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا۔ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا قَبَضَ يَدَهُ حَتَّى رَأَيْتُ السَّمَاءَ تَصَدَّعُ۔ لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ وَثَابِتٍ جَمِيعًا إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

مانگیں! تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک آسمان کی طرف اُٹھائے' اللہ کی قسم! ہم نے آسمان پر سفیدی ہی دیکھی' اللہ کی قسم! آپ نے اپنے دست مبارک منہ پر پھیرے نہیں تھے یہاں تک کہ اِدھر اُدھر سے بارش ہی بارش برسنا شروع ہوگئی یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ پانی جمع ہوگیا ہے' سات دن وراتیں ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک بارش برستی رہی' آسمان پانی برسا رہا تھا۔ صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہم کو اس میں ڈوبنے کا خوف ہوا' ہمارے لیے دعا کریں اپنے رب سے بارش روکنے کی۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ نے اپنے دونوں دست مبارک اُٹھائے' ہم نے آسمان نہیں دیکھا تھا' آپ نے دعا کی: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسے ہم پر نہ برسے! اللہ کی قسم! آپ نے اپنے دست مبارک نہیں پھیرے تھے حتیٰ کہ میں نے آسمان کو صاف دیکھا۔

593 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا أَبُو بِلَالٍ قَالَ: نا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ، فَإِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ، فَاقْدُرُوا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مہینہ انتیس دنوں کا بھی ہوتا ہے' جب تم چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب چاند دیکھو تو افطار (یعنی روزے رکھنا چھوڑو) کرو' اگر آسمان پر بادل ہوں تو گنتی پوری کرلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ الْفَضْلِ إِلَّا أَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث عدی بن فضل سے صرف ابوبلال ہی روایت کرتے ہیں۔

593- أخرجه مسلم فی الصيام جلد 2 صفحه 760' أخرجه البخاری فی الصوم جلد 4 صفحه 143 رقم الحديث: 1907.

594 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَتْ قُرَيْشٌ كَافَّةً عَنِّي حَتَّى مَاتَ اَبُو طَالِبٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریش سارے کے سارے میری مدد کرتے رہے یہاں تک کہ ابوطالب فوت ہوگئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا قَيْسٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوبلال اکیلے ہیں۔

595 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانٍ قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ اَحَبُّ الدُّعَاءِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَدْعُوَ ثَلَاثًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تین دفعہ دعا کرنا بہت پسند تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ اِلَّا زَائِدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنٌ وَرَوَاهُ اَصْحَابُ اَبِي اِسْحَاقَ: عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث از ابواسحاق از ابوعبیدہ صرف زائدہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسین اکیلے ہیں۔ محدثین نے ابواسحاق سے' انہوں نے محمد بن مرہ سے' انہوں نے عبداللہ سے روایت کی۔

596 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخُو اَبِي مَعْمَرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَازَ شَهَادَةَ الْقَابِلَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے دایہ کی شہادت کو جائز قرار دیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مُحَمَّدُ

یہ حدیث اعمش سے صرف محمد بن عبدالملک ہی

-594 انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه18 .

-595 انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه154 .

-596 انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه204 .

بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

روایت کرتے ہیں۔

597 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: لَمَّا اَرَادَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخُرُوجَ اِلَى الْعِرَاقِ، قَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: لَا تَخْرُجْ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَاخْتَارَ الْآخِرَةَ، وَاِنَّكَ لَنْ تَنَالَهَا اَنْتَ، وَلَا اَحَدٌ مِنْ وَلَدِكَ، فَلَمَّا اَبَى اِلَّا الْخُرُوجَ، قَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: اَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ مِنْ مَقْتُولٍ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ نے عراق جانے کا ارادہ کیا تو آپ سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کی: آپ نہ جائیں! بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دنیا اور آخرت کا اختیار دیا تو آپ نے آخرت کو اختیار کیا اور آپ اس کو نہیں پا سکیں گے اور نہ آپ کی اولاد میں سے کوئی۔ جب آپ رضی اللہ عنہ نے انکار کیا کہ میں نے جانا ہے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کی: میں اس شہید سے آپ کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَشَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ

یہ حدیث امام شعبی سے صرف یحییٰ بن اسماعیل بن سالم ہی روایت کرتے ہیں اور یحییٰ بن اسماعیل سے صرف سعید بن سلیمان اور شبابہ بن سوار ہی روایت کرتے ہیں۔

598 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْتَرِسُوا مِنَ النَّاسِ بِسُوءِ الظَّنِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے متعلق برے گمان سے پرہیز کرو۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

599 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، وَالْفَضْلُ بْنُ غَانِمٍ، قَالَا: نا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حیض کی کم از کم

598- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه81 .

599- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه283 .

عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَقَلُّ الْحَيْضِ ثَلَاثٌ، وَأَكْثَرُهُ عَشْرٌ

مدت تین دن اور زیادہ سے زیادہ دس دن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا الْعَلَاءُ

یہ حدیث مکحول سے صرف علاء ہی روایت کرتے ہیں۔

600 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، وَبَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُوشِكُ الرَّجُلُ أَنْ يُهِمَّهُ، مَنْ أَنْ يَقْبَلَ صَدَقَتَهُ مِنْهُ، فَلَا يَجِدُهُ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عنقریب آدمی صدقہ کرنے کا ارادہ کرے گا تو اس کا صدقہ قبول کرنے والا کوئی نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ إِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث مبارک سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

601 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيِّتَةً فَهِيَ لَهُ، وَلَيْسَ لِعِرْقِ ظَالِمٍ حَقٌّ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بنجر زمین کو آباد کیا تو وہ اسی کی ہے اور ظالم کے لیے اس میں کوئی حق نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث از ہشام از والد خود از حضرت عبداللہ بن عمرو صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

602 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ سے

600- أخرجه البخاري: الفتن جلد13صفحه88 رقم الحديث: 7120، ومسلم: الزكاة جلد2صفحه700، وأحمد: المسند جلد4صفحه376 رقم الحديث: 18753، وابن أبي شيبة قاله الحافظ السيوطي في الدر المنثور جلد1 صفحه356 .

601- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه161 .

602- أخرجه البخاري في جزاء الصيد رقم الحديث: 1829، ومسلم في الحج جلد2صفحه857 .

عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ: نا اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ، يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ، ويَقْتُلُهُنَّ الْمُحْرِمُ: الْحِدَاَةُ، وَالْحَيَّةُ، وَالْفَارَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جانوروں میں سے پانچ ایسے ہیں جو سارے کے سارے فاسق ہیں اُن کو حل وحرم میں مارنا جائز ہے اُن کو محرم بھی مار سکتا ہے: (۱) چیل (۲) سانپ (۳) چوہا (۴) بچھو (۵) پاگل کتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے صرف ابن ابی لیلیٰ ہی روایت کرتے ہیں ان سے صرف اُن کی اولاد ہی روایت کرتی ہے۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ جو چار رکعت آپ زوال کے وقت پڑھتے ہیں' یہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت آسمان سے رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' وہ ظہر کی نماز پڑھنے تک بند نہیں ہوتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میں کوئی نیکی آگے بھیجوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ اِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

اسے سعد بن مسروق نے صرف مفضل بن صدقہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن ثابت اکیلے ہیں۔

2084 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: عُرِضَتِ الْجُمُعَةُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَاءَ جِبْرِيلُ فِي كَفِّهِ كَالْمِرْآةِ الْبَيْضَاءِ فِي وَسَطِهَا كَالنُّكْتَةِ السَّوْدَاءِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذِهِ الْجُمُعَةُ يَعْرِضُهَا عَلَيْكَ رَبُّكَ لِتَكُونَ لَكَ عِيدًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ رسول اللہ ﷺ پر پیش کیا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام اس حالت میں تشریف لائے گویا کہ آپ کی ہتھیلی میں سفید شیشہ ہے جس کے درمیان گویا سیاہ نکتہ ہے' آپ نے فرمایا: جبریل یہ کیا ہے؟ حضرت جبریل نے عرض کی: یہ جمعہ ہے جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے پیش کیا گیا ہے تاکہ آپ اور آپ کے بعد آپ کی قوم والوں کے لیے عید ہو جائے' اور آپ کے لیے اس

2083- اخرجه ابو داؤد في الصلاة جلد 2 صفحه 23 رقم الحديث: 1270' وابن ماجه في الاقامة جلد 1 صفحه 365 رقم الحديث: 1157' وأحمد في المسند جلد 5 صفحه 486 رقم الحديث: 23593' والطبراني في الكبير جلد 4 صفحه 119 رقم الحديث: 3854 .

2084- انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 166-167 .

وَلِقَوْمِكَ مِنْ بَعْدِكَ، وَلَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ تَكُونُ اَنْتَ الْاَوَّلُ، وَيَكُونُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى مِنْ بَعْدِكَ، وَفِيهَا سَاعَةٌ لَّا يَدْعُو اَحَدٌ رَّبَّهُ بِخَيْرٍ هُوَ لَهُ قَسْمٌ اِلَّا اَعْطَاهُ، اَوْ يَتَعَوَّذُ مِنْ شَرٍّ اِلَّا دَفَعَ عَنْهُ مَا هُوَ اَعْظَمُ مِنْهُ، وَنَحْنُ نَدْعُوهُ فِي الْآخِرَةِ يَوْمَ الْمَزِيدِ، وَذٰلِكَ اَنَّ رَبَّكَ اتَّخَذَ فِي الْجَنَّةِ وَادِيًا اَفْيَحَ مِنْ مِسْكٍ اَبْيَضَ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ نَزَلَ مِنْ عِلِّيِّينَ، فَجَلَسَ عَلَى كُرْسِيِّهِ، وَحَفَّ الْكُرْسِيَّ بِمَنَابِرَ مِنْ ذَهَبٍ مُّكَلَّلَةٍ بِالْجَوَاهِرِ، وَجَاءَ الصِّدِّيقُونَ وَالشُّهَدَاءُ فَجَلَسُوا عَلَيْهَا، وَجَاءَ اَهْلُ الْغُرَفِ مِنْ غُرَفِهِمْ حَتَّى يَجْلِسُوا عَلَى الْكَثِيبِ، وَهُوَ كَثِيبٌ اَبْيَضُ مِنْ مِسْكٍ اَذْفَرَ، ثُمَّ يَتَجَلَّى لَهُمْ فَيَقُولُ: اَنَا الَّذِي صَدَقْتُكُمْ وَعْدِي، وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَهٰذَا مَحَلُّ كَرَامَتِي، فَسَلُونِي، فَيَسْاَلُونَهُ الرِّضَا، فَيَقُولُ: رِضَايَ اُحِلُّكُمْ دَارِي، وَاَنَالَكُمْ كَرَامَتِي، فَسَلُونِي، فَيَسْاَلُونَهُ الرِّضَا، فَيُشْهِدُ عَلَيْهِمْ عَلَى الرِّضَا، ثُمَّ يَفْتَحُ لَهُمْ مَا لَمْ تَرَ عَيْنٌ، وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، اِلَى مِقْدَارِ مُنْصَرَفِهِمْ مِنَ الْجُمُعَةِ، وَهِيَ زَبَرْجَدَةٌ خَضْرَاءُ اَوْ يَاقُوتَةٌ حَمْرَاءُ، مُطَّرِدَةٌ فِيهَا اَنْهَارُهَا، مُتَدَلِّيَةٌ، فِيهَا ثِمَارُهَا، فِيهَا اَزْوَاجُهَا وَخَدَمُهَا، فَلَيْسَ هُمْ فِي الْجَنَّةِ بِاَشْوَقَ مِنْهُمْ اِلَى يَوْمِ الْجُمُعَةِ لِيَزْدَادُوا نَظَرًا اِلَى رَبِّهِمْ عَزَّ وَجَلَّ وَكَرَامَتِهِ، وَلِذٰلِكَ دُعِيَ يَوْمَ الْمَزِيدِ

میں بھلائی ہے کہ آپ سب سے اوّل اس کو لینے والے ہیں' اوور یہود و نصاریٰ آپ کے بعد ہیں' اس میں ایک ایسا وقت ہوتا ہے کہ اس وقت اللہ عزوجل سے کوئی بھلائی مانگی جائے تو وہ اسے عطا کی جاتی ہے یا اگر کسی شر سے پناہ مانگے گا تو اس سے شر سے پناہ دی جائے گی' وہ اس سے بڑی نہیں ہوگی اور ہم اس کو آخرت میں یوم مزید کے نام سے پکارتے ہیں' اور یہ کہ آپ کے رب نے جنت میں ایک وادی بنائی ہے جس کی خوشبو سفید مشک سے بھی زیادہ ہے' پس جب جمعہ کا دن ہوا تو آپ کا رب علیین سے نیچے اُترا ہے (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) اور کرسی پر تشریف فرما ہوا اور کرسی کے اردگرد منبر رکھے جاتے ہیں جو جواہرات سے مزین ہوتے ہیں' صدیقین و شہداء آتے ہیں اور اس پر بیٹھتے ہیں' کمروں والے اپنے کمروں سے آتے ہیں' یہاں تک کہ ٹیلوں پر بیٹھتے ہیں' اور وہ ٹیلے مشک ازفر سے زیادہ سفید ہوتی ہے' پھر اُن کے لیے تجلی فرماتا ہے تو فرماتا ہے: میں وہ ہوں! جس نے تم سے وعدہ سچا کیا ہے' اور میں تم پر اپنی نعمت مکمل کی ہے' یہ محل میری عزت ہے' مجھ سے مانگو! تو وہ اللہ سے رضا مانگیں گے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: میری رضا تمہارے لیے حلال ہوگئی اور میری عزت کی قسم! مجھ سے مانگو تو وہ اس کی رضا مانگیں گے سو وہ' اس کے لیے رضا کی گواہی دیں گے' پھر اُن کے لیے ایسی شے کھولی جائے گی جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھی اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا ہے' ان کے جمعہ سے لوٹنے کی مقدار اور یہ کہ

زبرجد یا سرخ یاقوت اس کے اردگرد نہریں ہوں گی' اس میں ان کی بیویاں اور خادم ہوں گے' جنت میں جمعہ کے دن سے بڑھ کر کوئی شوق والا دن نہیں ہوگا ان کے رب عزوجل کی اور اس کی بزرگی کو دیکھتے ہوئے اس لیے اسے یوم مزید کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِى عِمْرَانَ اِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدٌ

ابوعمران سے صرف عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں' اُکے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

2085 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ حَوْشَبِ بْنِ عَقِيلٍ، اَنَّ رَجُلًا حَدَّثَ عِنْدَ الْحَسَنِ بِحَدِيثٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ: مَنْ حَدَّثَكَ بِهَذَا؟ قَالَ: الْفُقَهَاءُ . قَالَ: وَهَلْ رَاَيْتَ بِعَيْنِكَ فَقِيهًا قَطُّ؟ ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرِى مَنِ الْفَقِيهُ؟ الْفَقِيهُ: الزَّاهِدُ فِى الدُّنْيَا، الرَّاغِبُ فِى الْآخِرَةِ، الْبَصِيرُ بِهَذَا الدِّينِ، الْمُتَمَسِّكُ بِالْعِلْمِ

حضرت حوشب بن عقیل روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت حسن بصری کے پاس حدیث بیان کر رہا تھا' حضرت حسن بصری نے فرمایا: یہ آپ کو کس نے بیان کی ہے؟ اس نے عرض کی: فقہاء نے' آپ نے فرمایا: کیا تو نے اپنی آنکھ سے کبھی فقیہ دیکھا ہے؟ پھر فرمایا: کیا تو جانتا ہے کہ فقیہ کون ہے؟ فرمایا: فقیہ دنیا سے بے رغبت اور آخرت کی طرف راغب' دین کی بصیرت رکھنے والا اور علم کو مضبوطی سے پکڑنے والا ہوتا ہے۔

2086 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: نَا كَثِيرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، كَيْفَ اِذَا بَقِيتَ فِى حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَاَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا فَصَارُوا هَكَذَا ، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ؟ قَالَ: مَا تَاْمُرُنِى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَيْكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! وہ کیا وقت ہوگا جب لوگوں میں گھٹیا ترین باقی رہیں گے' ان میں وعدہ اور امانت نام کی شے نہیں ہوگی اور وہ اختلاف کریں گے' تو وہ اس طرح ہو جائیں گے' اور آپ نے اپنی انگلیوں کے درمیان تشبیک فرمائی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟

2086- أخرجه البخارى فى الصلاة جلد 1 صفحه 673 رقم الحديث: 480' وأبو داؤد فى الملاحم جلد 4 صفحه 121 رقم الحديث: 4343' وابن ماجه فى الفتن جلد 2 صفحه 1307 رقم الحديث: 3957' وأحمد فى المسند جلد 2 صفحه 219 رقم الحديث: 6515 .

بِمَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَإِيَّاكَ وَعَوَامَّهُمْ

آپ ﷺ نے فرمایا: تم وہ کرو جو تم جانتے ہو اور وہ چھوڑ دو جو تم نہیں جانتے' اور تم اپنے آپ کو بالخصوص بچاؤ اور لوگوں کو چھوڑ دو۔

2087 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ شَيْخًا، مِنْ غِفَارٍ، يُكْنَى: اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَمَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالسِّوَاكِ حَتَّى ظَنَنْتُ اَنْ سَاَدْرَدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے کئی مرتبہ مسواک کی تلقین کی یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ کہیں یہ فرض نہ ہو جائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَهْلٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث سہل سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبید بن واقد اکیلے ہیں۔

2088 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: صَلَّى لَنَا اِمَامٌ يُكْنَى اَبَا رِمْثَةَ فِي مُصَلَّانَا الْعَصْرَ، وَمَعَنَا رَجُلٌ شَهِدَ تَكْبِيرَةَ الْاُولَى، فَلَمَّا انْصَرَفَ اَبُو رِمْثَةَ قَامَ الرَّجُلُ يَشْفَعُ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ اَبُو رِمْثَةَ، فَقَالَ: صَلَّيْتُ هَذِهِ الصَّلَاةَ، اَوْ مِثْلَ هَذِهِ الصَّلَاةِ، مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يُقَدَّمَانِ فِي الصَّلَاةِ، وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيرَةَ الْاُولَى مِنَ الصَّلَاةِ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينٍ وَيَسَارٍ، حَتَّى رَاَيْتُ وَضَحَ خَدَّيْهِ، ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ اَبِي

حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں ایسے امام نے نماز پڑھائی' جس کی کنیت ابورمثہ تھی' ہماری عصر کی نماز کی جگہ میں ہمارے ساتھ ایک آدمی تھا جو تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا' جب ابورمثہ نے سلام پھیرا تو وہ آدمی کھڑا ہوا' اس نے دو رکعت نماز ادا کی۔ تو حضرت ابورمثہ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا: تو نے یہ نماز پڑھی ہے یا اس طرح کی نماز نبی کریم ﷺ کے ساتھ' اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں نماز کے لیے آئے' ایک آدمی تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا' تو نبی کریم ﷺ نماز پڑھا رہے تھے' آپ نے دائیں و بائیں جانب سلام پھیرا یہاں تک کہ میں نے آپ کے رخسار دیکھے' میں نے ابورمثہ کی طرح یعنی ان کی طرح' پس قوم

2087- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه 102 .

2088- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه 237 .

رِمْثَةَ، يَعْنِي: نَفْسَهُ، فَاسْتَقْبَلَ الْقَوْمَ، فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِي أَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيرَةَ الْأُولَى يَشْفَعُ، فَقَامَ إِلَيْهِ عُمَرُ، فَأَخَذَ بِمَنْكِبِهِ، فَلَهَزَهُ، ثُمَّ قَالَ: اجْلِسْ، فَإِنَّهُ لَمْ يُهْلِكْ أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِصَلَاتِهِمْ فَصْلٌ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ إِلَيْهِ فَقَالَ: أَصَابَ اللَّهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ

کی طرف منہ کیا' تو وہ آدمی کھڑا ہوا جو تکبیر اولیٰ میں شریک ہوا تھا اور دو رکعت ادا کیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی طرف کھڑے ہوئے' اس کو کندھے سے پکڑا اور جھٹکا' پھر فرمایا: بیٹھ جا! کیونکہ تو اہل کتاب کو ہلاک نہیں کرے گا' سوائے اس کے کہ وہ نماز میں فاصلہ نہیں کرتے تھے' تو نبی کریم ﷺ نے اپنی نگاہ ان کی طرف اُٹھائی' آپ نے فرمایا: اے ابن خطاب! اللہ تمہیں جزاء دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمِنْهَالُ

یہ حدیث حضرت ابورمثہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں منہال اکیلے ہیں۔

2089 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، وَدُمُوعُهُ تَتَحَدَّرُ، عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا ظَهَرَ السُّوءُ فِي الْأَرْضِ أَنْزَلَ اللَّهُ بَأْسَهُ بِأَهْلِ الْأَرْضِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ فِيهِمْ صَالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ وَإِنْ كَانَ فِيهِمْ صَالِحُونَ، يُصِيبُهُمْ مَا أَصَابَ النَّاسَ، ثُمَّ يَرْجِعُونَ لِرَحْمَةِ اللَّهِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی کریم ﷺ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب زمین میں بُرائی پھیلتی ہے تو اللہ عزوجل کا عذاب نازل ہوتا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ ان میں نیک لوگ بھی ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اگرچہ نیک ہوں اُن کو بھی وہی عذاب ملے گا جو ان لوگوں کو ملا ہے' پھر وہ اللہ کی رحمت کی طرف لوٹیں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ جَامِعٍ إِلَّا زُبَيْدٌ، وَلَا عَنْ زُبَيْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

اسے جامع سے صرف زبید اور زبید سے صرف محمد بن طلحہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہاشم بن قاسم اکیلے ہیں۔

2090 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بریرہ

2089- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد6صفحه304-294' والحاكم في مستدركه جلد4صفحه523' وأبو نعيم في الحلية جلد10صفحه218 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه217 .

مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، وهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، كِلَاهُمَا، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَتْ بَرِيرَةُ تَحْتَ مَمْلُوكٍ، فَعُتِقَتْ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهَا بِيَدِهَا

لونڈی تھی' اس کو آزاد کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اس کے معاملہ میں اختیار دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

اسے ہشام سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2091 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو طَلْحَةَ مُوسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَجُلًا لَبِسَ حُلَّةً مِّثْلَ حُلَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَتَى اَهْلَ بَيْتٍ مِّنَ الْمَدِينَةِ فَقَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي اَيَّ اَهْلِ بَيْتٍ شِئْتُ اسْتَطْلَعْتُ، فَقَالُوا: عَهْدُنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَوَاحِشِ قَالَ: فَاَعَدُّوا لَهُ بَيْتًا، وَاَرْسَلُوا رَسُولًا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ، فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ لِاَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ: انْطَلِقَا اِلَيْهِ، فَاِنْ وَجَدْتُمَاهُ حَيًّا فَاقْتُلَاهُ، ثُمَّ حَرِّقَاهُ بِالنَّارِ، وَاِنْ وَجَدْتُمَاهُ قَدْ كُفِيتُمَاهُ فَحَرِّقَاهُ، وَلَا اَرَاكُمَا اِلَّا وَقَدْ كُفِيتُمَاهُ، فَاَتَيَاهُ فَوَجَدَاهُ قَدْ خَرَجَ مِنَ اللَّيْلِ يَبُولُ، فَلَدَغَتْهُ حَيَّةٌ اَفْعَى، فَمَاتَ، فَحَرَّقَاهُ بِالنَّارِ، ثُمَّ رَجَعَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَاهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح حلّہ پہنے ہوئے تھا' وہ پھر وہ مدینہ میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا تو کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے کہ اے اہل بیت! میں چاہتا ہوں کہ میں تم کو اس پر مطلع کروں' انہوں نے عرض کی: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وعدہ لیا ہے' وہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتے ہیں۔ اس نے کہا: انہوں نے اس کے لیے ایک گھر تیار کیا اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ایک نمائندہ بھیجا اور آپ کو بتایا' تو آپ نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو فرمایا: دونوں جاؤ! اگر تم اس کو زندہ پاؤ تو دونوں اس کو قتل کر دو' پھر اس کو آگ میں جلاؤ اور اگر تم دونوں اس کو پاؤ کہ وہ جل رہے ہیں تو اس کو مزید جلاؤ۔ پس دونوں بزرگ آئے' تو انہوں نے اس حالت میں پایا کہ وہ آدمی رات کو پیشاب کرنے کے لیے نکلا ہے تو اس کو سانپ نے ڈسا اور وہ مر گیا' سو انہوں نے اس کو آگ میں جلا دیا' پھر دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ

2091- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه148 .

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

میں واپس آئے اور آپ کو خبر دی۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا وُهَیْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَیْبٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو طَلْحَةَ

یہ حدیث عطاء سے صرف وہیب اور وہیب سے صرف احمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوطلحہ اکیلے ہیں۔

2092 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الْغِفَارِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنُ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا عُرِجَ بِی اِلَی السَّمَاءِ، مَا مَرَرْتُ بِسَمَاءٍ اِلَّا وَجَدْتُ فِیهَا اسْمِی: مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ الصِّدِّیقُ مِنْ خَلْفِی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں جس آسمان کے پاس سے بھی گزرا مگر اس میں' میں نے اپنا نام محمد رسول اللہ ﷺ پایا اور میرے پیچھے ابوبکر صدیق کا نام تھا۔

2093 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِیعِ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَارِثِیُّ قَالَ: نَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ قَالَ: نَا شَرِیكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَیْحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَاءُ لَا یُنَجِّسُهُ شَیْءٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی کو کوئی شے ناپاک نہیں کرتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْمِقْدَامِ اِلَّا شَرِیكٌ

یہ حدیث مقدام سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

2094 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ، قَالَ نَا جَابِرُ بْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم

2092- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه44 .

2093- أخرجه البزار جلد1صفحه132 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه217 .

2094- أخرجه مسلم فی المساجد جلد1صفحه414' وأبو داؤد فی الصلاة جلد2صفحه85 رقم الحديث: 1512' والترمذی فی الصلاة جلد2صفحه95 رقم الحديث: 298' والنسائی فی السهو جلد3صفحه58

كُرْدِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ﷺ جب نماز سے سلام پھیرتے تھے تو آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث مقدام بن شریح سے صرف قیس سے روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن اسحاق اکیلے ہیں۔

2095 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَى فِي حُشَّانٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ ضَعِيفُ الصَّوْتِ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَفَتَحْتُ، فَاِذَا اَبُو بَكْرٍ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَجَلَسَ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَفَتَحْتُ، فَاِذَا عُمَرُ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ بَعْدَ بَلَاءٍ يُصِيبُهُ، فَفَتَحْتُ الْبَابَ، فَاِذَا عُثْمَانُ، فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ جَلَسَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے باغوں میں پاخانہ فرمایا کہ ایک آدمی آیا جس کی آواز کمزور تھی' اس نے سلام کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو پس میں نے دروازہ کھول دیا تو وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے' میں نے آپ کو جنت کی خوشخبری دی' آپ نے اللہ کی حمد کی اور بیٹھ گئے۔ پھر دوسرا آدمی آیا' اُس نے بھی سلام کیا' آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو' میں نے دروازہ کھولا تو وہ حضرت عمر تھے' تو میں نے آپ کو جنت کی خوشخبری دی۔ پھر دوسرا آیا' اس نے بھی سلام کیا' آپ نے فرمایا: اس کو جنت کی خوشخبری دو' آزمائش کے ملنے کے بعد جو اسے پہنچے گی۔ پس میں نے دروازہ کھولا تو وہ حضرت عثمان تھے' میں نے ان کو

(باب الذكر بعد الاستغفار)' وابن ماجه فی الاقامة جلد 1 صفحه 298 رقم الحديث: 924' والدارمی فی الصلاة جلد 2 صفحه 358 رقم الحديث: 1347' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه 70 رقم الحديث: 24392 .

2095- أخرجه البخاری جلد 13 صفحه 52 رقم الحديث: 7097' ومسلم فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1869 .

جنت کی خوشخبری دی تو انہوں نے اللہ کی تعریف کی پھر بیٹھ گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عِمْرَانَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن عمران سے صرف سعید بن ابی عروبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2096 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اجْتَمَعَتْ قُرَيْشٌ فِي دَارِ النَّدْوَةِ، فَذَكَرُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: سَاحِرٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِسَاحِرٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: كَاهِنٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِكَاهِنٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَجْنُونٌ، قَالُوا: لَيْسَ بِمَجْنُونٍ، قَالُوا: يُفَرِّقُ بَيْنَ الْحَبِيبِ وَحَبِيبِهِ، فَصَدَرَ الْمُشْرِكُونَ عَلَى ذَلِكَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَمَّلَ فِي ثِيَابِهِ، وَدُثِّرَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ، يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قریش دارالندوہ میں جمع ہوئے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق گفتگو کرنے لگے' بعض اُن میں سے کہنے لگے: جادوگر ہے' بعض کہنے لگے: جادوگر نہیں ہے' بعض کہنے لگے: کاہن ہے۔ بعض کہنے لگے: وہ کاہن نہیں ہے۔ بعض کہنے لگے: مجنون ہے' بعض کہنے لگے: مجنون نہیں ہے' کہنے لگے: وہ دوست اور دوست کے درمیان تفریق کرتا ہے' مشرکین بھی یہ بات کرتے تھے کہ یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی' آپ نے اپنی چادر اوڑھی ہوئی تھی' تو اللہ عزوجل نے یہ سورتیں نازل فرمائیں: ''يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ، يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَلَّى

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معلّٰی اکیلے ہیں۔

2097 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نَا بَكْرُ بْنُ الْأَسْوَدِ قَالَ: نَا خَبَّابٌ، مَوْلَى بَنِي لَيْثٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! میرا تم پر حق ہے' اور ائمہ قریش کا بھی تم پر حق ہے' جب تک وہ تین کام کریں: جب اُن سے رحم مانگا جائے تو وہ رحم کریں' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو وعدہ پورا کریں'

2096- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه133 .

2097- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه218-219 .

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ لِي عَلَيْكُمْ حَقًّا، وَلِلْأَئِمَّةِ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَيْكُمْ حَقًّا، مَا أَقَامُوا ثَلَاثًا: إِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا وَفَّوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ

جواُن میں سے یہ کام نہ کرے تو اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اس سے اس کا فرض و نفل قبول نہیں کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا خَبَّابٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ الْأَسْوَدِ

یہ حدیث لیث سے صرف خباب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن الاسود اکیلے ہیں۔

2098 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي هَوْذَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَرُبَّمَا أَخَّرَ ذَلِكَ حَتَّى يَجْتَمِعَ عَلَيْهِ صَوْمُ السَّنَةِ، وَرُبَّمَا أَخَّرَهُ حَتَّى يَصُومَ شَعْبَانَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہر ماہ تین روزے رکھتے تھے' بسا اوقات آپ مؤخر کرتے یہاں تک کہ ایک سال کے جمع کر لیتے' اور بسا اوقات اسے مؤخر کرتے حتیٰ کہ آپ شعبان کے روزے رکھتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

2099 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا حُبَيْشُ بْنُ الْوَرْدِ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا' اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ

یہ حدیث ایوب سے صرف حماد بن زید ہی روایت

2098- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه195 .

2099- أخرجه ابن ماجه في النكاح جلد1صفحه629 رقم الحديث: 1958 .

زَيْدٍ، تفرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یونس بن محمد اکیلے ہیں۔

2100 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ كَثِيرٍ الْهَمْدَانِيُّ الْكُوفِيُّ، اَنَّ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُكَيْمٍ الْجُهَنِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِمْ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ: اَلَّا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَّلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم الجہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اُن کی طرف خط لکھا سرزمین جہینہ میں (اس خط میں لکھا تھا) کہ تم ہرگز مردار کے پٹھوں اور کھال سے نفع نہ اُٹھاؤ۔

استاذی المکرم شیخ الحدیث وتفسیر مفتی محمد عبدالغفار سیالوی زید مجدہٗ جنہوں نے اس کتاب کے مکمل مسودے کو ایک بار پڑھا اور جہاں احقر سے کوئی کمی کوتاہی رہ گئی تھی اُس کو پورا کیا۔

احقر نے اپنی اس کتاب میں اپنی سمجھ کے مطابق اور اپنے پڑھنے والوں کی آسانی کے لیے اس کی فہرست کو فقہی طور پر ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب میں قارئین کو دو طرح کی فہرست پڑھنے کو ملے گی:

(1) حروفِ تہجی کے لحاظ سے

(2) جدید عصری مسائل کے مطابق فقہی ترتیب کے لحاظ سے

اگر قارئین اس میں کوئی اچھائی دیکھیں تو میرے رب اور اس کے حبیب ﷺ کے صدقے سے ہے اور اگر کوئی کمی دیکھیں تو وہ احقر کی کم علمی کی وجہ سے ہے۔

خوشخبری: قارئین کے لیے یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل وکرم سے اس کی باقی جلدوں پر کام جاری ہے جو کہ بہت جلد آپ کے ہاتھوں میں ہوں گی اور اُن کی فہرست بھی اسی طرح فقہی ترتیب سے ہوگی۔

☆☆☆☆☆

2100- أخرجه ابو داؤد في اللباس جلد4صفحه66 رقم الحديث: 4128 .

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الاوسط

جلد دوم

تالیف
الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور



پروگریسو بکس

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و نظریات۔۔۔

بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان کے رد۔۔۔

اہلسنت پر کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل

کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے

تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

طالب دعا زوہیب حسن عطاری

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الاوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج

جلد دوم

المعجم الاوسط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

المعجم الأوسط

جلد دوم

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	....	اگست 2015ء
پرنٹرز	....	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول
		میاں شہزاد رسول
قیمت	....	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

كتاب العلم

كتاب الطهارة

كتاب الزكوة والصدقه

كتاب الجنائز

كتاب التفسير

کتاب الحج

کتاب البیوع

کتاب الجهاد

کتاب حرمت الشراب

کتاب النکاح

کتاب آداب الطعام والشراب

کتاب المریض

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

كتاب فضائل الصحابة

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ذکر	2516
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا کا ذکر	2508
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عقیدت	2548
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیارات پر دلیل	2539
قریش سے محبت سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوش ہوتے ہیں	2537
بدر والوں کی شان	2647
حضرت عمر وابوبکر رضی اللہ عنہما ایک بات میں اختلاف کرنا اور اس کی تفصیل	2648
حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی فضیلت	2797
حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کا مقام	2553, 2554
حضرت سلیمان تیمی کی شان	3454
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان سے پلیدی دور کردی گئی ہے	3456
حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت	3458
قرآن اور اہل بیت دونوں جدا نہیں ہوں گے	3542
حضرت اشعث رضی اللہ عنہ کا مقام	3241
حضرت امامہ بنت العاص کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حالت نماز میں کندھوں پر سوار کرتے	3540
ایک گروہ کا ذکر	3536
حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا ذکر	3250
جب حضرت معاذ کو یمن بھیجا گیا	3250
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت کی شان	3478
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ ملک شام آئے	3317
جب مدینہ شریف حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئے تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر رہے	3544
حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی شان	3229
حضرت فاطمہ بنت عمیس رضی اللہ عنہ کے متعلق	3461

كتاب مناقب الامة

کتاب الموت

كتاب الاضحية

كتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

بَابُ الْبَاءِ

بَابُ التَّاءِ

بَابُ الثَّاءِ

بَابُ الْجِيمِ

بَابُ الْحَاءِ

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

2101 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: نَا عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ قُسَيْمًا، مَوْلَى عُمَارَةَ بْنِ عُتْبَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ قَزَعَةَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ . وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ . وَلَا صِيَامَ يَوْمَ الْعِيدَيْنِ . وَلَا تُسَافِرُ امْرَاَةٌ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ عَلَيْهَا . وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي هَذَا، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصَى

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سورج غروب ہونے تک عصر کے بعد اور سورج طلوع ہونے تک صبح کے بعد کوئی (نفل) نماز (پڑھنا جائز) نہیں ہے' اور عیدین کے دن روزہ جائز نہیں ہے' کوئی عورت تین راتیں سفر نہ کرے مگر اس کا شوہر یا محرم اس کے ساتھ ہو' اور سواریاں نہ باندھی جائیں مگر تین مساجد کی طرف (۱) مسجد حرام (۲) مسجد نبوی (۳) مسجد اقصیٰ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُسَيْمٍ مَوْلَى عُمَارَةَ اِلَّا اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنْ اَبَانَ اِلَّا ابْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث قسیم مولیٰ عمارہ سے صرف ابان بن صالح ہی روایت کرتے ہیں اور ابان سے صرف ابن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2102 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: نَا عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اعْتَدِلُوا فِي سُجُودِكُمْ، وَلَا يَفْتَرِشْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم اپنے سجدوں میں میانہ روی کرو' اور تم میں کوئی سجدہ کی حالت میں کتے کی طرح کلائیاں نہ بچھائے' اللہ کی قسم! میں اپنی پشت کے پیچھے سے بھی تم کو دیکھتا ہوں جب تم سجدہ اور رکوع

2101- أخرجه أحمد في المسند جلد3صفحه56 رقم الحديث:11432 .

2102- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2صفحه351 رقم الحديث: 822' وأبو داؤد في الصلاة جلد 1صفحه235 رقم الحديث: 897' والترمذي في الصلاة جلد 2صفحه66 رقم الحديث: 176' والنسائي في التطبيق جلد 2 صفحه169 (باب الاعتدال في السجود)' وابن ماجه في الاقامة جلد 1صفحه288 رقم الحديث: 892' وأحمد في المسند جلد3صفحه342 رقم الحديث: 13981 .

الْكَلْبِ فِي السُّجُودِ، فَوَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي إِذَا رَكَعْتُمْ وَسَجَدْتُمْ

کرتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث شریک سے صرف یعقوب بن ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2103 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا حَبِيبُ بْنُ بِشْرٍ، أَخُو أَبِي الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيِّ لِأُمِّهِ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ فِي بَرِيرَةَ أَرْبَعَةٌ مِنَ السُّنَّةِ: طَلَّقَهَا زَوْجُهَا، وَكَانَ عَبْدًا، فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَهَا أَنْ تَعْتَدَّ عِدَّةَ الْحُرَّةِ وَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ تُطْعِمُونَا؟ قَالُوا: لَا، إِلَّا شَيْءٌ مِنْ لَحْمٍ تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ، أَهْدَتْهُ لَنَا، فَقَالَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ مِنْهَا وَاشْتَرَطَ مَوَالِيهَا أَنْ لَا يَبِيعُوهَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَقَالَ: اشْتَرِيهَا وَأَعْتِقِيهَا، فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْطَى الْمَالَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں چار چیزیں سنت ہیں: (۱) ان کے شوہر نے اُن کو طلاق دی تھی (۲) اُن کا شوہر غلام تھا (۳) تو نبی کریم ﷺ نے ان کو اختیار دیا تھا اور ان کو آزاد کی عدت گزارنے کا حکم دیا تھا اور (۴) رسول اللہ ﷺ آئے تو آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس ہمیں کھلانے کے لیے کوئی شی ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: نہیں! مگر گوشت سے کوئی شے باقی ہے جو بریرہ پر صدقہ کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ہمارے لیے ہدیہ کرے آپ نے فرمایا: وہ اس کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔ پس آپ نے اس سے کھایا اور اس کے موالیوں پر شرط لگائی کہ وہ اس کو فروخت نہ کریں آپ نے فرمایا (حضرت عائشہ سے) اس کو خرید اور آزاد کر دے کیونکہ ولاء ان کے لیے ہوگی ولاء اس کے لیے ہے جس نے (آزاد کرنے کے لیے) مال دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُدَيْرٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ

یہ حدیث عمران بن حدیر سے صرف حماد بن مسعدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2104 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ الْوَاسِطِيِّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَوْفٍ، عَنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم آپس میں

2103- تقدم تخريجه .

2104- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه172 .

الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَاهَدُوا الْقُرْآنَ، فَوَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ الْإِبِلِ الْمُعَقَّلَةِ اِلَى اَعْطَانِهَا

قرآن کا دور جاری رکھو! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! یہ سینوں سے نکلنے میں اتنا تیز ہے کہ جتنا باندھا ہوا اونٹ اپنے باندھنے والی جگہ سے بھاگتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ اِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ

اسے عوف سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں اسحاق بن شاہین اکیلے ہیں۔

2105 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَصِيرِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِى طَلْحَةَ، عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قل ھو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِمْرَانَ الْقَصِيرِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ

یہ حدیث عمران قصیر سے صرف حماد بن مسعدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2106 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِى غَنِيَّةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى وَائِلٍ، عَنْ اَبِى مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ: اَىُّ الْإِسْلَامِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ قِيلَ: وَاَىُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ، وَاُهْرِيقَ دَمُهُ قِيلَ: فَاَىُّ الصَّلَاةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: طُولُ الْقُنُوتِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے پوچھا گیا: کون سا اسلام افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس مسلمان کی زبان و ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے، عرض کی گئی: کون سا جہاد افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں اس سواری کی کونچیں کاٹ دی جائیں اور اس کا خون بہا دیا جائے۔ عرض کی گئی: کون سی نماز افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لمبا قیام والی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا ابْنُ اَبِى غَنِيَّةَ

یہ حدیث اعمش سے صرف ابن ابی غنیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2105- أخرجه مسلم في جلد1 صفحه556، والدارمي في فضائل القرآن جلد2 صفحه552 رقم الحديث: 3431 .

2107 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ دَلْهَمٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَاَتَهُ، وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا، وَتُوُفِّيَ عَنْهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا؟ فَقَالَ: مَا سَمِعْتُ فِيهَا شَيْئًا، فَارْجِعُوا اِلَيَّ اَنْظُرُ فِي ذَلِكَ، فَرَجَعُوا، ثُمَّ اَتَوْهُ، فَقَالَ: سَاَقُولُ فِيهَا بِحَمِيدِ رَاْيٍ، فَاِنْ اَصَبْتُ فَاللّٰهُ وَفَّقَنِي، وَاِنْ اَخْطَاْتُ فَالْخَطَاُ مِنْ قِبَلِي: اَرَى لَهَا مِثْلَ صَدَاقِ نِسَائِهَا، لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ، وَلَهَا الْمِيرَاثُ، وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ. فَقَالَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ: هُوَ يَشْهَدُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَمِعَهُ قَضَى بِالَّذِي قَضَيْتَ بِهِ فِي امْرَاَةٍ مِنْهُمْ، يُقَالُ لَهَا: بِرْوَعُ بِنْتُ وَاشِقٍ

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا' آپ سے عرض کی گئی: ایک آدمی کسی عورت سے شادی کرتا ہے' اس کا حق مہر مقرر نہیں کرتا اور اس عورت سے دخول کرنے سے پہلے وہ فوت ہو جائے؟ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس حوالہ سے کوئی شے نہیں سنی ہے' مجھے آپ اس معاملہ میں مہلت دو' تم پھر میرے پاس آنا۔ پس وہ چلے گئے' پھر آپ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: میں اپنی طرف سے بہتر بات کہتا ہوں کہ اگر وہ درست ہوئی تو اللہ نے مجھے توفیق دی ہے' اور اگر غلطی ہوئی تو میری طرف سے ہوگی' میری رائے یہ ہے کہ اس کے لیے عورتوں کی مثل مہر ہوگا' اس میں کمی یا زیادتی نہیں کی جائے گی' اور اس کے لیے میراث اور عدت بھی ہو گی۔ تو حضرت معقل بن سنان اشجعی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے' انہوں نے آپ کا فیصلہ سنا تھا جو آپ نے ایک عورت سے متعلق کیا تھا' وہ آپ کے فیصلہ کی ہی طرح تھا' ان میں ایک عورت کے علاوہ جس کو بروع بنت واشق کہا جاتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف محمد بن کثیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2108 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ الْجُهَنِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ

حضرت ابوعبدالرحمٰن اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ماہ تک آتی رہی' آپ ہر دفعہ اس کو واپس

2107- أخرجه أبو داؤد في النكاح جلد 2 صفحه 243 رقم الحديث: 2114 مختصرًا والنسائي في النكاح جلد 6 صفحه 98 (باب اباحة التزوج بغير صداق).

السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، اَنَّ امْرَاَةً، كَانَتْ تَخْتَلِفُ اِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ شَهْرًا، كُلُّ ذٰلِكَ يُرَدِّدُهَا، وَكَانَتْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اَقُولُ فِيهَا بِرَاْيِي، فَاِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَطَاً فَمِنِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ: لَهَا صَدَاقُ اِحْدَى نِسَائِهَا، وَلَهَا الْمِيرَاثُ الرُّبُعُ وَالثُّمُنُ . وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِّنْ اَشْجَعَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اُشْهِدُ اللّٰهَ، لَقَضَى بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَاَةٍ مِّنَّا يُقَالُ لَهَا بِرْوَعُ بِنْتُ وَاشِقٍ

کرتے رہنے اس کا شوہر فوت ہو گیا' اس نے اس کے لیے حق مہر مقرر نہیں کیا تھا' تو حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں اپنی طرف سے کہتا ہوں کہ اگر وہ درست ہوا تو اللہ کی طرف سے ہے اور اگر غلط ہوا تو ابن اُم عبد کی طرف سے ہے' اس کے لیے اسی کی عورتوں کی مثل مہر ہوگا' اس کے لیے میراث بھی ہوگی (اولاد نہ ہونے کی صورت میں)' چوتھا (اولاد ہونے کی صورت میں) یا آٹھواں حصہ وہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے قبیلہ اشجع کا ایک آدمی تھا' اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم میں سے ایک عورت کا بھی فیصلہ کیا تھا' جو آپ نے کیا' اس عورت کا نام بروع بنت واشق تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا وُهَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے صرف وہیب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

2109 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرٍو ذِي مُرٍّ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَنْشُدُ النَّاسَ: مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَّوْلَاهُ ، اِلَّا قَامَ، فَقَامَ اثْنَا عَشَرَ، فَشَهِدُوا

حضرت عمرو ذی مر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لوگوں سے قسم لیتے ہوئے سنا کہ کس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں مولا اس کا علی مولا (یعنی مددگار)۔ وہ کھڑا ہو تو بارہ افراد کھڑے ہوئے اور انہوں نے گواہی دی کہ (انہوں نے واقعتاً یہ سنا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث اجلح سے ان کے بیٹے عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2110 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ،

حضرت عمیرہ بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لوگوں سے قسم لیتے ہوئے سنا کہ

2110- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1 صفحه65 .

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَمِيرَةَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَنْشُدُ النَّاسَ: مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ؟ فَقَامَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ، فَشَهِدُوا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

کس نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں مولا اس کا علی مولا (یعنی مددگار)۔ تو بارہ افراد کھڑے ہوئے اور انہوں نے گواہی دی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث اجلح سے صرف اُن کے بیٹے عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2111 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَزْدَادَ اَبُو الصَّقْرِ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَذِيُّ قَالَ: نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ يُكْنَى اَبَا مَذْكُورٍ اَعْتَقَ عَبْدًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ فَبَعَثَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک انصاری آدمی تھا جس کی کنیت ابومذکور تھی' اس نے اپنا مدبر غلام آزاد کیا تھا' تو نبی کریم ﷺ نے اُن کی طرف پیغام بھیجا تو اُس نے اسے فروخت کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

یہ حدیث مجاہد سے صرف ابن ابی نجیح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں جریر بن حازم اکیلے ہیں۔

2112 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَنْ تُحِدَّ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اِلَّا عَلَى زَوْجٍ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو کہ وہ کسی کے لیے بھی تین دن سے زیادہ سوگ منائے سوائے اپنے شوہر کے۔

2111- أخرجه البخاری فی البیوع جلد4صفحه415 رقم الحدیث: 2141' ومسلم فی الایمان جلد3صفحه1289 .

2112- أخرجه البخاری فی الطلاق جلد9صفحه402 رقم الحدیث: 5342' ومسلم فی الطلاق جلد2صفحه127؛1 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

2113 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا أَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ، عَنْ بَشْمِينَ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ الْحَيَّاتِ خَشْيَةَ الثَّأْرِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے سانپ سے ڈرتے ہوئے اس کو مارنے سے چھوڑ دیا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَشْمِينَ جَدِّ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيِّ إِلَّا عَمَّارٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْجَوَّابِ

یہ حدیث بشمین جد عبدالحمید الحمانی سے صرف عمار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوالجواب اکیلے ہیں۔

2114 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ الْمُؤَذِّنُ قَالَ: نَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن' مؤمن کیلئے شیشہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ

یہ حدیث شریک بن عبداللہ سے صرف محمد بن عمار بن سعد روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عثمان بن محمد بن عثمان اکیلے ہیں۔

2115 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسلام لانے کے بعد بندے کے

2113- أخرجه أبو داؤد في الأدب جلد 4 صفحه 365 رقم الحديث: 5248' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 331 رقم الحديث: 7341 .

2114- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 267 .

2115- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 275 .

شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَفَادَ عَبْدٌ بَعْدَ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ زَوْجٍ مُّؤْمِنَةٍ: اِذَا نَظَرَ اِلَيْهَا سَرَّتْهُ، وَاِذَا غَابَ عَنْهَا حَفِظَتْهُ فِي نَفْسِهَا وَمَالِهِ

لیے مؤمنہ بیوی سے بہتر کوئی نہیں ہے' جب اس کی طرف دیکھے تو وہ اسے خوش کر دے اور جب وہ گھر میں موجود نہ ہو تو وہ خود اپنی اور شوہر کے مال کی حفاظت کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ

یہ حدیث جابر سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یزید اکیلے ہیں۔

2116 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَلِيمَةُ اَوَّلُ يَوْمٍ حَقٌّ، وَالثَّانِي مَعْرُوفٌ، وَالثَّالِثُ رِيَاءٌ وَّسُمْعَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ولیمہ پہلے دن کرنا حق ہے' دوسرے دن نیکی ہے' تیسرے دن ریاکاری اور دکھاوا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحُسَيْنِ

یہ حدیث منصور سے صرف عبدالملک بن حسین ہی روایت کرتے ہیں۔

2117 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى السُّوسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: شَيَّعَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا شَرِيكُكُمْ

حضرت قرظہ بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے گروہ میں تھے تو آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایات کرنا کم کرو' میں تمہارا شریک ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ

یہ حدیث داؤد بن ابی ہند سے صرف عبدالوہاب بن عطاء ہی روایت کرتے ہیں۔

2116- أخرجه ابن ماجه في النكاح جلد1صفحه617 رقم الحديث:1915 .

2117- أخرجه ابن ماجه في المقدمة جلد1صفحه12 رقم الحديث:28 .

2118 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ، اَحَدُهَا قَمِيصٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا' اُن میں ایک قمیص تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ، اِلَّا حَمَّادٌ وَّلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُسْلِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ عَقِيلٍ

یہ حدیث حمید سے صرف حماد اور حماد سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن عقیل اکیلے ہیں۔

2119 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ النَّاسَ لِلْبَيْعَةِ، فَجَاءَ اَبُو سِنَانِ بْنِ مِحْصَنٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اُبَايِعُكَ عَلَى مَا فِي نَفْسِكَ قَالَ: وَمَا فِي نَفْسِي؟ قَالَ: اَضْرِبُ بِسَيْفِي بَيْنَ يَدَيْكَ حَتَّى يُظْهِرَكَ اللّٰهُ اَوْ اُقْتَلَ، فَبَايَعَهُ، وَبَايَعَ النَّاسُ عَلَى بيعَةِ اَبِي سِنَانٍ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو حدیبیہ کے دن بیعت کے لیے بلایا' تو حضرت ابوسنان بن محصن حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے بیعت کرتا ہوں اس پر جو آپ کے دل میں ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: میرے دل میں کیا ہے؟ عرض کی: میں تلوار ماروں آپ کے سامنے یہاں تک کہ دین اسلام غالب ہو جائے یا میں قتل کیا جاؤں' تو آپ نے ان سے بیعت کی اور لوگوں نے حضرت ابوسنان کی بیعت کی طرح بیعت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف محمد بن عبدالعزیز بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عوف ہی روایت کرتے ہیں' اور محمد سے صرف عبدالعزیز بن عمران ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یعقوب بن محمد اکیلے ہیں۔

2118- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2713 .

2119- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 14916 .

حضرت عروہ بن مضرس الطائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ مزدلفہ میں ٹھہرے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جبل طی سے آیا ہوں' میں نے قیلولہ کیا میں نے اپنی سواری کو تھکا دیا' اللہ کی قسم! میں نے کوئی پہاڑ نہیں چھوڑا مگر اس پر کھڑا ہوا ہوں' کیا یا رسول اللہ! میرا حج ہو گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جس نے ہمارے ساتھ یہ نماز پڑھی اور عرفات آیا' دن یارات اس کا حج مکمل ہو گیا۔

3023- أخرجه البخاری فی الصیام جلد4صفحه125 رقم الحديث: 1849' ومسلم فی جلد2صفحه807 .

3024- أخرجه أحمد فی المسند جلد 4صفحه321 رقم الحديث: 18331' والطبرانی فی الكبير جلد 17 صفحه 153 رقم الحديث: 390 .

لَيْلًا اَوْ نَهَارًا، فَقَدْ قَضَى تَفَثَهُ، وَتَمَّ حِجَّهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ

صدقہ بن ابی عمران سے صرف عبداللہ بن بزیع ہی روایت کرتے ہیں۔

3025 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي لَا اَسْتَطِيعُ اَنْ اَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ، فَعَلِّمْنِي مَا يُجْزِئُنِي فِي الصَّلَاةِ اَنْ اَقُولَ قَالَ: قُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا لِلّٰهِ، فَمَا لِي اَنْ اَقُولَ؟ قَالَ: قُلْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، وَارْحَمْنِي، وَاهْدِنِي، وَعَافِنِي، وَارْزُقْنِي. فَلَمَّا اَنْ وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّ هَذَا قَدْ اَصَابَ الْخَيْرَ كُلَّهُ اَوْ عَلِمَ الْخَيْرَ كُلَّهُ اَوْ نَحْوَ هَذَا

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں قرآن سیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' مجھے سکھائیں جسے میں نماز میں پڑھوں اور میری نماز ہوجائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو سبحان اللّٰہ' الحمد للّٰہ' لا الٰہ الا اللّٰہ' اللّٰہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ پڑھ لیا کر۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تو اللہ کے لیے ہے' میرے لیے کیا ہے جو میں پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: تُو پڑھ! اے اللہ! مجھے بخش دے! اور مجھ پر رحم فرما' مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے۔ جب وہ آدمی چلا گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے ساری بھلائی پائی ہے یا ساری بھلائی سیکھ لی ہے یا اس جیسا کوئی کلمہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، وَاِبْرَاهِيمُ هَذَا، هُوَ: اِبْرَاهِيمُ السَّكْسَكِيُّ، وَلَا يُرْوَى مِنْ حَدِيثِ مَنْصُورٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

سفیان بن عیینہ' منصور سے اور سفیان سے عبدالرحمٰن بن بزیع روایت کرتے ہیں' ابراہیم سے مراد ابراہیم سکسکی ہیں' منصور سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3026 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3025- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد **1** صفحه **218** رقم الحديث: **832**' وأحمد في المسند جلد **4** صفحه **431** رقم الحديث: **19134** .

3026- أخرجه أيضًا في الصغير جلد **1** صفحه **100**' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه **184**: وفيه محمد بن أبي السرى وثقه بن معين وغيره' وفيه لين' وبقية رجاله رجال الصحيح .

الْوَرْسِ الْغَزِّيّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيّ الْعَسْقَلَانِيّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي مَنَامِهِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي، وَلَا بِالْكَعْبَةِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے اپنے خواب میں دیکھا' بے شک اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اور کعبہ کی شکل میں نہیں آ سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا مَعْمَرٌ

زید بن اسلم سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

3027 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّحَّانُ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَصْبَاغِيُّ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنِ الزِّبْرِقَانِ السَّرَّاجِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مونچھوں میں سے کچھ حصہ نہ کاٹے' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے یا میرے طریقے پر نہیں۔

3028 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّحَّانُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَصْبَاغِيُّ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي الْمُخْتَارِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: مَا اَخْبِيَةٌ بَعْدَ اَخْبِيَةٍ كَانَتْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَدْفَعُ اللّٰهُ عَنهُمْ مِنَ الْبَلَاءِ مَا يَدْفَعُ اللّٰهُ عَنْ هَذِهِ الْاَخْبِيَةِ، يَعْنِي: الْكُوفَةَ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اخبیہ کے بعد کوئی اخبیہ نہیں ہے' جو حضور ﷺ کے ساتھ ہے' اللہ عزوجل اُن سے وہ مصیبت دور کر دے گا' جس کو اللہ نے اس اخبیہ یعنی کوفہ سے دور کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزِّبْرِقَانِ اِلَّا

یہ دونوں حدیثیں زبرقان سے صرف مصعب بن

3027- أخرجه الترمذي في الأدب جلد5صفحه93 رقم الحديث: 2761' والنسائي في الطهارة جلد1صفحه19 باب قص الشارب' وأحمد في المسند جلد4صفحه448 رقم الحديث:19285 .

3028- أخرجه أحمد في المسند جلد 5صفحه449 رقم الحديث: 23328 . انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد10صفحه67 .

مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ

سلام ہی روایت کرتے ہیں۔

3029 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّا مَعَاشِرَ الْأَنْبِيَاءِ أُمِرْنَا بِثَلَاثٍ: بِتَعْجِيلِ الْفِطْرِ، وَتَأْخِيرِ السُّحُورِ، وَوَضْعِ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى فِي الصَّلَاةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم انبیاء کے گروہ کو تین کاموں کا حکم دیا گیا ہے: (۱) روزہ جلدی افطار کرنے کا (۲) سحری دیر سے کرنے کا (۳) نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنے کا۔

لم يروه عن نافع الا عبد العزيز ولا عنه الا ابنه تفرد به يحيى لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

اس حدیث کو نافع سے صرف عبدالعزیز اوران سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں' یحییٰ منفرد ہے' ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

3029- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه100 .

اِسْحَاقُ بْنُ جَمِيلٍ الْاَصْبَهَانِيُّ

3030 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ جَمِيلٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَبَّاسِ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُدَيْلٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

هٰكَذَا رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَاهُ اَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَاِنْ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلٍ حَفِظَهُ فَهُوَ حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ

3031 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ

اسحاق بن جمیل اصبہانی کی روایت کردہ احادیث

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قطع تعلقی نہ کرو' پیٹھ پیچھے عیب جوئی نہ کرو' غصہ نہ کرو' اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ' کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلقی رکھے۔

عبداللہ بن بدیل بن ورقاء سے زہری اسی طرح روایت کرتے ہیں' زہری سے عبیداللہ اور یہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔ زہری کے اصحاب زہری سے' وہ عطاء بن زید سے' وہ ایوب سے اور وہ زہری سے اور زہری' حضرت انس بن مالک سے۔ حضرت عبداللہ بن بدیل حافظ ہیں' حدیث غریب ہے کیونکہ حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم زمین والوں پر

3030- أخرجه أيضًا في الصغير جلد1صفحه101 .

3031- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه101' والكبير جلد10صفحه183' وأبو يعلى' والطيالسي' والحاكم' والبغوى' والخطيب في تاريخه' كلهم من طرق عن أبي اسحاق' عن أبي عبيدة......به' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه190: ورجال أبي يعلى رجال الصحيح . الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه' فهو مرسل .

قَالَ: نا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْحَمْ مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ

رحم کرو' آسمان والاتم پر رحم کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، وَلَا عَنْ حَفْصٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ الصَّاغَانِيُّ

یہ حدیث اعمش سے صرف حفص بن غیاث اور حفص سے صرف موسیٰ بن داؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صاغانی اکیلے ہیں۔

3032 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ رَجَاءٍ اللُّوسِيُّ الْأَنْبَارِيُّ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَأَيُّكُمْ يَمْلِكُ مِنْ أَرَبِهِ مَا كَانَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْلِكُ؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے' تم میں سے کون اپنے نفس کا رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مالک ہے؟

☆☆☆☆☆

3032- أخرجه البخاري في الحيض جلد1صفحه481 رقم الحديث: 302' ومسلم في الحيض جلد1صفحه242 .

مَنِ اسْمُهُ إِدْرِيسُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام ادریس ہے

3033 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْحَدَّادُ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ يُدْعَى إِلَى الْجَنَّةِ الْحَمَّادُونَ الَّذِينَ يَحْمَدُونَ اللّٰهَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے پہلے اُن لوگوں کو بلایا جائے گا جو تعریف کرنے والے ہوں گے وہ جو تنگی و خوشی میں اللہ کی حمد کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ إِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَشُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ مِنْ حَدِيثِ نَصْرِ بْنِ حَمَّادٍ الْوَرَّاقِ

حبیب بن ابی ثابت سے صرف قیس بن ربیع اور شعبہ بن حجاج روایت کرتے ہیں' نصر بن حماد الوراق کی حدیث کو۔

3034 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْحَدَّادُ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَمْرُو بْنُ لُحَيِّ بْنِ قَمْعَةَ بْنِ خِنْدِفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عمرو بن لحی بن قمعہ بن خندف۔

3035 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3033- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 103' والكبير جلد 12 صفحه 19' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع (1098): رواه الطبراني في الثلاثة بأسانيد وفي احدها قيس بن الربيع وثقة شعبة والثوري وغيرهما' وضعفه يحيى القطان وغيره' وبقية رجاله رجال الصحيح .

3034- أخرجه البخاري في المناقب جلد 6 صفحه 632 رقم الحديث: 3520' ولفظ مسلم: رأيت عمر بن لحي بن قمعة بن خندف أبا بني كعب هؤلاء يجر قصبة في النار . في كتاب الجنة وصفة ربيعها جلد 4 صفحه 2191 .

3035- أخرجه الترمذي في الطهارة جلد 1 صفحه 158 رقم الحديث: 95 قال الترمذي: حديث حسن صحيح . وأحمد في المسند جلد 5 صفحه 255 رقم الحديث: 21939 ولفظه عند أحمد .

قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ فَارِسٍ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: مسافر تین دن و راتیں اور مقیم ایک دن و ایک رات موزوں پر مسح کرے گا۔

☆☆☆☆☆

مَنِ اسْمُهُ اَيُّوبُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام ایوب ہے

3036 - حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ الصُّورِيُّ اَبُو مَيْمُونٍ قَالَ: نا عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَنَا سَابِقُ الْعَرَبِ اِلَى الْجَنَّةِ، وَصُهَيْبٌ سَابِقُ الرُّومِ اِلَى الْجَنَّةِ، وَبِلَالٌ سَابِقُ الْحَبَشَةِ اِلَى الْجَنَّةِ، وَسَلْمَانُ سَابِقُ الْفُرْسِ اِلَى الْجَنَّةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں عرب والوں میں سے پہلے صہیب روم والوں میں سے پہلے بلال حبشہ والوں میں سے پہلے اور سلمان فارس والوں میں سے سب سے پہلے جنت میں جائیں گے۔

لا یروی عن ابی امامة الا بهذا الاسناد

ابوامامہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

3036- أخرجه أيضًا في الصغير جلد 1 صفحه 104، والكبير جلد 8 صفحه 131، قال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 305: اسناده حسن .

مَنِ اسْمُهُ
اَنَسٌ

اس شیخ کے نام سے جن کا نام انس ہے

3037 - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ اَبُو عَقِيلٍ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُونُ فِي قَوْمٍ يَعْمَلُ بِالْمَعَاصِي هُمْ اَكْثَرُ مِنْهُ، وَاَعَزُّ، ثُمَّ يُدَاهِنُوا فِي شَانِهِ، اِلَّا عَاقَبَهُمُ اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی قوم میں رہتا ہو وہ قوم کثرت سے گناہوں میں ملوث ہو پھر وہ ان میں ٹھہرا رہے تو اللہ عزوجل کا عذاب اُن سب پر آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ اِلَّا ثُمَامَةُ بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا عَنْ ثُمَامَةَ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث حارث بن سوید سے صرف ثمامہ بن عقبہ اور ثمامہ سے صرف عبدالعزیز بن عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3038 - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب سفر سے واپس آتے تو دو رکعت نفل ادا کرتے۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں معلل بن نفیل اکیلے ہیں۔

3037- أخرجه في الكبير جلد 10 صفحه 265، وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 271: وفيه عبد العزيز بن عبيد الله، وهو ضعيف .

3038- أخرجه أيضًا في الصغير جلد 1 صفحه 105 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 286: وفيه الحارث، وهو ضعيف .

3039 - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْاَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَائِذِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى يُحَاذِيَ اُذُنَيْهِ، يَقُولُ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا اِلَهَ غَيْرُكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب تکبیر کہتے تو دونوں ہاتھ اُٹھاتے دونوں کانوں کی لو تک' پھر پڑھتے: ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اِلٰی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں مخلد بن یزید اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3039- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه110: ورجاله موثوقون . قلت: عائذ ضعيف' ولم يوثقه أحد .

مَنِ اسْمُهُ اَبَانُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام ابان ہے

3040 - حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ مَخْلَدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَقُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، وَهَارُونُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، كُلُّهُمْ حَدَّثَنِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ: الظُّهْرَ اَوِ الْعَصْرَ، فَسَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ، فَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ، فَقَالُوا: قُصِرَتِ الصَّلَاةُ، قُصِرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِي الْقَوْمِ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَهَابَا اَنْ يُكَلِّمَاهُ فَقَامَ اِلَى خَشَبَةٍ فِي الْمَسْجِدِ كَانَ يَضَعُ يَدَهُ عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ، يُقَالُ لَهُ: ذُو الْيَدَيْنِ طَوِيلُ الْيَدَيْنِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَمِّيهِ: ذَا الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُصِرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ قَالَ: لَمْ اَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ فَسَاَلَ الْقَوْمَ، فَقَالُوا: صَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ، فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ رُكُوعِهِ اَوْ اَطْوَلَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ظہر یا عصر کی دو نمازوں میں سے کوئی ایک نماز پڑھائی تو دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا تو جلد باز لوگ اُٹھ کر نکل گئے' کہنے لگے: نماز کم ہو گئی! نماز کم ہو گئی! اور لوگوں میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے' وہ آپ سے بات کرنے میں ہیبت زدہ تھے' سو آپ اُٹھ کر مسجد میں موجود اس لکڑی کی طرف اُٹھ کر گئے' جس پر آپ ہاتھ مبارک رکھا کرتے تھے تو لوگوں میں سے ایک آدمی اُٹھا جسے ذوالیدین کہا جاتا تھا اُس کے ہاتھ لمبے تھے اور رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام ذوالیدین رکھا تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز کم ہوگئی یا آپ بھول گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہ تو نماز کم ہوئی ہے اور نہ ہی میں بھولا ہوں' سو آپ نے لوگوں سے پوچھا تو انہوں نے عرض کی: ذوالیدین نے سچ کہا ہے' تو رسول اللہ ﷺ واپس لوٹے' پس آپ نے دو رکعتیں ادا کیں انہی کی طرح یا زیادہ لمبی' پھر دو سجدے کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ وَسَعِيدٍ اَخِي اَبِي حَرَّةَ وَهَارُونَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي دَاوُدَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

اس حدیث کو از قرہ و سعید ابی حرہ و ہارون بن ابراہیم' ابوداؤد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' اور نہ ابوداؤد سے عبداللہ بن عمران کے سوا۔

3040- أخرجه البخاري في الصلاة جلد 1 صفحه 674 رقم الحديث: 482 نحوه . ومسلم في المساجد جلد 1 صفحه 402 نحوه . والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 105 ولفظه عنده .

مَنِ اسْمُهُ اَسْلَمُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام اسلم ہے

3041 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ بَعْدَ الْغُسْلِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو وضو کرے غسل کرنے کے بعد اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (کیونکہ غسل میں وضو ہو جاتا ہے بعد میں وضو پر پانی خرچ کرنا اسراف شمار ہوگا)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ

یہ حدیث ابان بن تغلب سے صرف سعید بن بشیر اور سعید سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن احمد اکیلے ہیں۔

3042 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ قَالَ: نا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَيَقُولُ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو حجرِ اسود کو بوسہ لیتے ہوئے دیکھا اور آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے' تو نفع و نقصان کا مالک نہیں ہے' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تیرا بوسہ لیتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تیرا بوسہ نہ لیتا۔

3043 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نبی نے دعا کی جو اس نے دعا کی اللہ عزوجل نے اس کو قبول کیا' میں نے اپنی دعا مؤخر کی اپنی اُمت کی

3041- أخرجه أيضًا في الصغير جلد 10 صفحه 106' والكبير رقم الحديث: 11691' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 276: وفي اسناده الأوسط (وكذا الصغير والكبير) سليمان بن أحمد' كذبه ابن معين' ووثقه عبدان .

3043- أخرجه مسلم في الايمان جلد 1 صفحه 190' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 484 رقم الحديث: 15269 .

جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ، دَعَا بِهَا فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ، وَإِنِّي أَخَّرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي

شفاعت کے لیے۔

3044 - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ قَالَ: نا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَفْتَقِدُ أَهْلُ الْجَنَّةِ نَاسًا كَانُوا يَعْرِفُونَهُمْ فِي الدُّنْيَا، فَيَأْتُونَ الْأَنْبِيَاءَ فَيَذْكُرُونَهُمْ، فَيَشْفَعُونَ فِيهِمْ فَيُشَفَّعُونَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: الطُّلَقَاءُ، وَكُلُّهُمْ طُلَقَاءُ، يُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَاةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جنت والے کچھ لوگوں کو نہ پائیں گے دنیا میں ان کو جانتے تھے وہ انبیاء علیہم السلام کے پاس آئیں گے ان کو یاد کروائیں گے ان کی شفاعت کے لیے عرض کریں گے ان کی شفاعت قبول کی جائے گی ان کو طلقاء کہا جائے گا اور وہ سارے (جہنم سے) آزاد کیے گئے ہوں گے ان پر ماءِ حیات ڈالا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ الثَّلَاثَةَ عَنْ عُزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ إِلَّا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهَا الْقَاسِمُ عِيسَى الطَّائِيُّ

یہ تینوں احادیث عزرہ بن ثابت سے صرف رحمۃ بن مصعب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں قاسم بن عیسیٰ الطائی روایت کرتے ہیں۔

3045 - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ حُرَيْثِ بْنِ أَبِي مَطَرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ أَبِي السَّنَابِلِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبَاسِ الذَّهَبِ وَنَظْمِهِ، فَرَمَتِ امْرَأَةٌ بِسِوَارٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَمَكَثَ فِي الْمَسْجِدِ أَيَّامًا، مَا يَأْخُذُهُ أَحَدٌ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے سونے اور چاندی کا لباس پہننے سے منع کیا ایک عورت نے سونے کا کنگن پھینکا وہ مسجد میں کچھ دن پڑی رہی اس کو کسی نے نہیں پکڑا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا حُرَيْثٌ، وَلَا عَنْ حُرَيْثٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ

یہ حدیث شعبی سے صرف حریث اور حریث سے یزید بن عطاء روایت کرتے ہیں۔

3044- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد10صفحه382: واسناده حسن . قلت: بل اسناده . ضعيف كما تقدم .

3046 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا وَكِيعٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: هَاهُنَا مِنْ بَنِي فُلَانٍ اَحَدٌ؟ فَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: هَاهُنَا مِنْ بَنِي فُلَانٍ اَحَدٌ؟ فَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: هَاهُنَا مِنْ بَنِي فُلَانٍ اَحَدٌ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَاهُنَا فُلَانٌ فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَكُمْ مُحْتَبَسٌ بِبَابِ الْجَنَّةِ، بِدَيْنٍ عَلَيْهِ فَقَالَ رَجُلٌ: اِلَيَّ دَيْنُهُ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: یہاں بنی فلان کا کوئی ہے؟ کسی نے کوئی جواب نہیں دیا' پھر فرمایا: یہاں بنی فلان کا کوئی ہے؟ کسی نے کوئی جواب نہیں دیا' پھر فرمایا: بنی فلان کا کوئی یہاں ہے؟ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہاں فلان ہے' آپ نے فرمایا: تمہارے ساتھی کو جنت کے دروازے پر روک لیا گیا ہے' ان کے ذمہ قرض ہونے کی وجہ سے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا قرض میرے ذمہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا وَكِيعٌ، وَلَا عَنْ وَكِيعٍ اِلَّا اَبُو كُرَيْبٍ، وَلَا كَتَبْنَاهُ اِلَّا عَنْ اَسْلَمَ

یہ حدیث علاء بن عبدالکریم سے صرف وکیع اور وکیع سے صرف ابوکریب روایت کرتے ہیں' ہم نے اس کو اسلم کے حوالہ سے روایت کیا ہے۔

3047 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو الْاُمَوِيُّ قَالَ: نا بَسَّامٌ الصَّيْرَفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَامٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر ماہ چاند کی تیرھویں' چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَسَّامٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ ثَابِتٍ

یہ حدیث بسام سے صرف خالد بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن داؤد بن

3046- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه132: وفيه أسلم بن سهل الواسطي . قال الذهبي: لينه الدارقطني' وهذه عبارة سهلة في التضعيف' وبقية رجاله ثقات .

3047- أخرجه الترمذي في الصوم جلد 3صفحه125 رقم الحديث: 761' والنسائي في الصيام جلد 4صفحه191 باب ذكر الاختلاف على موسى بن طلحة في الخير في صيام ثلاثة أيام من شهر .

ثابت اکیلے ہیں۔

3048 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَطَاءٍ قَالَ: نا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَرَابٍ وَعَنْ يَمِينِهِ اَعْرَابِيٌّ، وَعَنْ يَسَارِهِ اَبُو بَكْرٍ، فَشَرِبَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَعْطِهِ اَبَا بَكْرٍ، فَاَعْطَاهُ الْاَعْرَابِيَّ، وَقَالَ: الْاَيْمَنُونَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں مشروب لایا گیا' آپ کی دائیں جانب ایک دیہاتی اور بائیں جانب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے' آپ نے نوش فرمایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کی: آپ ابوبکر کو عطا کریں! آپ ﷺ نے دیہاتی کو دیا' فرمایا: دائیں طرف والے زیادہ حق دار ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے صرف قاسم بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مقدم بن محمد اکیلے ہیں۔

3049 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ مُسَافِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ اُجُورَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَرَّتَيْنِ: رَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ اَمَةٌ فَاَحْسَنَ اَدَبَهَا، ثُمَّ اَعْتَقَهَا، وَتَزَوَّجَهَا، فَلَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ، وَعَبْدٌ مَمْلُوكٌ يُؤَدِّي حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ سَيِّدِهِ، فَلَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ، وَرَجُلٌ آمَنَ بِنَبِيِّهِ، ثُمَّ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَ بِهِ وَاتَّبَعَهُ، فَلَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کو دوگنا ثواب دیا جاتا ہے' ایک وہ آدمی جس کے پاس لونڈی ہو اور وہ اس کو اچھا ادب سکھائے پھر اس کو آزاد کر دے تو اس کے لیے دوگنا ثواب ہے' ایک وہ غلام جو اللہ کا حق بھی ادا کرے اور اپنے آقا کا بھی حق ادا کرے' اس کے لیے بھی دوگنا ثواب ہے' ایک وہ آدمی جو اپنے زمانہ کے نبی پر ایمان لایا اور پھر میرا زمانہ پایا تو مجھ پر ایمان لایا اور اتباع کی تو اس کے لیے دوگنا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا رَوْحُ بْنُ

یہ حدیث اعمش سے صرف روح بن مسافر ہی

3048- أخرجه البخاری فی المساقاة جلد5صفحه37 رقم الحديث: 2352' ومسلم فی الأشربة جلد3صفحه1603 .

3049- أخرجه البخاری فی الجهاد جلد6صفحه169 رقم الحديث: 3011' ومسلم فی الأيمان جلد1صفحه134 .

مُسَافِرٍ، تفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدٍ

روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن سعیدا کیلے ہیں۔

3050 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَكِمِ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ، وَسَيُصْلِحُ اللّٰهُ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَعْنِي: الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ میرا بیٹا سردار ہے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا' یعنی امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما مراد ہیں۔

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ اِلَّا عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث داؤد بن ابوہند سے صرف عبدالحکیم بن منصور ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3050- أخرجه البخاری فی المناقب جلد6صفحه727 رقم الحديث: 3629' وأبو داؤد فی السنة جلد 4صفحه215 رقم الحديث: 4662' والترمذی فی المناقب جلد5صفحه658 رقم الحديث: 3773' وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح . وأحمد فی المسند جلد5صفحه47 رقم الحديث: 20417 .

مَنِ اسْمُهُ الْاَحْوَصُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام احوص ہے

3051 - حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ غَسَّانَ الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ الْمُزَنِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: صَلَّيْتُ قَبْلَ اَنْ اَسْمَعَ بِالْاِسْلَامِ ثَلَاثَ سِنِينَ، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَيْنَ كُنْتَ تَوَجَّهُ؟ قَالَ: كُنْتُ اَتَوَجَّهُ حَيْثُ وَجَّهَنِي اللّٰهُ، كُنْتُ اُصَلِّي مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، فَاِذَا كَانَ آخِرُ اللَّيْلِ اُلْقِيتُ حَتّٰى كَاَنَّمَا اَنَا خِفَاءٌ حَتّٰى تَعْلُوَنِي الشَّمْسُ قَالَ: فَاسْتَحَلَّتْ غِفَارٌ الشَّهْرَ الْحَرَامَ، فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَاَخِي اُنَيْسٌ وَآمَنَّا، فَنَزَلْنَا عَلٰى خَالٍ لَنَا، فَبَلَغَ خَالَنَا اَنَّ اَخِي يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِهِ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: مَا لَنَا مَعَكَ قَرَارٌ قَالَ: فَارْتَحَلْنَا وَجَعَلَ يُقَنِّعُ رَاْسَهُ وَيَبْكِي حُزْنًا عَلَيْنَا، فَنَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، فَنَافَرَ اَخِي رَجُلٌ مِنَ الشُّعَرَاءِ عَلٰى صِرْمَتِهِ: اَيُّهُمَا كَانَ اَشْعَرَ اَخَذَ صِرْمَةَ الْآخَرِ، فَاَتَيْنَا كَاهِنًا، فَقَالَ الْكَاهِنُ لِاُنَيْسٍ: قَدْ قَضَيْتَ لِنَفْسِكَ قَبْلَ اَنْ اَقْضِيَ لَكَ، فَاَخَذَ صِرْمَةَ الشَّاعِرِ، فَنَزَلَ بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، فَقَالَ لِاَبِي ذَرٍّ: احْفَظْ لِي حَاجَةً فَاَحْفَظُ صِرْمَتَكَ، فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ سَمِعَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اسلام کے بارے کچھ سننے سے تین سال پہلے نماز پڑھی‘ میں نے عرض کی: اے ابوذر! تُو نے منہ کس طرف کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا: میں نے بس اُسی طرف منہ کیا جس طرف اللہ نے میرا منہ پھیر دیا۔ میں رات کے پہلے حصے میں نماز پڑھا کرتا تھا‘ جب رات کا آخری حصہ آتا تو لیٹ جاتا گویا کہ میں چھپ چھپا کے عبادت کرتا تھا یہاں تک کہ سورج مجھ پر چڑھ آتا۔ فرماتے ہیں: بنوغفار قبیلے نے حرمت والے مہینے کو حلال بنا لیا۔ پس میں اور میرا بھائی اُنیس چل نکلے اور ایمان لائے۔ ہم اپنے خالو کے گھر جا کر رہنے لگے‘ پس ہمارے خالو کو یہ بات پہنچی کہ میرا بھائی ان کے گھر آیا ہے اور اس نے ساری صورتِ حال سے پردہ ہٹا دیا ہے۔ پس میں نے کہا: ہمیں آپ کے پاس رہ کر چین نہیں آیا۔ آپ فرماتے ہیں: ہم نے وہاں سے کوچ کیا اور انہوں نے پردہ میں ہو کر ہماری جدائی میں رونا شروع کر دیا۔ ہم مکہ کے قریب آ کر ٹھہر گئے‘ ایک شاعر نے میرے بھائی سے شاعری کا مقابلہ رکھ لیا کہ کون شعر بازی میں دوسرے سے جیتتا ہے۔ ہم ایک

3051- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1919 واسناد الطبرانی فی الأوسط ضعيف . فيه: روح بن أسلم‘ وهو ضعيف .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مَا يَقُولُونَ لَهُ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، وَرَجَعَ اِلَى اَخِيهِ، وَقَالَ: اَىْ اَخِى، رَاَيْتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ يَدْعُو اِلَى اِلٰهِكَ الَّذِى تَعْبُدُ قَالَ: فَقَالَ اَبُو ذَرٍّ: اَىْ اَخِى، مَا يَقُولُ النَّاسُ؟ قَالَ: يَقُولُونَ: مَجْنُونٌ، وَيَقُولُونَ: شَاعِرٌ، وَيَقُولُونَ: كَاهِنٌ، وَقَدْ عَرَضْتُ قَوْلَهُ عَلَى اَقْرَاءِ الشُّعَرَاءِ، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ بِشَاعِرٍ، وَسَمِعْتُ قَوْلَ الْكُهَّانِ، فَلَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ بِكَاهِنٍ، وَلَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ بِمَجْنُونٍ، قُلْتُ: اَىْ اَخِى، فَمَا تَقُولُ؟ قَالَ: اَقُولُ: اِنَّهُ صَادِقٌ وَاِنَّهُمْ كَاذِبُونَ قَالَ: قُلْتُ: اِنِّى اُرِيدُ اَنْ اَلْقَاهُ قَالَ: اَىْ اَخِى، اِنَّ النَّاسَ قَدْ شَرِقُوا لَهُ، وَتَجَهَّمُوا لَهُ قَالَ: فَاِذَا قَدِمْتَ فَسَلْ، عَنِ الصَّابِءِ۔ قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْتُ مَكَّةَ رَاَيْتُ رَجُلًا عَلَتْ عَنْهُ عَيْنِى، فَقَالَ: قُلْتُ: اَيْنَ هٰذَا الصَّابِءُ؟ قَالَ: فَنَادَى: صَابِءٌ صَابِءٌ قَالَ: فَخَرَجَ مِنْ كُلِّ وَادٍ، فَرَمَوْنِى لِكُلِّ حَجَرٍ وَمَدَرٍ، حَتَّى تَرَكُونِى كَاَنِّى نَصَبٌ اَحْمَرُ قَالَ: فَتَفَرَّقُوا عَنِّى، فَاَتَيْتُ زَمْزَمَ، فَغَسَلْتُ، عَنِّى الدِّمَاءَ، وَدَخَلْتُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا۔ قَالَ: فَلَبِثْتُ ثَلَاثِينَ بَيْنَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَلَيْسَ لِى طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ حَتَّى ضَرَبَ اللّٰهُ عَلَىَّ اَسْمِخَةَ اَهْلِ مَكَّةَ حَتَّى لَمْ اَرَ اَحَدًا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ اِلَّا امْرَاَتَيْنِ، فَاَتَتَا عَلَىَّ وَهُمَا تَقُولَانِ: اِسَافُ وَنَائِلَةُ، فَقُلْتُ: اَنْكِحُوا اِحْدَيْهِمَا الْاُخْرَى بِهِنَّ مِنْ خَشَبٍ، وَلَمْ اَكُنْ يَا ابْنَ اَخِى، وَذَكَرَ كَلِمَةً، فَوَلَّتَا، وَقَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا، اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ

کاہن کے پاس آئے‘ کاہن نے اُنیس سے کہا: تُو نے اپنے لیے خود ہی فیصلہ کر لیا ہے اس سے پہلے کہ میں تیرے حق میں فیصلہ کروں۔ پس وہ بھی مکہ کے مضافات میں رہائش پذیر ہوگیا۔ پس اس نے ابوذر سے کہا: تُو میرا کام کر‘ میں تیرے اونٹوں کی حفاظت کرتا ہوں۔ پس جب وہ مکہ آیا تو نبی کریم ﷺ کی باتیں بھی سنیں اور لوگوں کی باتیں بھی سنیں‘ اس کا کام ہوگیا تو وہ اپنے بھائی کی طرف واپس لوٹ گیا اور کہا: اے بھائی! میں نے مکہ میں ایک آدمی دیکھا ہے‘ وہ تیرے خدا کی طرف بلاتا ہے جس کی تُو عبادت کرتا ہے۔ (راوی کا بیان ہے کہ) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے بھائی! لوگ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: لوگ کہتے ہیں کہ مجنون ہے‘ شاعر ہے‘ کاہن ہے لیکن میں نے ان کی باتیں شعراء کے سامنے پیش کی ہیں‘ پس خدا کی قسم! وہ شاعر نہیں ہے‘ میں نے بڑے بڑے کاہنوں کے اقوال سنے ہیں‘ بخدا! وہ کاہن بھی نہیں ہے۔ بخدا! وہ مجنون بھی نہیں ہے۔ میں نے کہا: اے بھائی! تُو کیا کہتا ہے؟ اس نے کہا: میں کہتا ہوں کہ وہ آدمی سچا ہے اور لوگ جھوٹے ہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ میں اس سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں‘ فرمایا: یہ بتا کیا تُو اسے بے دین اور جہنمی کہتے ہیں۔ اس نے کہا: جب تُو چھائے گا تو پوچھ لینا کہ صابی ہوگیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: جب میں مکہ میں پہنچا تو میں نے ایک آدمی دیکھا کہ میری آنکھیں جس کے اوپر سے گزر گئیں (چھوٹے قد کا تھا)۔ پس

اَنَّ هُنَا اَحَدًا مِنْ نَفَرِنَا ۔ قَالَ: وَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ فَاسْتَقْبَلَتَاهُمَا، فَقَالَا: مَا هَذَا الصَّوْتُ؟ قَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا، قَالَا: مَا يَقُولُ؟ قَالَتَا: يَقُولُ كَلِمَةً تَمْلَأُ اَفْوَاهَنَا، فَجَاءَا فَاسْتَلَمَا الْحَجَرَ، ثُمَّ طَافَا سَبْعًا، ثُمَّ صَلِيَا رَكْعَتَيْنِ قَالَ: فَعَرَفْتُ الْإِسْلَامَ، وَعَرَفْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَقْدِيمِ اَبِي بَكْرٍ اِيَّاهُ، فَاَتَيْتُهُمَا، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ قَالَ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ، ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: مِمَّ اَنْتَ؟ ، قُلْتُ: اَنَا مِنْ غِفَارٍ، فَقَالَ بِيَدِهِ عَلَى جَبِينِهِ قَالَ: فَذَهَبْتُ اَتَنَاوَلُهُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: لَا تَعْجَلْ قَالَ: ثُمَّ رَفَعَ اِلَيَّ رَاْسَهُ، فَقَالَ: مُنْذُ كَمْ اَنْتَ هَاهُنَا؟ قُلْتُ: مُنْذُ ثَلَاثِينَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَقَالَ: مَا طَعَامُكَ؟ قُلْتُ: مَا لِي طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، وَقَدْ تَكَسَّرَتْ لِي عُكَنُ بَطْنِي، وَمَا وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سُخْفَةَ جُوعٍ ۔ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ، اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ، اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ ۔ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي فَاُتْحِفُهُ اللَّيْلَةَ. قَالَ: فَاَذِنَ لَهُ، فَانْطَلَقَ اِلَى دَارٍ فَدَخَلَهَا، فَفَتَحَ بَابًا، فَقَبَضَ لَنَا قَبَضَاتٍ مِنْ زَبِيبٍ طَائِفِيٍّ قَالَ: فَكَانَ ذَلِكَ اَوَّلَ طَعَامٍ اَكَلْتُهُ بِمَكَّةَ حَتَّى خَرَجْتُ مِنْهَا ۔ فَقَالَ لِي: اُمِرْتُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى اَرْضٍ ذَاتِ نَخْلٍ، وَلَا اَحْسَبُهَا

فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ وہ صابی کہاں ہے؟ فرماتے ہیں: وہ پکارا: صابی! صابی! فرماتے ہیں: ہر وادی سے لوگ نکلے انہوں نے مجھے پتھر اور روڑے مارے یہاں تک کہ انہوں نے مجھے زخمی کر کے چھوڑا۔ فرماتے ہیں: وہ مجھے چھوڑ کر منتشر ہو گئے میں زمزم کے کنویں پر آیا۔ میں نے اپنا خون دھویا اور کعبہ کے پردوں میں جا گھسا۔ فرماتے ہیں: میں تیس رات اور دن کے درمیان (یعنی پندرہ دن) ٹھہرا رہا۔ میرے لیے زمزم کے سوا کوئی کھانا نہ تھا یہاں تک کہ اللہ نے مکہ والوں کے کان بند کر دیئے۔ میں نے دو عورتوں کے سوا کسی کو طواف کرتے نہ دیکھا۔ پس میرے پاس بھی یہ کہتی ہوئی آئیں: اے اساف بت! اے نائلہ بت! پس میں نے اُن سے چپکے سے کہا: ان میں سے ایک کا دوسری کے ساتھ نکاح کر دو۔ اے ابن اخی! یہ لکڑی کے ہیں نکاح ممکن نہیں۔ پس وہ یہ کہتی ہوئی واپس جا رہی تھیں: کعبہ کے پردوں میں صابی ہے قسم بخدا! کاش ہمارے لوگوں میں سے کوئی یہاں ہوتا (جو اس کو نکال باہر کرتا)۔ فرماتے ہیں: اتنے میں رسول کریم ﷺ اور ابوبکر تشریف لائے۔ پس وہ دونوں بھی اُن کے سامنے سے (کہتی ہوئی) گزر رہی تھیں۔ پس ان دونوں نے بولا: یہ آواز کیسی ہے؟ تو انہوں نے ایک بار پھر کہا: کعبہ کے پردوں میں کوئی صابی (بے دین) ہے۔ انہوں نے کہا: وہ کیا کہتا ہے؟ انہوں نے کہا: اس نے ایک کلمہ کہہ کر ہمارے منہ بند کر دیئے ہیں۔ پس یہ دونوں حضرات خراما خراما! دھیرے دھیرے تشریف

اِلَّا يَثْرِبَ، فَاذْهَبْ فَانْتَ رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَى قَوْمِكَ، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى اَخِي قَالَ: اَیْ اَخِي، مَاذَا جِئْتَنَا بِهِ، اَوْ كَلِمَةً نَحْوَ هٰذَا؟ قُلْتُ: قَدْ لَقِيتُهُ، وَاَسْلَمْتُ، وَبَايَعْتُ، وَدَعَوْتُ اَخِي اِلَى الْاِسْلَامِ قَالَ: وَاَنَا قَدْ اَسْلَمْتُ وَبَايَعْتُ، فَاَتَيْنَا اُمَّنَا، فَدَعَوْنَاهَا اِلَى الْاِسْلَامِ، فَقَالَتْ: مَا بِي عَنْ دِينِكُمَا رَغْبَةٌ، وَاَنَا قَدْ اَسْلَمْتُ وَبَايَعْتُ قَالَ: ثُمَّ ارْتَحَلْنَا، فَاَتَيْنَا قَوْمَنَا، فَدَعَوْنَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَاَسْلَمَ نِصْفُهُمْ، وَاَسْلَمَ سَيِّدُهُمْ اِيمَاءُ بْنُ رَحَضَةَ، وَصَلَّى بِهِمْ، وَقَالَ النِّصْفُ الْبَاقُونَ: دَعُونَا حَتَّى يَمُرَّ بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَمَرَّ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْلَمَ النِّصْفُ الْبَاقِي قَالَ: وَقَالَتْ اَسْلَمُ: نُسْلِمُ عَلَى مَا اَسْلَمَتْ عَلَيْهِ غِفَارٌ قَالَ: فَاَسْلَمُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا

لائے۔ حجر اسود کو بوسہ دیا' پھر سات چکر طواف کے پورے کیے' پھر طواف کی دو رکعت ادا فرمائیں۔ میں نے اللہ کے رسول ﷺ کو پہچان لیا' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (نماز کے لیے) آپ کو آگے کیا۔ میں ان دونوں حضرات کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ! حضور ﷺ نے جواب دیا: وعلیک ورحمۃ اللہ! وعلیک ورحمۃ اللہ! وعلیک ورحمۃ اللہ! تین بار۔ پھر فرمایا: تیرا تعلق کس قبیلے سے ہے؟ میں نے عرض کی: بنوغفار سے۔ پس آپ نے اپنا ہاتھ مبارک اپنی پیشانی پر رکھ کر فرمایا جو فرمایا۔ میں آگے ہو کر آپ کا ہاتھ پکڑنے لگا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: جلدی مت کر! فرماتے ہیں: پھر آپ ﷺ نے اپنا سر اُٹھا کر فرمایا: کب سے یہاں آیا ہے؟ میں نے عرض کی: تیس رات دن ہو گئے ہیں۔ فرمایا: تیرا کھانا پینا کیا تھا؟ میں نے عرض کی: بس زمزم کا پانی جبکہ اس سے میرے پیٹ کی سلوٹیں ختم ہو گئیں (جو موٹاپے کی وجہ سے پڑ گئی تھیں) میں نے کسی قسم کی بھوک محسوس نہ کی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ برکتوں والا ہے کیونکہ بھوکوں کے لیے کھانا ہے' تین بار فرمایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اجازت عنایت فرمائیں! میں اس رات انہیں کچھ پیش کروں۔ فرماتے ہیں: آپ نے انہیں اجازت عنایت فرما دی۔ پس آپ نے گھر کی طرف چل کر اس میں داخل ہو کر دروازہ کھولا اور طائف کی کشمش کے کچھ دانے پیش کیے۔ آپ

فرماتے ہیں: جب سے میں مکہ آیا تو آج پہلے دن یہ کھانا کھایا یہاں تک کہ میں وہاں سے چلا گیا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: مجھے کھجوروں والی زمین کی طرف ہجرت کا حکم ہوگا' میرا یقین ہے کہ وہ یثرب ہے۔ پس جاؤ! تم اپنی قوم کی طرف اللہ کے رسول کے قاصد ہو' پس جب میں اپنے بھائی کے پاس آیا۔ اس نے کہا: اے میرے بھائی! تُو ہمارے پاس کیا لایا ہے؟ میں نے کہا: میں اُس ہستی سے ملا اور میں نے اسلام قبول کر لیا' بیعت کی اور میں نے اپنے بھائی کو اسلام کی دعت دی۔ اس نے کہا: میں بھی اسلام لایا اور بیعت کی' ہم دونوں مل کر والدہ محترمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' پس ہم دونوں نے ان کی خدمت میں دعوتِ اسلام پیش کی۔ انہوں نے فرمایا: مجھے تمہارے دین سے محبت ہے' میں بھی اسلام قبول کرتی ہوں اور بیعت کرتی ہوں۔ فرماتے ہیں: ہم نے وہاں سے رخت سفر باندھا اور اپنی قوم کے پاس آئے۔ ہم نے انہیں اسلام کی دعوت دی' آدھے ان میں سے اسلام لائے حتیٰ کہ ان کا سردار بھی مسلمان ہوگیا' جس کا نام ایماء بن رحضہ تھا۔ اسی نے سب کو نماز پڑھائی۔ باقی آدھے بولے: ہمیں رہنے دو! یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس سے گزریں۔ آپ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو باقی آدھے بھی اسلام لے آئے۔ آپ فرماتے ہیں: بنواسلم قبیلے نے کہا: ہم بھی وہی بات قبول کرتے ہیں جس بات کو بنوغفار قبول کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: وہ سارے اسلام

لے آئے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: بنواسلم قبیلے کو اللہ تعالیٰ نے سلامتی عطا فرمائی اور بنوغفار کی اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرما دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ اِلَّا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، وَلَا رَوَاهُ، عَنْ رَوْحِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ غَسَّانَ الْغِلَابِيُّ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ

حضرت عبداللہ بن بکر بن عبداللہ سے اس حدیث کو صرف روح بن اسلم اور ان سے مفضل بن غسان غلابی اور حجاج بن شاعر ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

مَنِ اسْمُهُ اَزْهَرُ

ان شیوخ کے نام سے جن کا نام ازھر ہے

3052 - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کبھی کبھی زیارت کیا کرو محبت میں اضافہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ

یہ حدیث مکحول سے صرف سلیمان بن ابی کریمہ اور سلیمان سے صرف محمد بن مخلد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ازہر بن زفرا کیلے ہیں۔

3053 - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ اَبُو اَسْلَمَ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَصْحَابِ الْاَعْرَافِ؟ فَقَالَ: قَوْمٌ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَهُمْ عُصَاةٌ لِآبَائِهِمْ، فَمَنَعَتْهُمُ الشَّهَادَةُ اَنْ يَدْخُلُوا النَّارَ، وَمَنَعَتْهُمُ الْمَعْصِيَةُ اَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ، فَهُمْ وُقُوفٌ عَلَى سُوَرٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، حَتَّى تَذُوبَ شُحُومُهُمْ وَتَذْبُلَ لُحُومُهُمْ، حَتَّى يَفْرُغَ اللّٰهُ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ، فَاِذَا فَرَغَ مِنْ حِسَابِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے اصحاب اعراف والوں کے متعلق پوچھا گیا' فرمایا: وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں شہید ہوئے' وہ اپنے ماں باپ کے نافرمان تھے' ان کی شہادت نے ان کو جہنم میں جانے سے روکا' ان کی نافرمانی نے جنت میں داخل نہیں ہونے دیا' وہ جنت اور دوزخ کے درمیان روک لیے گئے' یہاں تک کہ اُن کی چربی پگھلنے لگی' گوشت گرنے لگا' جب اللہ عزوجل مخلوق کے حساب سے فارغ ہوا تو ان کو اپنی رحمت میں ڈھانپ لے گا' ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

3052- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 107' والكبير جلد 4 صفحه 21 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 178: وفيه محمد بن مخلد الرعيني' وهو ضعيف .

3053- أخرجه أيضًا في الصغير جلد 1 صفحه 238' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 26: وفيه محمد بن مخلد الرعيني وهو ضعيف .

الْخَلائِقِ تَغَمَّدَهُمْ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ، فَأُدْخِلُوا الْجَنَّةَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَلا ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَلا يُرْوَى، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ان کے بیٹے عبدالرحمٰن نے روایت کیا ہے اور عبدالرحمٰن سے صرف محمد بن مخلد نے روایت کیا ہے اور ابوسعید سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

مَنِ اسْمُهُ الْاَسْوَدُ

ان شیوخ کے نام سے جن کا نام اسود ہے

3054 - حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْمَقدِّيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْكَاهِلِيِّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْإِمَامُ ضَامِنٌ، وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ، وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: امام ضامن ہے مؤذن امانت دار ہے اے اللہ! ائمہ کو ہدایت دے اور مؤذنوں کو بخش دے۔

3055 - حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي يَعْفُورَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: صَلَّيْتُ، فَطَبَّقْتُ، فَنَهَانِي اَبِي، وَقَالَ: كُنَّا نَفْعَلُهُ، ثُمَّ اُمِرْنَا بِالرُّكَبِ

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ اِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نماز پڑھی اور میں نے طباق کیا (مراد ہے کہ رکوع میں دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھنا' گھٹنوں کے اوپر نہیں رکھنا) میرے والد نے مجھے منع کیا اور کہا: ہم ایسے کرتے تھے پھر ہم کو گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا۔

یہ دونوں حدیثیں صدقہ بن ابی عمران سے صرف سعدان بن یحییٰ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3054- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 140 رقم الحديث: 517' والترمذي في الصلاة جلد 1 صفحه 402 رقم الحديث: 207' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 311 رقم الحديث: 7187 .

3055- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2 صفحه 319 رقم الحديث: 790' والنسائي في التطبيق جلد 2 صفحه 144 باب شرح ذلك' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 229 رقم الحديث: 1575 .

مَنِ اسْمُهُ أُسَامَةُ

3056 - حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ أَحْمَدَ التُّجِيبِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: أنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ قِيلَ: وَمَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: الَّذِينَ يَصْلُحُونَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام اسامہ ہے

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا اور عنقریب غریبوں میں واپس آئے گا' جس طرح غریبوں سے شروع ہوا تھا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہے۔ عرض کی گئی: غرباء کون ہیں؟ فرمایا: جب لوگوں میں فساد ہو تو وہ اصلاح کریں (امیر لوگ فساد اور خرابی کا شکار ہو جائیں گے تو وہ اس وقت بھی سیدھی راہ پر رہیں گے)۔

☆☆☆☆☆

3056- اخرجه أيضًا فى الصغير جلد 1 صفحه 104' والكبير جلد 6 صفحه 202 . وقال الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 7 صفحه 281: ورجاله رجال الصحيح . غير بكر بن سليم وهو ثقة .

بَابُ الْبَاءِ
مَنِ اسْمُهُ
بِشْرٌ

باب الباء
اس شیخ کے نام سے
جس کا نام بشر ہے

3057 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى بْنِ صَالِحِ بْنِ شَيْخِ بْنِ عُمَيْرَةَ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُونُ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَالْجِهَادِ، حَتّٰى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ، وَمَا يُجْزِءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وعمرہ، جہاد کرنے والا ہوگا یہاں تک کہ دیگر نیکی کے کام ذکر کیے، فرمایا: اس کو قیامت کے دن بدلہ صرف اس کی سمجھ کے مطابق دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف موسیٰ بن اعین ہی روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں منصور بن صقیر اکیلے ہیں۔

3058 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے، جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کرے یا خاموش

3057- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه108 وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8صفحه31: وفيه منصور ابن صقير، قال ابن معين ليس بالقوي، وسقط من الاسناد اسحاق بن عبد الله بن أبي فروة متروك .

3058- أخرجه البخاري في الرقاق جلد 11صفحه314 رقم الحديث: 6475 (ولفظ: وما كرامته: قال: جائزته الضيافة ثلاث ليال، فما كان بعد ذلك فهو صدقة، فقد أخرجها البخاري من طريق آخر) . وأحمد في المسند جلد2 صفحه358 رقم الحديث: 7644 .

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا كَرَامَتُهُ؟ قَالَ: جَائِزَتُهُ الضِّيَافَةُ ثَلَاثُ لَيَالٍ، فَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

ہو رہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مہمان کی عزت کرے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کتنے دن مہمان نوازی کی جائے؟ فرمایا: تین دن اور تین راتیں اس کے بعد جو کرے وہ صدقہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں خلاد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

3059 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: أُوتِرُ لِأَوَّلِ اللَّيْلِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: أُوتِرُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخَذَ أَبُو بَكْرٍ بِالْحَزْمِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: أَخَذَ بِالْقُوَّةِ

7125 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَمْ تَعُدُّونَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خُرُوجِهِ؟ قَالُوا: عَشْرًا بِمَكَّةَ، وَعَشْرًا بِالْمَدِينَةِ قَالَ: وَاِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ ذٰلِكَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: نَعَمْ، وَخَمْسٌ وَسَبْعٌ عَلَى نَحْوِ مَا قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے لیے اُن کے تشریف لے جانے کے بعد کتنا شمار کرتے ہو؟ انہوں نے کہا: دس سال مکہ دس سال مدینہ میں۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم یہ کہتے ہو؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! حضرت ابن عباس نے فرمایا: جی ہاں! پانچ اور سات سال اس کے مطابق جو حضرت علی نے فرمایا ہے۔

7126 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدًا اِلَى الْيَمَنِ، فَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اَمِيرًا مِنْهُمْ، وَهُوَ اَصْغَرُهُمْ، فَمَكَثَ اَيَّامًا لَمْ يَسِرْ، فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، مَا لَكَ، اَمَا انْطَلَقْتَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمِيرُنَا يَشْتَكِي رِجْلَهُ، فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ نَفَثَ عَلَيْهِ: بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، اَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا فِيهَا، سَبْعَ مَرَّاتٍ، فَبَرَاَ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهُ شَيْخٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتُؤَمِّرُهُ عَلَيْنَا وَهُوَ اَصْغَرُنَا؟ فَذَكَرَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک وفد یمن کی طرف بھیجا ان پر ان میں سے ایک امیر بنایا وہ ان میں چھوٹا تھا عمر میں اب چند دن ٹھہرے آپ نہیں چلے ان میں سے ایک آدمی حضور ﷺ سے ملا آپ نے فرمایا: اے فلان! آپ کو کیا ہوا! آپ نہیں گئے؟ عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے امیر کا پاؤں خراب ہے؟ اس کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا آپ نے اس پر پھونک ماری پڑھا: "بسم اللّٰہ وباللّٰہ اعوذ بعزۃ اللّٰہ وقدرتہ من شر ما فیھا" سات مرتبہ اس کا پاؤں ٹھیک ہو گیا۔ایک بزرگ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے ہم پر ایسا آدمی امیر مقرر کیا جو ہم سے عمر

7125- أصله عند مسلم من طريق سفيان عن عمرو . قال: قلت لعروة: كم لبث النبي ﷺ بمكة؟ قال: عشرًا . قلت: فان ابن عباس يقول: بضع عشرة . أخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحه1825 .

7126- اسناده فيه: يحيى بن سلمة بن كهيل: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه164 .

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَ تَهُ لِلْقُرْآنِ، فَقَالَ الشَّيْخُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْلَا اَنِّي اَخَافُ اَنْ اَتَوَسَّدَهُ فَلَا اَقُومُ بِهِ لَتَعَلَّمْتُهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمْهُ، فَإِنَّمَا مِثْلُ الْقُرْآنِ كَجِرَابٍ مَلَاْتَهُ مِسْكًا، ثُمَّ رَبَطْتَ عَلَى فِيهِ، فَإِنْ فَتَحْتَ فَاحَ رِيحُ الْمِسْكِ، وَإِنْ تَرَكْتَهُ كَانَ مِسْكًا مَوْضُوعًا، كَذَلِكَ مَثَلُ الْقُرْآنِ إِذَا قَرَاْتَهُ، اَوْ كَانَ فِي صَدْرِكَ

میں چھوٹا ہے؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی قرأت ذکر کی۔ بزرگ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر مجھے خوف نہ ہوتا' ٹیکس کا خوف نہ ہوتا تو میں قرآن سیکھ کر کھڑا ہوتا۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بزرگ کو فرمایا: قرآن سیکھو کیونکہ قرآن کی مثال اس تھیلی کی طرح ہے جس میں مشک خوشبو بھری ہوئی ہو' پھراوپر سے باندھ دیا گیا ہو' اگر اس کو کھولا جائے تو اس سے خوشبو مہکنا شروع ہو جائے' اگر چھوڑ دیا جائے تو اس کی خوشبو بند ہی رہے گی' اسی طرح قرآن کی مثال ہے جب تُو پڑھے یا تیرے سینے میں ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ إِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِمَا: إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

یہ دونوں حدیثیں سلمہ بن کہیل سے ان کے بیٹے یحیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن صبیح اکیلے ہیں۔

7127 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ دِرْهَمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اُنَاسٍ بِمَكَّةَ، فَجَعَلُوا يَغْمِزُونَ فِي قَفَاهُ، وَيَقُولُونَ: هَذَا الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ، وَمَعَهُ جِبْرِيلُ فَغَمَزَ جِبْرِيلُ بِإِصْبَعِهِ، فَوَقَعَ مِثْلُ الظُّفُرِ فِي اَجْسَادِهِمْ، فَصَارَتْ قُرُوحًا، حَتَّى نَتُنُوا، فَلَمْ يَسْتَطِعْ اَحَدٌ اَنْ يَدْنُوَ مِنْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ) (الحجر: **95**)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے' وہ آپ پر عیب لگانے لگے اور کہنے لگے: یہ نبی ہے جو دعویٰ نبوت کا کرتا ہے۔ آپ کے ساتھ حضرت جبریل علیہ السلام تھے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنی انگلی دبائی' ایسے معلوم ہوا کہ ناخن ان کے جسم پر لگا ہے' ان کو زخم ہو گیا یہاں تک کہ بدبو آنے لگی' ان میں سے کسی کو آگے ہونے کی جرأت نہ ہوئی۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ہم آپ سے مذاق کرنے والے سے بدلہ لینے کے لیے کافی ہیں''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ

یہ حدیث حضرت انس سے یزید بن ادھم روایت

7127- أسناده فيه: يزيد بن درهم أبو العلاء: ضعيف . وأخرجه البزار أيضًا . وانظر: مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**49** .

دِرْهَمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ

کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عثمان القرشی اکیلے ہیں۔

7128 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَصَلَّى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيرَاطٌ مِنَ الْأَجْرِ، فَإِنِ انْتَظَرَهَا حَتَّى يُقْضَى قَضَاؤُهَا فَلَهُ قِيرَاطَانِ، قَالُوا: وَمَا الْقِيرَاطُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِثْلُ أُحُدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ چلا' نمازِ جنازہ پڑھ کر واپس آیا' اس کے لیے ایک قیراط کے برابر ثواب ہوگا' اگر دفن کر کے واپس آیا تو اس کے لیے دو قیراط کے برابر ثواب ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: قیراط کتنا بڑا ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اُحد پہاڑ کی طرح۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ إِلَّا ابْنُهُ

اس حدیث کو عطاء بن ابی میمونہ سے صرف ان کے بیٹے نے روایت کیا۔

7129 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ، ثَنَا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ الْعَطَّارُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُتِيَ أَحَدُكُمْ بِالطِّيبِ فَلْيَمَسَّ مِنْهُ، وَإِذَا أُتِيَ بِالْحَلْوَى فَلْيُصِبْ مِنْهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے پاس خوشبو لائی جائے تو وہ اس کے لیے ہے' جب کوئی میٹھی شی لے کر آئے تو اس سے ذائقہ کے طور پر لے لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے فضالہ بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن عرعرہ السامی اکیلے ہیں۔

7128- اسناده فيه: روح بن عطاء بن أبي ميمونة: ضعيف' ضعفه ابن معين' وغيره' وقال أحمد: منكر الحديث' وقال ابن عدى: ما أرى برواياته بأسًا . وأخرجه أيضًا أبو يعلىٰ' وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه33 .

7129- اسناده فيه: فضالة بن حصطين العطار' ذكره غير واحد في الضعفاء' وقال أبو حاتم: مضطرب الحديث . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه40 .

7130 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ ثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ الْيَمَانِ، أُخْتِ حُذَيْفَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا خَيْرَ فِي جَمَاعَةِ النِّسَاءِ، إِلَّا عِنْدَ مَيِّتٍ، فَإِنَّهُنَّ إِذَا اجْتَمَعْنَ قُلْنَ وَقُلْنَ

حضرت خولہ بنت یمان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو عورتوں کے پاس فرماتے ہوئے سنا: عورتوں کے جمع ہونے میں خیر نہیں ہے سوائے میت کے پاس' کیونکہ جب یہ جمع ہوتی ہیں یہ بولتی ہی بولتی ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ الْيَمَانِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

یہ حدیث خولہ بنت یمامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں صلت بن مسعود اکیلے ہیں۔

7131 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثَنَا عَمِّي مَنْصُورُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ بِنِطْعٍ مِنَ الْغَنِيمَةِ، فَقِيلَ: اسْتَظِلَّ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: تُحِبُّونَ أَنْ يُسْتَظَلَّ بَيْنَكُمْ بِظِلٍّ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟

حضرت ابوحازم انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس بدر کے دن مالِ غنیمت سے خیمہ لایا گیا' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ اس کے سایہ میں تشریف فرما ہوں' آپ نے فرمایا: تم پسند کرتے ہو کہ تمہارے درمیان قیامت کے دن کی آگ سے سایہ لیا جائے۔

7132 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ فِي

حضرت ابوحازم القاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سایہ میں تھے اور آپ کے صحابہ بدر کے دن

7130- اسناده فيه: الوازع بن نافع العقيلي: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه333 .

7131- اسناده فيه: الحسن بن صالح بن أبي الأسود الليثي' ذكره ابن حبان في الثقات جلد 8صفحه168 وترجمه الذهبي في الميزان جلد1صفحه496 وابن حجر في اللسان جلد2صفحه214 وفيهما: ابن الأسود' ونقلا عن الأزدي: زائغ حائد عن الحق . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه342 .

7132- اسناده فيه: الحسن بن صالح بن أبي الأسود: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه86 .

الظِّلِّ، وَاَصْحَابُهُ فِی الشَّمْسِ يُقَاتِلُونَ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اَنْتَ فِی الظِّلِّ وَالْمُسْلِمُونَ فِی الشَّمْسِ يُقَاتِلُونَ؟ فَقَامَ، فَتَحَوَّلَ اِلَی الشَّمْسِ

سورج کی گرمی میں لڑ رہے تھے' آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے' عرض کی: آپ سایہ میں ہیں اور آپ کے غلام سورج کی گرمی میں لڑ رہے ہیں؟ آپ کھڑے ہوئے اور سورج کی گرمی میں چلے گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ، وَلَا رَوَاهُمَا عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ دونوں حدیثیں اعمش سے منصور بن ابواسود اور ان دونوں سے منصور اور ان سے ان کے بھائی' بیٹے حسن بن صالح بن ابواسود روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

7133 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ النُّعْمَانِ، ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَزَوَّرِ، عَنْ نُفَيْعٍ اَبِی دَاوُدَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَاَبِی بَرْزَةَ، قَالَا: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی جَنَازَةٍ، فَرَاَی اَقْوَامًا قَدْ طَرَحُوا اَرْدِيَتَهُمْ يَمْشُونَ فِی الْقَمِيصِ، فَقَالَ: اَبِفِعْلِ الْجَاهِلِيَّةِ تَاْخُذُونَ؟ اَوْ بِصَنِيعِ الْجَاهِلِيَّةِ تَشَبَّهُونَ؟ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَدْعُوَ عَلَيْكُمْ دَعْوَةً تَرْجِعُونَ فِی غَيْرِ صُوَرِكُمْ، فَاَخَذَ الْقَوْمُ اَرْدِيَتَهُمْ، فَارْتَدَوْا

حضرت عمران بن حصین اور ابوبرزہ رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' ایک جنازہ میں آپ نے کچھ لوگوں کو دیکھا انہوں نے اپنے تہبند اتار دیئے اور قمیص پہن کر چلنے لگے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم جاہلیت والے کام کرتے ہو؟ یا جاہلیت والے کام کرنے کی مشابہت کرتے ہو؟ میں نے ارادہ کیا کہ تمہارے لیے ایسی بددعا کروں کہ تمہاری صورتیں بدل جائیں' لوگوں نے اپنے تہبند دوبارہ پہن لیے۔

لَا يُرْوَی هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ وَاَبِی بَرْزَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث عمران بن حصین اور ابوبرزہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

7133- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 476 رقم الحديث: 1485 . وفی الزوائد: هذا اسناد ضعيف . فيه نفيع بن الحارث أبو داؤد الأعمٰی' تركه غير واحد' ونسبه يحيٰی بن معين وغيره للوضع . وعلی بن الحزور' كذلك متروك الحديث . وقال البخاری: منكر الحديث عنده عجائب . والطبرانی فی الكبير جلد 18 صفحه 239 رقم الحديث: 601 وقال: واسناده واه جدًّا .

7134 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَاصِمٍ، صَاحِبُ اَبِي عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ اَبُو مُوسَى يُصَلِّيهِمَا

حضرت جعفر بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ عصر کے بعد دو رکعت پڑھتے تھے' حضرت ابوموسیٰ دونوں کو پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي مُوسَى اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ

یہ حدیث جعفر بن ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن مستمر اکیلے ہیں۔

7135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعِجْلِيُّ، نَا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ وَقَّتَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ پر گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کرنے کا وقت تین دن اور تین راتیں مقرر کیا اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات کو مقرر کیا' آپ موزوں پر مسح کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ

یہ حدیث عمرو بن عبید سے عمر بن ابوعثمان روایت کرتے ہیں۔

7136 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا خَالِدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

7134- اسناده فيه جماعة لم أعرفهم . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه226 بنحوه' وقال: رواه الطبراني في الأوسط' والكبير' ورجاله رجال الصحيح غير أبي دراس قال فيه ابن معين: لا بأس به .

7135- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه39 رقم الحديث: 157' والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه158 رقم الحديث: 95 . وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد5صفحه254 رقم الحديث: 21927 .

7136- اسناده فيه: أ- عيسى بن ابراهيم الهاشمي' قال ابن معين: ليس بشيء' وقال البخاري: والنسائي: منكر الحديث'

بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو وَائِلٍ، ثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَيْلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَجْرِهِ شَيْئًا، وَمَا عَمِلَ مَنْ اَعْمَالِ الْبِرِّ اِلَّا كَانَ اَجْرُهُ كَصَاحِبِ الطَّعَامِ، مَا كَانَ مِنْ قُوَّةِ الطَّعَامِ فِيهِ

نے فرمایا: جس نے روزہ رکھا اس کو اتنا ہی ثواب ملے گا جو روزہ کھلائے گا' کھانا کھلانے سے بڑھ کر کوئی نیکی نہیں ہے' کھانے سے بڑی طاقت نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَيْلِيُّ، وَلَا عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث زہری سے حکم بن عبداللہ الایلی روایت کرتے ہیں اور حکم سے عیسیٰ بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں کثیر بن ہشام اکیلے ہیں۔

7137 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْتَقِبِ الْمَرْاَةُ الْمُحْرِمَةُ، وَلَا تَبَرْقَعُ، وَلَا تَقَفَّزُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: احرام پہننے والی عورت نہ بال اُکھاڑے نہ دستانے نہ برقعہ پہنے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

یہ حدیث حماد بن زید سے محمد بن موسیٰ الحرشی روایت کرتے ہیں۔

7138 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

وقال أبو حاتم: متروك الحديث . (الجرح (271)' واللسان جلد 4 صفحه 391' والميزان جلد 3 صفحه 308) . ب- الحكم بن عبد الله الأيلي: متروك . (الجرح جلد 3 صفحه 120' والميزان جلد 1 صفحه 572) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 160 .

7137- أخرجه البخاري: الصيد جلد 4 صفحه 63 رقم الحديث: 1838' وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 171 رقم الحديث: 1825' والترمذي: الحج جلد 3 صفحه 185 رقم الحديث: 833' والنسائي: المناسك جلد 5 صفحه 101 (باب النهي عن أن تنتقب المرأة الحرام) .

7138- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1617' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 249 رقم الحديث: 13105

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اُهْدِى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ فَقَسَمَهُ، فَجِئْتُ اَنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ اَكْلًا ذَرِيعًا، فَرَاَيْتُ اَنَّهُ اِنَّمَا حَمَلَهُ عَلَى ذٰلِكَ الْجُوعُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھجور ہدیہ دی گئیں' آپ نے ان کو تقسیم کیا' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ کھجوریں جلدی جلدی کھا رہے تھے' آپ کو بھوک لگی ہوئی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ

یہ حدیث حضرت انس سے مصعب بن سلیم روایت کرتے ہیں۔

7139 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَازِمِ بْنِ حَاتِمٍ اَبِى حَاتِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انی اسالك الٰی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے قریش بن انس سے روایت کرتے ہیں۔

7140 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ عُمَارَةَ الْاَزْدِيِّ، حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِبْرِيلَ: اَىُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ؟ قَالَ: لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبریل علیہا السلام سے فرمایا: کون سی جگہ بہتر ہے؟ حضرت جبریل نے عرض کی: میں نہیں جانتا؟ آپ نے فرمایا: اپنے رب سے پوچھو! حضرت جبریل رو پڑے' عرض کرنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہمارا

ولفظه لأحمد .

7139- اسناده فيه: أ- محمد بن نوح بن حرب العسكرى: لم أجده . ب- حازم بن حاتم أبو حاتم: لم أقف على ترجمته . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه184 .

7140- اسناده فيه: عبيد بن واقد القيسي: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائدجلد4صفحه79 .

اَدْرِی قَالَ: فَسَلْ عَنْ ذَلِكَ رَبَّكَ قَالَ: فَبَكَى جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، وَلَنَا اَنْ نَسْاَلَهُ؟ هُوَ الَّذِي يُخْبِرُنَا بِمَا شَاءَ، فَعَرَجَ اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ اَتَاهُ، فَقَالَ لَهُ: خَيْرُ الْبِقَاعِ الْمَسَاجِدُ، بُيُوتُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ قَالَ: فَاَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ؟، فَعَرَجَ اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ اَتَاهُ، فَقَالَ: شَرُّ الْبِقَاعِ الْاَسْوَاقُ

کام پوچھا وہ ہم کو وہی بتاتا ہے جو چاہتا ہے؟ اس کے بعد آسمان کی طرف چڑھے' پھر واپس آئے' عرض کرنے لگے: سب سے بہترین جگہیں مسجدیں ہیں' اللہ کے گھر ہیں زمین میں' آپ نے فرمایا: بدترین جگہ کون سی ہے؟ دوبارہ آسمان کی طرف چڑھے' پھر آئے عرض کی: بدترین جگہیں بازار ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ عُمَارَةَ، وَهُوَ اَبُو هَاشِمٍ صَاحِبُ الزَّعْفَرَانِ، اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث عمارہ بن عمارہ سے مراد ابوہاشم زعفران والے ہیں۔ عبید بن واقد روایت کرتے ہیں۔

7141 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْرَائِيلَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُطَّلِبِ الْكُوفِيُّ، ثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَادَرَ الْعَاطِسَ بِالْحَمْدِ عُوفِيَ مِنْ وَجَعِ الْخَاصِرَةِ، وَلَمْ يَشْتَكِ ضِرْسَهُ اَبَدًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو چھینک آئے' وہ اس پر الحمد للہ کہنے سے پہلے اس کا جواب دے' وہ داڑھ درد سے محفوظ رکھا جائے گا' اس کو زندگی بھر داڑھ درد نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُطَّلِبِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ اِسْرَائِيلَ

یہ حدیث ابواسحاق سے اسرائیل اور اسرائیل سے عبداللہ بن المطلب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن اسرائیل اکیلے ہیں۔

7142 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، نَا خَالِدُ بْنُ مِهْرَانَ، ثَنَا اَبُو مُطِيعٍ الْبَلْخِيُّ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دس درہم سے کم چوری کرنے

7141- اسناده فيه: الحارث هو ابن عبد الله الأعور: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه60 .

7142- اسناده فيه: أ- خالد بن مهران البلخي' قال الخليلي: كان مرجئًا وضعفوه جدًا' وقال ابن عدى: مجهول . (اللسان جلد2صفحه387) . ب- أبو مطيع الحكم بن عبد الله البلخي' ضعفه غير واحد' واتهمه الجوزقاني بوضع الحديث' وكان مرجئًا جهميًا . وأخرجه أيضًا الدارقطني: سننه جلد3صفحه193' وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه277 .

الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا قَطْعَ اِلَّا فِي عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

پر ہاتھ کاٹنا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ اِلَّا اَبُو مُطِيعٍ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ابوحنیفہ سے ابومطیع حکم بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

7143 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ، ثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ: اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَرَّزُ، فَرَجَعَ، فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حجۃ الوداع میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے، حضور ﷺ قضاء حاجت کے لیے گئے، آپ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اِلَّا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، وَلَا عَنْ خَالِدٍ اِلَّا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ

یہ حدیث محمد بن سیرین سے خالد الحذاء روایت کرتے ہیں اور خالد سے حرب بن سریج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شیبان بن فروخ روایت کرتے ہیں۔

7144 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَكِيمٍ الْعِجْلِيُّ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، وَوَاصِلِ بْنِ عَطَاءٍ الْغَزَّالِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ابوالقاسم ﷺ نے مجھے تین چیزوں کی وصیت کی، میں ان کو تادمِ آخر نہیں چھوڑوں گا: (۱) ہر ماہ تین روزے رکھنے کی (۲) جمعہ کے دن غسل کرنے کی (۳) سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی۔

7143- أصله عند البخاری ومسلم من طريق الأعمش قال: سمعت ابراهيم يحدث عن همام به ۔ أخرجه البخاری: الصلاة جلد 1 صفحه 589 رقم الحديث: 387، ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 227 .

7144- أخرجه النسائی: الصيام جلد 4 صفحه 187 (باب صوم ثلاثة أيام من الشهر)، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 307 رقم الحديث: 7157 . والحديث فی الصحيح بغير هذا السياق .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلاثٍ، لا اَدَعُهُنَّ حَتّٰى اَمُوتَ: صَوْمِ ثَلاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَغُسْلِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَلَا اَنَامُ اِلَّا عَلٰى وِتْرٍ .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ الْغَزَّالِ اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَبِى عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعِجْلِيُّ

یہ حدیث واصل الغزالی سے عمر بن ابوعثمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن ابراہیم بجلی اکیلے ہیں۔

7145 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَسْاَلَةُ الْغَنِيِّ شَيْنٌ فِي وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مال دار بننے کے لیے مانگنے والے کے چہرے پر قیامت کے دن گوشت نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِى الْاَشْهَبِ اِلَّا شَيْبَانُ، وَوَكِيعٌ

یہ حدیث ابواشہب سے شیبان اور وکیع روایت کرتے ہیں۔

7146 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، نَا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، نَا عَبْدُ النُّورِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِى سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِى الشَّعْثَاءِ، عَنْ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَانِى، فَقَالَ: اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ مِنْ اَصْحَابِكَ اَرْبَعَةً، وَيَاْمُرُكَ اَنْ تُحِبَّهُمْ ، فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهِ: سَمِّهِمْ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّ عَلِيًّا مِنْهُمْ ، حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ،

حضرت بریدہ سلمی رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے، عرض کی: آپ کا رب آپ کے چار صحابیوں سے بڑی محبت کرتا ہے اور آپ کو بھی ان سے محبت کرنے کا حکم دیتا ہے، آپ کے بعض اصحاب نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم کو اُن کے نام بتائیں! آپ نے فرمایا: علی ان میں سے ہے! جب دوسرا دن ہوا تو صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو ان افراد کے

7145- اسناده فيه: محمد بن نوح بن حرب: لم أجده . تخريجه: الطبرانى فى الكبير من عدة طرق، وأحمد، والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه99 .

7146- اسناده فيه: عبد النور بن عبد الله المسمعى، كذبه الذهبى، وقال العقيلى: كان غالبًا فى الرفض، ويضع الحديث خبيثًا، هكذا فى ضعفاء العقيلى . وفى اللسان نقل ابن حجر قوله هكذا: لا يقيم الحديث، وليس من أهله والحديث موضوع، ولا أصل له، وقد ذكره ابن حبان فى الثقات . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه158 .

قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، النَّفَرُ الَّذِينَ اَخْبَرَكَ اللّٰهُ اَنَّهُ يُحِبُّهُمْ، وَاَمَرَكَ اَنْ تُحِبَّهُمْ؟ فَقَالَ: اَمَا اِنَّ عَلِيًّا مِنْهُمْ، فَلَمَّا اَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، النَّفَرُ الَّذِينَ اَخْبَرَكَ اللّٰهُ اَنَّهُ يُحِبُّهُمْ، وَاَمَرَكَ اَنْ تُحِبَّهُمْ؟ فَقَالَ: اَمَا اِنَّ عَلِيًّا مِنْهُمْ قَالَ: عَلِيٌّ، وَاَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ، وَسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ

متعلق بتائیں جن کے متعلق آپ کو اللہ عزوجل نے محبت کرنے کا حکم دیا اور خود بھی ان سے محبت کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا: علی ان میں سے ہے۔ جب تیسرا دن ہوا تو صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں ان افراد کے متعلق جن سے اللہ خود بھی اور آپ کو بھی محبت کرنے کا حکم دیتا ہے؟ آپ نے فرمایا: علی ان میں سے ہے' آپ نے فرمایا: وہ افراد علی' ابوذر غفاری' مقداد بن اسود' سلمان فارسی (رضی اللہ عنہم) ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا عَبْدُ النُّورِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدٌ السَّمْتِيُّ

یہ حدیث عبدالملک بن ابوسلیمان سے عبدالنور بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد سمتی اکیلے ہیں۔

7147 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ بِشْرِ بْنِ صَيْفِيٍّ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، نَا اَبُو عِقَالٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَثْرِدُوا وَلَوْ بِالْمَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ثرید بناؤ اگرچہ پانی کے ساتھ ہی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں داؤد بن رشید اکیلے ہیں۔

7148 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ، نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کو معراج کروائی گئی تو آپ نے فرمایا: اے جبریل! میری قوم مجھے اس کے متعلق جھٹلائے گی اور میری

7147- اسناده فيه: أبو عقال: هو هلال بن زيد بن يسار البصرى' متروك . (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد **5** صفحه**22** .

7148- اسناده فيه: المغيرة بن سقلاب الحرانى: ضعيف .

الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ حَاتِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، إِنَّ قَوْمِي يَتَّهِمُونِي وَلَا يُصَدِّقُونِي قَالَ: إِنِ اتَّهَمَكَ قَوْمُكَ، فَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ يُصَدِّقُكَ

تصدیق نہیں کرے گی' آپ نے فرمایا: آپ کی قوم آپ کو جھٹلائے گی اور ابوبکر آپ کی تصدیق کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَقْلَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ

یہ حدیث ابن ثوبان سے مغیرہ بن سقلاب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدالرحمن بن مفضل اکیلے ہیں۔

7149 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، وَهُوَ يَقُولُ لِابْنِهِ: يَا بُنَيَّ، لِيَكُنِ الْمَسْجِدُ بَيْتَكَ، فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ بُيُوتُ الْمُتَّقِينَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يَكُنِ الْمَسْجِدُ بَيْتَهُ ضَمِنَ اللَّهُ لَهُ الرَّوْحَ، وَالرَّحْمَةَ، وَالْجَوَازَ عَلَى الصِّرَاطِ إِلَى الْجَنَّةِ

حضرت قیس بن ابی حازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو سنا' وہ اپنے بیٹے سے فرما رہے تھے: اے بیٹے! مسجد کو اپنا گھر بنالو کیونکہ یہ متقین کے گھر ہیں' میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا کہ آپ فرما رہے تھے: مسجد جس آدمی کا گھر ہو' اللہ اس کے لیے آرام' رحمت اور جنت کی طرف جانے کے لیے پل صراط پر قائم رکھنے کا ضامن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ

اس حدیث کو اسماعیل بن ابی خالد سے صرف عمر بن جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

7150 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، نا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7149- اسناده فيه: عمرو بن جرير أبو سعيد البجلي: متروك . كذبه أبو حاتم' وقال الدارقطني: متروك الحديث . (الجرح جلد 6 صفحه 224' واللسان جلد 4 صفحه 358) . وأخرجه أيضًا البزار (كشف الأستار) وعزاه الهيثمي أيضًا في المجمع جلد 2 صفحه 25 الى الطبراني في الكبير' وقال: واسناده حسن' قلت: رجال البزار كلهم رجال الصحيح .

7150- اسناده فيه: بشار بن قيراط: كذبه أبو زرعة' وقال أبو حاتم: لا يحتج به' وقال ابن عدي: هو الى الضعف أقرب منه الى الصدق . (اللسان جلد 2 صفحه 17) وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 209 .

حَمَّادُ بْنُ بَحْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثَنَا بَشَّارُ بْنُ قِيرَاطٍ، عَنْ اَبِي مُصْلِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي آخِرِ الزَّمَانِ تَاْتِي الْمَرْاَةُ حَجَلَتَها، فَتَجِدُ زَوْجَهَا قَدْ مُسِخَ قِرْدًا، لِاَنَّهُ لَمْ يُؤْمِنْ بِالْقَدَرِ

حضورﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایک عورت آئے گی' اپنے عروس والے کمرے میں اپنے شوہر کو پائے گی کہ وہ بندر کی شکل اختیار کر گیا ہے کیونکہ وہ تقدیر پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اَبُو مُصْلِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ بَشَّارُ بْنُ قِيرَاطٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ابو مصلح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بشارط بن قیراط اکیلے ہیں۔

7151 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، نَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرِّبَا اثْنَانِ وَسَبْعُونَ بَابًا، اَدْنَاهَا مِثْلُ اِتْيَانِ الرَّجُلِ اُمَّهُ، وَاَرْبَى الرِّبَا اسْتِطَالَةُ الرَّجُلِ فِي عِرْضِ اَخِيهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سود کے بہتیس دروازے ہیں' ان میں سے کم از کم گناہ آدمی کا اپنی ماں سے زنا کرنا ہے' سب سے بُرا سود آدمی کا اپنے بھائی کی عزت پر حملہ کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ رَاشِدٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْبَرَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے عمر بن راشد اور عمر بن راشد سے معاویہ بن ہشام روایت کرتے ہیں۔ براء سے روایت یہ حدیث اسی سند سے ہے۔

7152 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ اَبِي

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضورﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

7151- اسناده فيه: عمر بن راشد: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**120** .

7152- اسناده فيه: عبد الكريم بن أبي المخارق أبو أمية: ضعيف. وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**161** .

أُمَيَّةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ

یہ حدیث مسور بن مخرمہ سے عبدالکریم روایت کرتے ہیں۔

7153 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ بَحْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ، ثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، ثَنَا اَبُو السَّفَرِ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَالَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَتُوُفِّيَ اَبُو بَكْرٍ، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَقُتِلَ عُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ قَالَ مُعَاوِيَةُ: وَهَذِهِ يُوْمِي لِي سَبْعٌ وَخَمْسُونَ، ثُمَّ عَاشَ بَعْدَ ذَلِكَ عِشْرِينَ سَنَةً

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ۶۳ سال کی عمر میں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال بھی ۶۳ سال کی عمر میں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ۶۳ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔ حضرت معاویہ نے فرمایا: یہ میرے لیے اشارہ ہے کہ ۵۴ سال عمر کا، پھر اس کے بعد بیس سال زندہ رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي السَّفَرِ اِلَّا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ

یہ حدیث ابوالسفر سے یونس بن ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔

7154 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثَنَا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ الرَّقِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: سَجْدَتَا السَّهْوِ فِي الصَّلَاةِ تُجْزِئُكَ مِنْ كُلِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نماز میں دو سجدے سہو کے نماز میں کمی و زیادتی ہونے کی صورت میں کافی ہیں۔

7153- اسناده فيه: حماد بن بحر السرى: قال أبو حاتم: لا أعرفه شيخ مجهول . (الجرح جلد 3 صفحه 133، والميزان جلد 1 صفحه 588) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 199 .

7154- اسناده فيه: حكيم بن نافع الرقى القرشي: ضعيف . تخريجه: أبو يعلى، البزار، وابن عدى، والخطيب فى تاريخه . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 154 .

زِيَادَةٍ وَنُقْصَانٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا حَكِيمُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے حکیم بن نافع روایت کرتے ہیں۔

7155 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَلَفٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَرَكْتُ اَبِي يَلْحَقُنِي، فَقَالَ: لَيَطْلُعَنَّ الْآنَ رَجُلٌ لَعِينٌ، فَخِفْتُ اَنْ يَكُونَ اَبِي، فَلَمْ اَزَلْ خَارِجًا وداخِلًا، حَتّٰى طَلَعَ الْحَكَمُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں اپنے والد کو چھوڑ آیا' مجھے ملیں' آپ نے فرمایا: ابھی ایک لعین آدمی آئے گا! میں نے خوف کیا کہ میرے والد نہ ہوں' میں مسلسل نکلتا اور داخل ہوتا رہا یہاں تک کہ حکم بن ابوالعاص آئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ

یہ حدیث ابوامامہ سے عثمان بن حکیم روایت کرتے ہیں۔

7156 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا اَبُو مَعْمَرٍ الْقُطَيْعِيُّ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهُ خَيْطٌ يَسْتَذْكِرُ بِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک تسبیح تھی' آپ اس پر ذکر کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا هُشَيْمٌ، تفرَّدَ بِهِ: اَبُو مَعْمَرٍ

یہ حدیث عبدالحمید بن جعفر سے ہشیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابومعمر اکیلے ہیں۔

7157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثَنَا ضِمَامُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، وَمُوسَى بْنُ وَرْدَانَ،

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے دیکھا کہ آپ کے چہرے کی رنگت بدلی ہوئی تھی' میں نے عرض

7155- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحيم الديباجي التستري: لم أجده . تخريجه: أحمد في المسند' والبزار في كشف الأستار . وذكره الهيثمي في المجمع جلد5صفحه244 وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح .

7157- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحيم الديباجي: لم أجده . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه316 .

عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَرَاَيْتُهُ مُتَغَيِّرًا قَالَ: قُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، مَا لِيَ اَرَاكَ مُتَغَيِّرًا؟ قَالَ: مَا دَخَلَ جَوْفِي مَا يَدْخُلُ جَوْفَ ذَاتِ كَبِدٍ مُنْذُ ثَلَاثٍ قَالَ: فَذَهَبْتُ فَاِذَا يَهُودِيٌّ يَسْقِي اِبِلًا لَهُ، فَسَقَيْتُ لَهُ، عَلَى كُلِّ دَلْوٍ تَمْرَةٌ، فَجَمَعْتُ تَمْرًا، فَاَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ لَكَ يَا كَعْبُ؟، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُحِبُّنِي يَا كَعْبُ؟، قُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ، نَعَمْ قَالَ: اِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلَى مَنْ يُحِبُّنِي مِنَ السَّيْلِ اِلَى مَعَادِنِهِ، وَاِنَّهُ سَيُصِيبُكَ بَلَاءٌ، فَاَعِدَّ لَهُ تَجْفَافًا قَالَ: فَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ كَعْبٌ؟، قَالُوا: مَرِيضٌ، فَخَرَجَ يَمْشِي حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ: اَبْشِرْ يَا كَعْبُ، فَقَالَتْ اُمُّهُ: هَنِيئًا لَكَ الْجَنَّةُ يَا كَعْبُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذِهِ الْمُتَاَلِّيَةُ عَلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: هِيَ اُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: مَا يُدْرِيكِ يَا اُمَّ كَعْبٍ؟ لَعَلَّ كَعْبًا قَالَ مَا لَا يَنْفَعُهُ، اَوْ مَنَعَ مَا لَا يُغْنِيهِ

کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! مجھے کیا ہے کہ میں آپ کی حالت بدلی ہوئی دیکھ رہا ہوں' آپ نے فرمایا: میں نے تین دن سے اپنے پیٹ میں داخل نہیں کی کوئی چیز جو ایک جگر رکھنے والا اپنے پیٹ میں داخل کرتا ہے۔ وہ کہتے ہیں: میں گیا تو ایک یہودی اپنے اونٹ کو پانی پلا رہا تھا' میں نے اس کو پلایا ہر ڈول کے بدلے ایک کھجور ملی۔ میں نے کھجوریں جمع کیں' میں ان کو لے کر حضور کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے کعب! کہاں سے لائے ہو؟ میں نے آپ کو بتایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے کعب! کیا تُو مجھ سے محبت کرتا ہے؟ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان! جی ہاں! آپ نے فرمایا: محتاجی اس کی طرف اتنی تیزی سے آتی ہے جو مجھ سے محبت کرتا ہے' جتنا تیرا پانی نیچے کی طرف آتا ہے اور عنقریب تمہیں آزمائش پہنچے گی' اس کے لیے تیار ہو جاؤ۔ پھر حضور ﷺ سے ملاقات نہ ہوئی' آپ نے فرمایا: کعب کو کیا ہوا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: بیمار ہیں' آپ نکلے' پھر چلے یہاں تک کہ آپ کے پاس آئے' آپ سے کہا: اے کعب! تمہارے لیے خوشخبری ہو! میری امی نے کہا: اے کعب! تمہارے لیے جنت ہے! حضور ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ کی طرف سے ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ میری امی ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے اُم کعب! تمہیں کیسے پتا چلا؟ ہوسکتا ہے کہ کعب نے جو کہا ہے اس کو نفع نہ دے یا جو کہا ہے وہ مال دار نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَعْبٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ وَرْدَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ضِمَامٌ

یہ حدیث کعب سے موسیٰ بن وردان روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ضمام اکیلے ہیں۔

7158 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، نَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، نَا فُهَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِرُّوا عَلَى سَكَنَتِكُمْ، قَدِ انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ، وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِنِ اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھروں میں پڑھو' ہجرت ختم ہوگئی (یعنی مکہ سے مدینہ تک) ہاں جہاد اور نیت ہے جب تم کو نکلنے کا حکم دیا جائے تو تم نکلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: فُهَيْرُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ابراہیم بن یزید روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں فہیر بن زیاد اکیلے ہیں۔

7159 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَسْفَاطِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَاسْتَقْبَلَهُ النَّاسُ قَدِ انْصَرَفُوا مِنَ الْجُمُعَةِ، فَدَخَلَ دَارًا، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ لَا يَسْتَحِي مِنَ النَّاسِ، لَا يَسْتَحِي مِنَ اللَّهِ

حضرت داؤد بن مطرف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت انس بن مالک کے ساتھ تھے' لوگ آ رہے تھے' نماز جمعہ پڑھ کر۔ حضرت انس گھر داخل ہوئے' فرمایا: میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگوں سے حیاء نہیں کرتا ہے وہ اللہ سے حیاء نہیں کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ ابراهيم

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

7158- أخرجه البخاري: الصيد جلد 4 صفحه 56 رقم الحديث: 1834' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 986 . ولم يذكرا: أَقِرُّوا على سكنتكم . والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 18 رقم الحديث: 10898 واللفظ له .

7159- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 30 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه جماعة لم أعرفهم .

7160 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعْتِقُ الرَّجُلُ مِنْ عَبْدِهِ مَا شَاءَ، وَإِنْ شَاءَ ثُلُثًا، وَإِنْ شَاءَ رُبُعًا، وَإِنْ شَاءَ خُمُسًا، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللَّهِ ضُغْطَةٌ

حضرت علقمہ بن عبداللہ مزنی اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی اپنے حصہ کا غلام جتنا چاہے آزاد کر دے اگر چاہے تہائی اگر چاہے چوتھائی اگر چاہے خمس اللہ اور اس کے درمیان کوئی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَبَابٌ

یہ حدیث محمد بن فضالہ سے ابوعبیدہ الحداد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شباب اکیلے ہیں۔

7161 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ عُبَيْدٍ التُّسْتَرِيُّ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ بَعْضَ أَهْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَارَ فِضَّةً، فَضَيَّعَهَا، فَضَمِنَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے بعض گھر والوں نے چاندی عاریۃً مانگی وہ ضائع ہوگئی تو اس کا جرمانہ حضور ﷺ نے دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا سُوَيْدٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث حمید سے سوید روایت کرتے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

7162 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ الْحَارِثِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ

حضرت محمد بن کعب القرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس فرقۂ قدریہ کا ذکر کیا گیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: فرقۂ

7160- اسناده فيه: أ- فضاء بن خالد: مجهول . ب- محمد بن فضاء: ضعيف . تخريجه: البيهقي، وابن عدي، من طريق خليفة بن خياط (شبّاب) بالاسناد المذكور . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه251 .

7161- أخرجه الترمذي: الأحكام جلد3صفحه632 رقم الحديث: 1360 . بلفظ: أن النبي ﷺ استعار قصعة فضاعت فضمنها لهم . وقال: وهذا حديث غير محفوظ .

7162- اسناده فيه: محمد بن الفضل بن عطية: كذبوه . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه208 .

الْقُرَظِيّ قَالَ: ذُكِرَ الْقَدَرُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لُعِنَتِ الْقَدَرِيَّةُ عَلَى لِسَانِ سَبْعِينَ نَبِيًّا، مِنْهُمْ نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، وَجَمَعَ اللّٰهُ النَّاسَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ نَادَى مُنَادٍ يُسْمِعُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، أَيْنَ خُصَمَاءُ اللّٰهِ، فَيَقُومُ الْقَدَرِيَّةُ

قدریہ پر ستر انبیاء نے لعنت کی ہے' ان میں سے ہمارے نبی جناب محمد ﷺ بھی ہیں' جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عزوجل تمام لوگوں کو ایک جگہ جمع کرے گا' ایک آواز دینے والا آواز دے گا' اس آواز کو اوّلین و آخرین سنیں گے کہ کہاں ہیں اللہ سے جھگڑنے والے؟ تو قدریہ اُٹھیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث کرز بن وبرہ سے محمد بن فضل بن عطیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار اکیلے ہیں۔

7163 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ أَبِي الْمُغِيرَةِ الْأَعْشَى، حَدَّثَتْنِي حُكَيْمَةُ بِنْتُ غَيْلَانَ، عَنْ زَوْجِهَا يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ: زَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً، إِمَّا مَاشِطَةً، وَإِمَّا عَطَّارَةً فَرَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مُتَخَلِّقٌ، فَقَالَ: أَلَا تَغْسِلُ هَذَا النَّتْنَ عَنْكَ؟، أَوْ أَلَا تَغْسِلُ هَذَا الرِّجْزَ عَنْكَ؟، فَأَتَيْتُ نَهْرًا، فَاغْتَسَلْتُ حَتَّى اصْفَرَّ الْمَاءُ، ثُمَّ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ أَثَرُهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاغْسِلْهُ، فَذَهَبْتُ فَغَسَلْتُهُ، فَلَمْ يَذْهَبْ حَتَّى غَسَلْتُهُ بِالتُّرَابِ

حضرت حکیمہ بنت غیلان اپنے شوہر یعلیٰ بن امیہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے میری شادی کی' کسی عورت سے ماشط یا عطارہ سے' مجھے حضور ﷺ نے دیکھا' میں نے خلوق لگایا تھا' آپ نے فرمایا: اس بدبو کو دھوؤ یا یہ بدبو دور کرو۔ میں ایک نہر پر آیا' اس کو دھویا یہاں تک کہ پانی زرد ہوگیا' پھر میں حضور ﷺ کے پاس آیا' اس کے نشانات تھے' آپ نے فرمایا: جاؤ! اس کو دھوؤ! میں گیا پھر میں نے اس کو دھویا' اس کے نشانات ختم نہیں ہوئے تو میں نے اس کو مٹی سے رگڑا۔

7163- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **158** وقال: رواه الطبراني في الأوسط، وفيه حكيمة بنت غيلان، ولم أعرفها، وبقية رجاله رجال الصحيح .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا غَيْلَانُ وَلَا عَنْ غَيْلَانَ إِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث عثمان بن مغیرہ سے غیلان روایت کرتے ہیں اور غیلان سے یعلیٰ بن حارث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے یحییٰ اکیلے ہیں۔

7164 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ النَّخَعِيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ النَّخَعِيُّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَذَابُ أُمَّتِي فِي دُنْيَاهَا

حضرت عبداللہ بن یزید خطمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کو عذاب دنیا میں ہی دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ إِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

یہ حدیث حسن بن حکم سے یحییٰ بن زکریا بن ابراہیم بن سوید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن ابوشیبہ اکیلے ہیں۔

7165 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ أَبِي بُكَيْرٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ وَاصِلٍ، حَدَّثَنِي الْأَسْوَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هِضَّانَ بْنِ كَاهِلٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا قَعَدَ يَتِيمٌ مَعَ قَوْمٍ عَلَى قَصْعَتِهِمْ، فَيَقْرَبُ قَصْعَتَهُمْ شَيْطَانٌ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کھانے پر یتیم کو نہ بٹھایا جائے اس میں شیطان شریک ہوتا ہے یعنی اگر وہاں موجود ہو کوئی یتیم مسکین تو پھر اس کو کھانا نہ دیا جائے تو یہ وعید ہے ورنہ یہ وعید میں شامل نہیں ہے یا اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ ترغیب دلانے کے لیے ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔

7164- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحيم الديباجي: لم أجده . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير، وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه227 .

7165- اسناده فيه: الحسن بن واصل هو الحسن بن دينار أبو سعيد التميمي، تركه يحيٰى، وعبد الرحمٰن، وقال أبو داؤد: وما هو عندي من أهل الكذب، ولكن لم يكن بالحافظ . (اللسان جلد 2صفحه203، والمغني للذهبي جلد 1 صفحه159) . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه163 .

الْاَسْنَادَ تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

اس کو روایت کرنے میں یزید بن ہارون اکیلے ہیں۔

7166 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ، نَا مَرْوَانُ بْنُ الطَّيِّبِ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ نَهْشَلِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهُ مِمَّا يَنْفِي الْفَقْرَ، وَهُوَ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا محتاجی دور کرتا ہے' یہ تمام رسولوں کی سنت ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدالرحمٰن بن مغفل اکیلے ہیں۔

7167 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ اَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ، ثَنَا جَرِيرُ بْنُ اَيُّوبَ الْبَجَلِيُّ، ثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ) (ابراهيم: 48) قَالَ: اَرْضٌ بَيْضَاءُ كَاَنَّهَا فِضَّةٌ، لَمْ يُسْفَكْ فِيهَا دَمٌ حَرَامٌ، وَلَمْ يُعْمَلْ فِيهَا خَطِيئَةٌ

